باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ

صفحات 8

جلد نمبر 34 | بروز منگل 7 مئی 2024ء/ 28 شوال 1445ھ/ قیمت 12 روپے | شمارہ نمبر 127

WWW.Dailysahafatquetta.com

مخصوص نشستوں کے بارے فیصلہ، حکومت کا تحفظات کا اظہار

یہ آئین کی تشریح کا معاملہ ہے، مناسب ہوتا لارجر بنچ کوئی حکم نامہ جاری کرتا، پارلیمان کی قانون سازی کے اختیار کے معاملے میں امتناع کے حکم سے احتراز برتا جانا چاہیے تھا، حتمی فیصلے میں پشاور ہائیکورٹ کا فیصلہ برقرار رہے گا، وزیر قانون

سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجرز ایکٹ کے تحت 5 رکنی لارجر بینچ کا معاملے کی سماعت کرنا موزوں ہوتا اور بہت مناسب ہوتا، منتخب رکن کے قانون سازی کے اختیار پر زد پڑتی ہو تو زیادہ احتیاط برتی جاتی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے سنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستوں کے حوالے سے سپریم کورٹ کے عبوری حکم پر تحفظات کا اظہار کر دیا۔ سپریم کورٹ کی جانب سے سنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستیں دوسری جماعتوں کے دینے کے عبوری حکم اور پشاور ہائیکورٹ کے فیصلے کو کالعدم قرار دینے پر وزیر قانون نے کہا کہ یہ آئین کی تشریح کا معاملہ ہے، مناسب ہوتا لارجر بنچ کوئی حکم نامہ جاری کرتا۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمان کی قانون سازی کے اختیار کے معا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد ہائی کورٹ، پرویز الٰہی کا گھر سب جیل قرار، جیل سے منتقل کرنے کا حکم

اسلام آباد (یو این پی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی کو ہسپتال (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 4)

پیپلز پارٹی وفاقی کابینہ کا حصہ نہیں بن رہی، گورنر فیصل کریم کنڈی

پشاور (یو این پی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے پیپلز پارٹی کے وفاقی کابینہ کا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 3)

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اعتماد کا رشتہ ہے، جام کمال خان

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 2)

دوسری جماعتوں کو کس قانون کے تحت نشستیں دی گئیں؟ ہم الیکشن کمیشن اور ہائیکورٹ کا فیصلہ معطل کرتے ہیں، فیصلوں کی معطلی صرف اضافی نشستیں دینے کی حد تک ہوگی

اگر کسی سیاسی جماعت کے پاس انتخابی نشان نہیں ہے تو کیا اس کے امیدوار نمائندگی کے حق سے محروم ہو جائیں گے؟ جسٹس منصور علی شاہ کے ریمارکس

سنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستیں دیگر جماعتوں کو دینے کا فیصلہ معطل

آزاد اراکین کو کتنے دنوں میں کسی جماعت میں شمولیت اختیار کرنا ہوتی ہے؟ قانون میں یہ کہاں لکھا ہے کہ انتخابی نشان نہ ملنے پر وہ سیاسی جماعت الیکشن نہیں لڑ سکتی؟ جسٹس اطہر من اللہ، الیکشن کمیشن حکام ریکارڈ لے کر فوری آئیں، جسٹس منصور علی شاہ

سیاسی جماعتوں کے درمیان مخصوص نشستوں کی تقسیم کس فارمولے کے تحت ہوتی ہے، سیاسی جماعت کیا اپنی جیتی ہوئی سیٹوں کے مطابق مخصوص نشستیں لے گی یا زیادہ بھی لے سکتی ہے؟ جسٹس اطہر من اللہ کے دوران ریمارکس

اسلام آباد (یو این پی) سپریم کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے حمایت یافتہ اراکین پر مشتمل جماعت سنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستیں دیگر جماعتوں کو دینے کا فیصلہ معطل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ میں مخصوص نشستوں کے حصول کیلئے دائر سنی اتحاد کونسل کی اپیلوں پر سماعت جاری ہے جہاں سپریم کورٹ کا تین رکنی بینچ اپیلوں پر سماعت کر رہا ہے، بینچ کی سربراہ جسٹس منصور علی شاہ کر رہے ہیں جب کہ جسٹس اطہر من اللہ اور جسٹس محمد علی مظہر بھی بینچ کا حصہ ہیں، سماعت کا آغاز ہوا تو جانب سے بنچ پر اعتراض (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 5) مخصوص نشستوں پر نامزد خواتین ارکان اسمبلی کی



کوئٹہ، صدر مملکت آصف علی زرداری کا کوئٹہ ایئرپورٹ پہنچنے پر گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل استقبال کر رہے ہیں

صدر کے دورہ بلوچستان کے مثبت اثرات مرتب ہونگے، غزالہ گولہ

صدر زرداری کو بحیثیت صدر مملکت پاکستان بلوچستان کے پہلے سرکاری دورے پر خوش آمدید کہتی ہیں

صدر مملکت آصف علی زرداری صوبے کے مسائل کے حل کے حوالے سے اپنا مثبت کردار ادا کریں گے

کوئٹہ (یو این پی) ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی و پیپلز پارٹی خواتین ونگ کی صدر غزالہ گولہ، جنرل سیکرٹری زرینہ زہری نے صدر مملکت آصف علی زرداری کے دورہ کوئٹہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ صدر آصف علی کے دورہ بلوچستان کے صوبے کی سیاسی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 7)

شیخ جعفر مندوخیل نے 24 ویں گورنر بلوچستان کا حلف اٹھا لیا

نئے گورنر کی تقریب حلف برداری میں وزیر اعلیٰ بلوچستان، سابق گورنر، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی، صوبائی وزراء اور قبائلی عمائدین نے شرکت کی

گوادر میں باڑ سکیورٹی مقاصد کیلئے لگائی جا رہی ہے تو اچھی بات ہے، وفاق اور صوبے کے درمیان پل کا کردار ادا کروں گا، جعفر مندوخیل کا صحافیوں سے گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) گورنر ہاؤس بلوچستان میں نئے گورنر جعفر مندوخیل کی حلف برداری کی تقریب میں چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ نے نئے گورنر سے حلف ان کے عہدے کا حلف لیا۔ نئے گورنر کی تقریب حلف برداری میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سابق گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان اور ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ، صوبائی وزراء اور قبائلی عمائدین نے شرکت (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 37)

سپریم کورٹ کا فیصلہ، حکمران اتحاد قومی اسمبلی میں دو تہائی اکثریت سے محروم

پارلیمنٹ میں ججوں اور چیف جسٹس کی تقرری کے حوالے سے آئینی ترمیم کیلئے بل قومی اسمبلی میں زیر التواء ہے

اسلام آباد (یو این پی) مخصوص نشستوں کے حوالے سے سپریم کورٹ کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 6)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ مواصلات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان نے 11 اراکین اسمبلی کو پارلیمانی سیکرٹریز مقرر کر دیا

پارلیمانی سیکرٹریز میں (ن) لیگ کے 3، پیپلز پارٹی کے 7 جماعت اسلامی کا ایک رکن مقرر کیا گیا، تمام پارلیمانی سیکرٹریز کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا

سردار مسعود خان لونی جنگلات و جنگلی حیات، برکت بلوچ فشریز، مینا مجید بلوچ بین الصوبائی رابطہ، لیاقت لہڑی، ایس اینڈ جی اے کے پارلیمانی سیکرٹری مقرر

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان نے 11 اراکین اسمبلی کو پارلیمانی سیکرٹریز مقرر کر دیے نوٹیفکیشن کے مطابق سردار مسعود خان لونی جنگلات و جنگلی حیات، برکت بلوچ فشریز، اسفند یار کاکڑ اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ، مینا مجید بلوچ بین الصوبائی رابطہ، لیاقت لہڑی، ایس اینڈ جی اے ڈی، منجے کمار اقلیتی امور، عبید اللہ پراسیکیوشن، صمد گورگیج قانون و پارلیمانی امور، مجید بادینی ٹرانسپورٹ، اصغر رند (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 8)

صدر مملکت آصف علی زرداری کا وزیر اعلیٰ بلوچستان و دیگر سے ملاقات

کوئٹہ (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزرا میر صادق عمرانی، علی مدد جتک، میر ظہور بلیدی، سردا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 38)

پی آئی اے کی آمدنی اچانک بڑھ گئی، 99 کروڑ روپے زیادہ کما لیے

سروس میں بہتری آنے کے باعث پھر سے مسافروں کا قومی ایئرلائن پر اعتماد بحال ہونا شروع ہو گیا

کراچی (یو این اے) قومی ایئرلائن (پی آئی اے) کی آمدنی اچانک بڑھ گئی، کمپنی نے اپنی معمول کی آمدن سے 99 کروڑ روپے زیادہ کما لیے۔ یو این اے کے مطابق سروس میں بہتری کے باعث پی آئی اے کے کراچی بکنگ آفس کی آمدنی میں اچانک (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 36)

سائفر کیس، عمران خان، شاہ محمود کی سزا کیخلاف اپیلوں پر سماعت 8 ملتوی

اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے اپیلوں پر سماعت کی

اسلام آباد (یو این پی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں سابق وزیر اعظم عمران خان اور سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کے خلاف سائفر کیس پر سماعت 8 مئی تک ملتوی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے اپیلوں پر سماعت کی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 10)

پرانے بجلی کی اوور بلنگ پر 3 سال کی سزا کا بل منظور کر لیا

اسلام آباد (یو این اے) نیپرا نے بجلی کی اوور بلنگ پر 3 سال کی سزا کا بل منظور کر لیا نیشنل ہل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے اوور بلنگ پر 3 سال کی سزا کا بل منظو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد، سعودی نائب وزیر برائے سرمایہ کاری ابراہیم بن یوسف المبارک سعودی عرب پاکستان انوسٹمنٹ فورم سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان میں مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری میں دلچسپی رکھتے ہیں، سعودی وزیر سرمایہ کاری

بڑی تعداد میں پاکستانی سعودی عرب کی ترقی میں کردار ادا کر رہے ہیں اور سعودی عرب پاکستان کو سرمایہ کاری کیلئے انتہائی موزوں ملک سمجھتا ہے، سعودی عرب پاکستان کو معاشی طور پر مضبوط دیکھنا چاہتا ہے، کانفرنس سے خطاب

سعودی حکومت اور کمپنیاں سرمایہ کاری کیلئے پاکستان کو ترجیح دے رہی ہیں، ہماری کوشش ہے دونوں ممالک کی تجارت ایک دوسرے سے منسلک ہو، یہ دورہ دونوں ممالک کی درمیان تجارتی تعلقات کو وسعت دینے کا موقع فراہم کریگا

اسلام آباد (یو این پی) سعودی عرب کے نائب وزیر برائے سرمایہ کاری ابراہیم بن یوسف المبارک نے کہا ہے کہ پاکستان میں مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری میں دلچسپی رکھتے ہیں، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان نجی و سرکاری شعبے میں شراکت دار کو بلندیوں تک لے جانا چاہتے ہیں۔ اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بڑی تعداد میں پاکستانی سعودی عرب کی ترقی میں کردار ادا کر رہے ہیں اور سعودی عرب پاکستان کو سرمایہ کاری کیلئے انتہائی موزوں ملک سمجھتا ہے، سعودی عرب پاکستان کو معاشی طور پر مضبوط دیکھنا چاہتا ہے، سعودی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 11)



اسلام آباد، وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بہترین معاشی پالیسیوں کی وجہ سے ملک میں استحکام آیا، محمد اورنگزیب

پاکستان اب عملدرآمد کی پالیسی پر عمل پیرا ہے، ہمیں اس مقصد کیلئے اپنے ٹیکس بیس کو وسیع کرنا پڑے گا، اپنی مشکل توانائی کے مسئلوں کو حل کرنا پڑے گا

ہمیں اپنی مشکل توانائی کے مسئلوں کو حل کرنا پڑے گا، یہ ریفارم ایجنڈا کا دوسرا اہم حصہ ہے اور تیسرا سرکاری اداروں میں اصلاحات ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ بہترین معاشی پالیسیوں کی وجہ سے ملک میں استحکام آیا ہے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 35)

صدر ایشیائی ترقیاتی بینک کا پاکستان کے اصلاحاتی ایجنڈے کی حمایت کا اعلان

ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر کی وفاقی وزیر احد چیمہ سے ملاقات، پاکستان میں معاشی استحکام کیلئے سخت اقدامات کی تعریف

اسلام آباد (یو این پی) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کے صدر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 12)

سکردو اور گلگت کو ملانے والی مین شاہراہ پر لینڈ سلائیڈنگ، وفاقی وزیر مواصلات کا دورہ

اسلام آباد (بیورو چیف) وفاقی وزیر برائے مواصلات، نجکار (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد، وزیر مملکت برائے آئی ٹی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن شیزہ فاطمہ خواجہ منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مخصوص نشستوں کا کیس، سپریم کورٹ نے لارجر بنچ کیلئے معاملہ جج کمیٹی کو بھیج دیا

مخصوص نشستوں کے کیس پر لارجر بنچ سے متعلق اٹارنی جنرل کی درخواست جج کی 3 رکنی کمیٹی کو بھیج رہے ہیں، عدالتی ریمارکس

اسلام آباد (یو این پی) سپریم کورٹ نے مخصوص نشستوں کے کیس میں لارجر بنچ کی تشکیل کیلئے معاملہ جج کمیٹی کو بھیج دیا۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ میں مخصوص (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 34)

لورالائی، بغیر لائسنس پسٹل برآمد ہونے پر ملزم گرفتار

لورالائی (نامہ نگار) سی آئی اے لورالائی انچارج سب انسپکٹر عبدالرازق کی سربراہی میں اے ایس آئی محمد خان اور سی آئی اے کی دیگر ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 31)

اپوزیشن لیڈر عمر ایوب سے امریکی سفیر کی ملاقات، سیاسی صورت حال پر تبادلہ خیال

دونوں شخصیات کی ملاقات کے موقع پر چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان، پارٹی رہنما اسد قیصر اور رؤف حسن بھی موجود تھے

اسلام آباد (یو این پی) ملک کے ایوان زیریں قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے جنرل سیکریٹری عمر ایوب سے پاکستان میں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 33)

سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کا رواں ماہ دورہ پاکستان کا امکان

اسلام آباد (یو این اے) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کا رواں ماہ دورہ پاکستان کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اپنے وفد کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 30)

مریم نواز کا پاکستان آنے والے سعودی تجارتی وفد کا خیر مقدم

لاہور (یو این پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پاکستان آنے والے سعودی تجارتی وفد کا خیر مقدم کیا ہے، وزیر اعلیٰ مریم نواز نے پاک سعودی انوسٹمنٹ کانفرنس کی کامیابی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 32)

وزیر دفاع خواجہ آصف سے پاکستان میں فرانسیسی سفیر کی ملاقات

پاک فرانس دوطرفہ تعلقات باہمی احترام کے اصولوں پر مبنی ہیں، پاکستان خطے میں استحکام اور امن کیلئے پُرعزم ہے

اسلام آباد (یو این پی) وزیر دفاع و دفاعی پیداوار خواجہ محمد آصف سے پاکستان میں فرانس کے سفیر نکولس گیلے نے ملاقات کی۔ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا کہ پا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 17)

گوادر میں باڑ لگانے سے متعلق بلوچستان ہائیکورٹ میں آئینی درخواست دائر

درخواست میں حکومت بلوچستان، چیف سیکرٹری، اے سی ایس ڈویلپمنٹ، جی ڈی اے، کمشنر مکران ڈویژن، ڈی سی گوادر کو فریق بنایا گیا

گوادر میں باڑ لگانے سے لوگوں کے بنیادی حقوق متاثر ہو رہے ہیں باڑ لگانے سے وہاں کے رہائشیوں کی احساس محرومی میں اضافہ ہوگا، ساجد ترین

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے قائمقام مرکزی صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ نے گوادر میں باڑ لگانے سے متعلق بلوچستان ہائیکورٹ میں آئینی درخواست دائر کر دی درخواست میں حکومت بلوچستان، چیف سیکرٹری، اے سی ایس ڈویلپمنٹ، جی ڈی اے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 29)

گورنر کی حلف برداری اتنی ضروری نہیں کہ اپنا وقت ضائع کرتا، علی امین گنڈاپور

پشاور (یو این پی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد کی انتظامیہ نے نان اور روٹی کی قیمتوں میں کمی کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا

اسلام آباد (یو این پی)) مسلم لیگ نون کے قائد نواز شریف کی ہدایت پر روٹی کی قیمت 16 روپے کرنے کا فیصلہ واپس (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 27)

کوئٹہ، وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو وزیر داخلہ آفس میں عوامی مسائل سن رہے ہیں

چیف جسٹس پاکستان فیض آباد دھرنا کمیشن کی رپورٹ پر برہم

دھرنا فیصلے پر عملدرآمد ہو جاتا تو 9 مئی کے واقعات نہ ہوتے ہم جنرل فیض کو نوٹس کر دیتے ہیں کہ اس کو مانتے ہیں یا نہیں، چیف جسٹس آف پاکستان

کمیشن نے کوئی فائنڈنگ نہیں دی، ہمارا وقت کیوں ضائع کر رہے ہیں کمیشن کوئی فائنڈنگ تو دے ہی نہیں رہا، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ

اسلام آباد (یو این اے) فیض آباد دھرنا نظر ثانی کیس کی سپریم کورٹ آف پاکستان میں سماعت کے دوران چیف جسٹس پا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 14)

اے ڈی بی، 100 ارب ڈالر کے اضافی فنڈز کے اجرا کا خیر مقدم

موسمیاتی تبدیلی کے اثرات پاکستان کے معاشی چیلنجز مزید پیچیدہ بنا رہے ہیں، احد چیمہ

کراچی (یو این پی) پاکستان نے ایشیائی ترقیاتی بینک کے ترقی پذیر رکن ملکوں کیلئے 100 ارب ڈالر کے اضافی فنڈز مختص کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے جب کہ یہ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 26)

موٹروے ایم نائن پر ٹرالر اور وین میں تصادم، 6 افراد جاں بحق

جامشورو (یو این پی) موٹروے ایم نائن پر جامشورو لوئی کوٹ کے قریب ٹرالر اور وین میں تصادم کے نتیجے میں 6 افراد جاں بحق ہو گئے۔ لوئی کوٹ کے مقام پر رات درمیا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 15)

وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور کی بنی گالا آمد، بشریٰ بی بی سے ملاقات

ملاقات کے دوران بشریٰ بی بی پر عائد مختلف مقدمات پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (یو این پی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کی بنی گالا آمد، بشریٰ بی بی سے ملاقات کی۔ تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور نے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 25)

لکی مروت، تھانہ پیزو پر رات گئے حملہ ناکام، جوابی کارروائی میں دہشتگرد فرار

لکی مروت (یو این اے) لکی مروت میں پولیس نے تھانے پر دہشتگردوں کے حملے کی کوشش ناکام بنا دی۔ خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت میں پولیس نے بروقت کارروائی کر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 16)

نواز شریف کو دوبارہ ن لیگ کا صدر بنانے کی تیاریاں مکمل

لاہور (یو این پی) سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف کو دوبارہ مسلم لیگ ن کا صدر بنانے کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ ماڈل ٹاؤن میں نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 24)

پی ٹی آئی کا شیخ وقاص اکرم کو چیئرمین پی اے سی بنانے کا فیصلہ

اس سے قبل عمران خان شیر افضل مروت اور حامد رضا کو بھی چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نامزد کر چکے ہیں

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف نے شیخ وقاص اکرم کو چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) بنانے کا فیصلہ کر لیا۔ پی ٹی آئی رہنما افضل مروت اور سربراہ سنی ا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 18)

شیر افضل کی جگہ وقاص اکرم چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کیلئے نامزد

یہ میرے خلاف پی ٹی آئی اسٹیبلشمنٹ کی سازش ہے، شیر افضل مروت

اسلام آباد (یو این پی) قومی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) کے چیئرمین کا تنازع شدت اختیار کر گیا ہے اور اس نے پاکستان تحریک انصاف کی سیاسی کمیٹی کی جا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 19)

نان فائلرز کی سیمیں بلاک کرنے کے معاملے پر ایف بی آر کا ٹیلی کام آپریٹرز کو طلب کرنے کا فیصلہ

پی ٹی اے موبائل فونز کے سم کارڈ بلاک یا کھول نہیں سکتا، یہ کام ٹیلی کام آپریٹرز کریں گے، ذرائع

لاہور (یو این پی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے نان فائلرز کی سیمیں بلاک کرنے کے معاملے پر تمام ٹیلی کام آپریٹرز کو ہیڈ کوارٹرز بلانے کا فیصلہ کیا ہے جس میں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 20)

یکسٹینشن کے حامی نہیں، کسی خاص شخص کیلئے قانون سازی نہیں ہونی چاہیے، بیرسٹر گوہر

سپریم کورٹ نے فیصلہ کیا کہ 78 ممبران کسی کو ووٹ دینے کے قابل نہیں، آئندہ یہ ممبران ووٹ نہیں دے سکتے، اب ان کے پاس ووٹ کا کوئی حق نہیں

کسی بھی سیاسی جماعت کو اس کی جیتی نشستوں سے زائد نشستیں نہیں مل سکتیں، ہمارا موقف یہی تھا کہ سپریم کورٹ کو فیصلہ کرنے دیں، ہمیں عدلیہ پر اعتماد ہے

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ حکومت اب دو تہائی اکثریت سے محروم ہو گئی ہے۔ سپریم کورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے ہماری 11 اقلیتی اور 67 خواتین کی نوٹل 78 نشستیں دوسری جماعتوں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 23)

عرب ممالک میں عید الاضحیٰ 16 جون کو ہونے کا امکان

اسلام آباد (یو این اے) ماہرین فلکیات نے عرب ممالک میں عید الاضحیٰ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 22)

پختونخوا حکومت کا شتکاروں سے 29 ارب روپے کی گندم خریدنے کیلئے تیار

پشاور (یو این پی) پختونخوا حکومت کاشت کاروں سے 29 ارب روپے مالیت کی گندم خریداری آج سے شروع کرے گی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سعودی عرب اور پاکستان انوسٹمنٹ فورم سے خطاب کر رہے ہیں

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ملے میں امتناع کے حکم سے احتراز برتا جانا چاہیے تھا، حتمی فیصلے میں پشاور ہائیکورٹ کا فیصلہ برقرار رہے گا۔ وزیر قانون نے کہا کہ سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجرز ایکٹ کے تحت 5 رکنی لارجر بینچ کا معاملے کی سماعت کرنا موزوں ہوتا اور بہت مناسب ہوتا کہ اگر لارجر بینچ ہی عبوری حکم نامہ جاری کرتا۔ اعظم نذیر تارڑ کا مزید کہنا تھا کہ منتخب رکن کے قانون سازی کے اختیار پر زد پڑتی ہو تو زیادہ احتیاط برتی جاتی ہے، آرٹیکل 67 واضح ہے کہ رکن کی طرف سے کی گئی قانون سازی قانونی نااہلیت کے باوجود برقرار رہتی ہے۔ انہوں نے ایک اور حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ آرٹیکل 67 کے مطابق رکن کی قانون سازی کی اہلیت پر سوال نہیں اٹھایا جاتا، امید ہے حتمی فیصلے میں پشاور ہائیکورٹ کا فیصلہ برقرار رہے گا

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے درمیان اعتماد کا رشتہ ہے، حکومت بیرونی سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو وفاقی وزرا کے ہمراہ سعودی سرمایہ کاروں کے وفد سے ملاقات کے بعد مشترکہ پریس کانفرنس میں کیا۔ وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ دنیا میں معیشت کو اہمیت حاصل ہے۔ موجودہ دور میں معیشت خارجہ پالیسی کی بنیاد اور قوموں کو استحکام دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اعتماد کا رشتہ ہے۔ حکومت بیرونی سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرے گی جام کمال نے کہا کہ سعودی عرب کے تاجر پاکستان کی معیشت میں گہری دلچسپی لے رہے ہیں کئی سعودی سرمایہ کار نجی حیثیت میں بھی پاکستان پہنچ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی میں تاجر برادری کو کلیدی کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بزنس سیکٹر کو فروغ دینا وزیراعظم کا وژن ہے۔ دنیا میں معیشت کو اہمیت حاصل ہے، موجودہ دور میں معیشت خارجہ پالیسی کی بنیاد اور قوموں کو استحکام دیتی ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اعتماد کا رشتہ ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بیرونی سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سعودی کاروباری وفد کے بعد پاکستانی تاجروں کا وفد بھی سعودی عرب کا دورہ کرے گا وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان کی 125 کمپنیاں سعودی سرمایہ کاروں کے ساتھ مذاکرات کر رہی ہیں، زراعت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی کاروباری افراد کی آمد سے کاروبار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ جام کمال نے کہا کہ 35 سے زائد سعودی کمپنیاں یہاں آئی ہیں اور ان سے مذاکرات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد بزنس سیکٹر کی ترقی اور کاروباری ڈھانچے کو پائیدار بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے محض دو ماہ کی قلیل مدت میں کاروبار کو آسان بنانے کے لئے بہت سی اصلاحات کی ہیں۔ وزیراعظم اپنی ٹیم کے ہمراہ دن رات کام کر رہے ہیں اور پاکستان کی اقتصادی حالت کو بہتر کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حصہ بننے کی خبروں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی میں کوئی بھی فیصلہ سینٹرل الیکٹرل کمیٹی کے فورم پر کیا جاتا ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف جان بوجھ کر فوج کو سیاست میں دھکیل رہی ہے۔ ایک طرف یہ کہتے ہیں کہ اسٹیبلشمنٹ سیاست میں مداخلت کر رہی ہے جبکہ دوسری طرف کہا جاتا ہے کہ ہم بات صرف آرمی چیف اور ڈی جی آئی ایس آئی سے کریں گے۔ فیصل کریم کنڈی نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا یا کابینہ ارکان کی جانب سے حلف برداری کی تقریب میں شرکت نہ کرنے پر مجھے کوئی تکلیف نہیں میں مسائل کے حل کے لیے وزیراعلیٰ ہاؤس سمیت کہیں بھی جا سکتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو بالآخر سیاسی جماعتوں سے ہی بات کرنا پڑتی ہے، ہم مولانا فضل الرحمان سمیت تمام سیاسی جماعتوں سے مذاکرات کریں گے۔ فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ جن سیاسی جماعتوں کو انتخابات کے حوالے سے تحفظات ہیں، وہ تحفظات کے ازالے کے لیے متعلقہ فورم سے رجوع کر سکتے ہیں۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ سراج الحق اور آفتاب شیر پاؤ سمیت مختلف سیاسی شخصیات سے رابطہ کر کے انہیں اعتماد میں لیا ہے، جو مسائل وفاق سے جڑے ہیں انہیں افہام و تفہیم سے حل کیا جائے گا

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حل کرنے یا گھر کو سب جیل قرار دینے کی درخواست منظور کر لی ہے۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے پرویز الٰہی کی اہلیہ قیصرہ الٰہی کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ عدالت نے محفوظ فیصلہ جاری کرتے ہوئے پرویز الٰہی کو 15 روز میں باس اریسٹ کرنے کا حکم دے دیا ہے۔ عدالت نے وزارت داخلہ کو 15 دنوں میں پرویز الٰہی کے باس اریسٹ کا پروسیجر مکمل کرنے کا بھی حکم بھی دے دیا۔ یاد رہے کہ 2 مئی کو اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی کو اڈیالہ جیل سے لاہور منتقل کرنے کے خلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا تھا۔ واضح رہے کہ گزشتہ سماعت پر اسلام آباد ہائی کورٹ نے پمز ہسپتال کے میڈیکل بورڈ کو سابق وزیراعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی کی صحت کا دوبارہ جائزہ لینے کا حکم دے دیا تھا

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ں کیا گیا، جن کے وکیل نے مؤقف اپنایا کہ 'یہ آئین کے آرٹیکل 51 کی تشریح کا مقدمہ ہے، پریکٹس اینڈ پروسیجر قانون کے تحت کیس پانچ رکنی بنچ سن سکتا ہے'، اسی طرح وفاقی حکومت کی جانب سے بھی تین رکنی بنچ پر اعتراض کیا گیا تاہم عدالت نے بنچ پر اعتراض مسترد کر دیا۔ جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے کہ 'ابھی تو ابتدائی سماعت ہے، اگر اپیلیں قابل سماعت قرار پائیں تو کوئی بھی بنچ سن لے گا، اس بنچ پر تو دو رکنی بنچ بھی سماعت کر سکتا ہے'، اس کے بعد سنی اتحاد کونسل کے وکیل فیصل صدیقی نے دلائل کا آغاز کیا اور مؤقف اختیار کیا کہ 'پی ٹی آئی کے آزاد جیتے ہوئے اراکین اسمبلی نے سنی اتحاد کونسل میں شمولیت اختیار کی'، جسٹس منصور علی شاہ نے استفسار کیا کہ 'سات امیدوار تاحال آزاد حیثیت میں قومی اسمبلی کا حصہ ہیں؟'، جسٹس اطہر من اللہ نے پوچھا کہ 'کیا پی ٹی آئی ایک رجسٹرڈ سیاسی جماعت ہے؟' اس پر فیصل صدیقی نے جواب دیا کہ 'پی ٹی آئی ایک رجسٹرڈ سیاسی جماعت ہے'۔ جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس میں کہا کہ 'رجسٹرڈ سیاسی جماعت ہے صرف الیکشن میں حصہ نہیں لیا'، جسٹس محمد علی مظہر نے استفسار کیا کہ 'آزاد اراکین کو کتنے دنوں میں کسی جماعت میں شمولیت اختیار کرنا ہوتی ہے؟'، فیصل صدیقی نے بتایا کہ 'آزاد اراکین قومی اسمبلی کو تین روز میں کسی سیاسی جماعت میں شمولیت اختیار کرنا ہوتی ہے'، جسٹس اطہر من اللہ نے سوال کیا کہ 'اگر کسی سیاسی جماعت کے پاس انتخابی نشان نہیں ہے تو کیا اس کے امیدوار نمائندگی کے حق سے محروم ہو جائیں گے؟'، وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ 'کوئی سیاسی جماعت انتخابات میں حصہ لے کر پارلیمانی جماعت بن سکتی ہے، دوسری صورت یہ ہے کہ کوئی سیاسی جماعت انتخابات میں حصہ نہ لے اور آزاد جیتے ہوئے اراکین اس جماعت میں شمولیت اختیار کر لیں'، جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے کہ 'سیاسی جماعتوں کے درمیان مخصوص نشستوں کی تقسیم کس فارمولے کے تحت ہوتی ہے، سیاسی جماعت کیا اپنی جیتی ہوئی سیٹوں کے مطابق مخصوص نشستیں لے گی یا زیادہ بھی لے سکتی ہے؟'، اس پر فیصل صدیقی نے بتایا کہ 'کوئی سیاسی جماعت اپنے تناسب سے زیادہ کسی صورت مخصوص نشستیں نہیں لے سکتی'، جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیے کہ 'سیاسی جماعت کو اتنی ہی مخصوص نشستیں مل سکتی جتنی جیتی ہوئی نشستوں کے تناسب سے ان کی بنتی ہیں'، جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ 'قانون میں کہاں لکھا ہے کہ بچی ہوئی نشستیں دوبارہ انہی سیاسی جماعتوں میں تقسیم کی جائے گی'، ہمیں پبلک مینڈیٹ کی حفاظت کرنی ہے، اصل مسئلہ پبلک مینڈیٹ کا ہے'، جسٹس اطہر من اللہ نے دریافت کیا کہ 'قانون میں یہ کہاں لکھا ہے کہ انتخابی نشان نہ ملنے پر وہ سیاسی جماعت الیکشن نہیں لڑ سکتی؟'، اس پر وکیل پی ٹی آئی سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ 'جی یہی سوال لے کر الیکشن سے قبل میں عدالت گیا تھا'۔ اس موقع پر مخصوص نشستوں کے کیس میں سپریم کورٹ نے الیکشن کمیشن حکام کو طلب کیا، جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے کہ 'الیکشن کمیشن حکام ریکارڈ لے کر فوری آئیں، الیکشن کمیشن سے کچھ سوالات کرنے ہیں، دوسری جماعتوں کو کس قانون کے تحت نشستیں دی گئیں؟ ہم الیکشن کمیشن اور ہائیکورٹ کا فیصلہ معطل کرتے ہیں، فیصلوں کی معطلی صرف اضافی نشستیں دینے کی حد تک ہوگی، کیس کی تاریخ مقرر کر کے روزانہ کی بنیاد پر سماعت کریں گے'۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فیصلے کے سے اتحادی حکومت کو آئینی ترامیم میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا کیونکہ اعلیٰ عالت کے فیصلے سے مسلم لیگ نون اور دیگر اتحادی جماعتوں کی حکومت کے پاس قومی اسمبلی میں دو تہائی اکثریت معطل ہو گئی ہے۔ پارلیمنٹ میں ججوں اور چیف جسٹس کی تقرری کے حوالے سے آئینی ترمیم کے لیے بل قومی اسمبلی میں زیر التوا ہے تاہم سپریم کورٹ کی جانب سے الیکشن کمیشن اور پشاور ہائی کورٹ کا فیصلہ معطل کیے جانے اور اعلیٰ عدالت کے حکم کے بعد مسلم لیگ نون، پیپلز پارٹی اور دیگر اتحادی جماعتوں کو دی گئی اضافی مخصوص نشستوں کے اراکین کسی بھی قانون سازی میں حصہ نہیں لے سکیں گے آئینی ماہرین کے مطابق حکومت اب صرف سادہ اکثریت سے معمول کی قانون سازی ہی کر سکے گی حکومت کے لیے اب کوئی آئینی ترمیم کرنا ممکن نہیں رہا کیونکہ آئینی ترمیم ایوان میں دو تہائی اکثریت کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ نے تحریک انصاف کی مخصوص نشستوں سے متعلق الیکشن کمیشن اور پشاور ہائیکورٹ کے فیصلے معطل کرتے ہوئے سنی اتحاد کونسل کی درخواست سماعت کیلئے منظور کر لی ہے پشاور ہائیکورٹ کے پانچ رکنی لارجر بینچ نے 14 مارچ کو دیے گئے فیصلے میں کہا تھا کہ الیکشن کمیشن کا مخصوص نشستوں کی تقسیم کا فیصلہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 51 کے مطابق ہے۔ فیصلے میں کہا گیا تھا کہ انتخابات میں شرکت کرنے والی سیاسی جماعت مخصوص نشستوں پر حق رکھتی ہے لیکن ان عام انتخابات میں اگر وہ جماعت ایک بھی نشست حاصل نہ کر پائے تو وہ مخصوص نشستوں کی اہل نہیں عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا تھا کہ یہ دلیل کہ مخصوص نشستیں ایوان میں موجود دیگر سیاسی جماعتوں کو نہیں دی جا سکتی غیر آئینی ہے اور الیکشن کمیشن نے مخصوص نشستوں کو آئینی طریقے سے تقسیم کیا پشاور ہائیکورٹ نے درخواست کو خارج کرتے ہوئے کی جانب سے الیکشن کمشن کے سنی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستوں سے متعلق فیصلے کو برقرار رکھا تھا۔ قبل ازیں سنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستوں کے لیے دائر اپیل پر سماعت جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس اطہر من اللہ پر مشتمل تین رکنی بینچ نے کی آج دوران سماعت مخصوص نشستوں پر نامزد خواتین ارکان اسمبلی کی جانب سے بینچ پر اعتراض اٹھایا گیا اور وکیل خواتین اراکین کا کہنا تھا یہ آئین کے آرٹیکل 51 کی تشریح کا مقدمہ ہے، پریکٹس اینڈ پروسیجر قانون کے تحت کیس 5 رکنی بینچ سن سکتا ہے وفاقی حکومت کی جانب سے بھی 3 رکنی بینچ پر اعتراض کیا گیا اور ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمان نے کہا کہ اپیلیں لارجر بینچ ہی سن سکتا ہے۔ بینچ پر اعتراض مسترد کرتے ہوئے جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ ابھی تو ابتدائی سماعت ہے، اگر اپیلیں قابل سماعت قرار پائیں

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اور معاشی صورتحال پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری کے بحیثیت صدر مملکت پاکستان بلوچستان کے پہلے سرکاری دورے پر خوش آمدید کہتی ہیں اور امید کرتی ہیں کہ صدر مملکت آصف علی زرداری صوبے کے مسائل کے حل کے حوالے سے اپنا مثبت کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل آصف علی زرداری جب پہلی بار صدر مملکت بنے تو انہوں نے نہ صرف چھوٹے صوبوں کو خودمختاری دی بلکہ بلوچستان کے بے روزگار نوجوانوں کیلئے آغاز حقوق بلوچستان پیکج کا اعلان کیا جس سے ہزاروں پڑھے لکھے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر آئے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ صدر مملکت آصف علی زرداری دورہ بلوچستان کے دوران صوبے کیلئے اہم اعلانات کریں گے

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

انٹری جبکہ محمد خان لہڑی کو ایکسائز کا پارلیمانی سیکرٹری مقرر کیا ہے 11 پارلیمانی سیکرٹریز میں مسلم لیگ (ن) کے تین، پیپلز پارٹی کے سات جبکہ جماعت اسلامی کے ایک رکن اسمبلی کو پارلیمانی سیکرٹری مقرر کیا گیا ہے

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رکر لیا وزارت توانائی کے مطابق قومی اسمبلی نے ڈسکوز میں اوور بلنگ پر قانون سازی کی منظوری دی وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ نیپرا ایکٹ میں ترمیم سے ایک اور وعدہ پورا کر دکھایا اس شق سے اوور بلنگ اور غلط بلنگ کرنے والے افسران کی پکڑ ہو سکے گی اویس لغاری نے کہا ہے کہ آئندہ ایف آئی اے نہیں نیپرا اوور بلنگ پر کارروائی کرے گا ذرائع نیپرا کے مطابق ایف آئی اے کی بلاوجہ ہراسمنٹ سے بچنے کے لیے رولز تبدیل کیے گئے نیپرا کے ذرائع کا یہ بھی کہنا ہے کہ ایف آئی اے صرف نشاندہی کرے گا، افسران کی گرفتاری کا مجاز نہیں ہوگا

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

، بانی پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کی جانب سے سلمان صفدر و دیگر جبکہ ایف آئی اے پراسیکوشن ٹیم میں حامد علی شاہ، ذوالفقار نقوی و دیگر عدالت میں پیش۔ سماعت کے آغاز پر وکیل سلمان صفدر نے کہا کہ یہ کیس بہت لمبا ہو گیا، استدعا ہے کہ جلد سے جلد ختم کیا جائے، ایف آئی اے پراسیکیوٹر حامد علی شاہ نے بتایا کہ میرا تاخیر کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے کہا کہ ہم آپ کے دلائل کی تعریف کریں گے کیونکہ آپ نے کہا کہ کوئی سیاسی جماعت انتخابات میں حصہ نہ لے تو کیا اس کے امیدوار نمائندگی کے حق سے محروم ہو جائیں گے؟'، وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ 'کوئی سیاسی جماعت انتخابات میں حصہ لے کر پارلیمانی جماعت بن سکتی ہے، دوسری صورت یہ ہے کہ کوئی سیاسی جماعت انتخابات میں حصہ نہ لے اور آزاد جیتے ہوئے اراکین اس جماعت میں شمولیت اختیار کر لیں'، جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے کہ 'سیاسی جماعتوں کے درمیان مخصوص نشستوں کی تقسیم کس فارمولے کے تحت ہوتی ہے، سیاسی جماعت کیا اپنی جیتی ہوئی سیٹوں کے مطابق مخصوص نشستیں لے گی یا زیادہ بھی لے سکتی ہے؟'، اس پر فیصل صدیقی نے بتایا کہ 'کوئی سیاسی جماعت اپنے تناسب سے زیادہ کسی صورت مخصوص نشستیں نہیں لے سکتی'، جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیے کہ 'سیاسی جماعت کو اتنی ہی مخصوص نشستیں مل سکتی جتنی جیتی ہوئی نشستوں کے تناسب سے ان کی بنتی ہیں'، جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ 'قانون میں کہاں لکھا ہے کہ بچی ہوئی نشستیں دوبارہ انہی سیاسی جماعتوں میں تقسیم کی جائے گی'، ہمیں پبلک مینڈیٹ کی حفاظت کرنی ہے، اصل مسئلہ پبلک مینڈیٹ کا ہے'، جسٹس اطہر من اللہ نے دریافت کیا کہ 'قانون میں یہ کہاں لکھا ہے کہ انتخابی نشان نہ ملنے پر وہ سیاسی جماعت الیکشن نہیں لڑ سکتی؟'، اس پر وکیل پی ٹی آئی سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ 'جی یہی سوال لے کر الیکشن سے قبل میں عدالت گیا تھا'۔ اس موقع پر مخصوص نشستوں کے کیس میں سپریم کورٹ نے الیکشن کمیشن حکام کو طلب کیا، جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے کہ 'الیکشن کمیشن حکام ریکارڈ لے کر فوری آئیں، الیکشن کمیشن سے کچھ سوالات کرنے ہیں، دوسری جماعتوں کو کس قانون کے تحت نشستیں دی گئیں؟ ہم الیکشن کمیشن اور ہائیکورٹ کا فیصلہ معطل کرتے ہیں، فیصلوں کی معطلی صرف اضافی نشستیں دینے کی حد تک ہوگی، کیس کی تاریخ مقرر کر کے روزانہ کی بنیاد پر سماعت کریں گے'۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فیصلے کے سے اتحادی حکومت کو آئینی ترامیم میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا کیونکہ اعلیٰ عالت کے فیصلے سے مسلم لیگ نون اور دیگر اتحادی جماعتوں کی حکومت کے پاس قومی اسمبلی میں دو تہائی اکثریت معطل ہو گئی ہے۔ پارلیمنٹ میں ججوں اور چیف جسٹس کی تقرری کے حوالے سے آئینی ترمیم کے لیے بل قومی اسمبلی میں زیر التوا ہے تاہم سپریم کورٹ کی جانب سے الیکشن کمیشن اور پشاور ہائی کورٹ کا فیصلہ معطل کیے جانے اور اعلیٰ عدالت کے حکم کے بعد مسلم لیگ نون، پیپلز پارٹی اور دیگر اتحادی جماعتوں کو دی گئی اضافی مخصوص نشستوں کے اراکین کسی بھی قانون سازی میں حصہ نہیں لے سکیں گے آئینی ماہرین کے مطابق حکومت اب صرف سادہ اکثریت سے معمول کی قانون سازی ہی کر سکے گی حکومت کے لیے اب کوئی آئینی ترمیم کرنا ممکن نہیں رہا کیونکہ آئینی ترمیم ایوان میں دو تہائی اکثریت کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ نے تحریک انصاف کی مخصوص نشستوں سے متعلق الیکشن کمیشن اور پشاور ہائیکورٹ کے فیصلے معطل کرتے ہوئے سنی اتحاد کونسل کی درخواست سماعت کیلئے منظور کر لی ہے پشاور ہائیکورٹ کے پانچ رکنی لارجر بینچ نے 14 مارچ کو دیے گئے فیصلے میں کہا تھا کہ الیکشن کمیشن کا مخصوص نشستوں کی تقسیم کا فیصلہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 51 کے مطابق ہے۔ فیصلے میں کہا گیا تھا کہ انتخابات میں شرکت کرنے والی سیاسی جماعت مخصوص نشستوں پر حق رکھتی ہے لیکن ان عام انتخابات میں اگر وہ جماعت ایک بھی نشست حاصل نہ کر پائے تو وہ مخصوص نشستوں کی اہل نہیں عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا تھا کہ یہ دلیل کہ مخصوص نشستیں ایوان میں موجود دیگر سیاسی جماعتوں کو نہیں دی جا سکتی غیر آئینی ہے اور الیکشن کمیشن نے مخصوص نشستوں کو آئینی طریقے سے تقسیم کیا پشاور ہائیکورٹ نے درخواست کو خارج کرتے ہوئے کی جانب سے الیکشن کمشن کے سنی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستوں سے متعلق فیصلے کو برقرار رکھا تھا۔ قبل ازیں سنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستوں کے لیے دائر اپیل پر سماعت جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس اطہر من اللہ پر مشتمل تین رکنی بینچ نے کی آج دوران سماعت مخصوص نشستوں پر نامزد خواتین ارکان اسمبلی کی جانب سے بینچ پر اعتراض اٹھایا گیا اور وکیل خواتین اراکین کا کہنا تھا یہ آئین کے آرٹیکل 51 کی تشریح کا مقدمہ ہے، پریکٹس اینڈ پروسیجر قانون کے تحت کیس 5 رکنی بینچ سن سکتا ہے وفاقی حکومت کی جانب سے بھی 3 رکنی بینچ پر اعتراض کیا گیا اور ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمان نے کہا کہ اپیلیں لارجر بینچ ہی سن سکتا ہے۔ بینچ پر اعتراض مسترد کرتے ہوئے جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ ابھی تو ابتدائی سماعت ہے، اگر اپیلیں قابل سماعت قرار پائیں

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اور معاشی صورتحال پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری کے بحیثیت صدر مملکت پاکستان بلوچستان کے پہلے سرکاری دورے پر خوش آمدید کہتی ہیں اور امید کرتی ہیں کہ صدر مملکت آصف علی زرداری صوبے کے مسائل کے حل کے حوالے سے اپنا مثبت کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل آصف علی زرداری جب پہلی بار صدر مملکت بنے تو انہوں نے نہ صرف چھوٹے صوبوں کو خودمختاری دی بلکہ بلوچستان کے بے روزگار نوجوانوں کیلئے آغاز حقوق بلوچستان پیکج کا اعلان کیا جس سے ہزاروں پڑھے لکھے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر آئے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ صدر مملکت آصف علی زرداری دورہ بلوچستان کے دوران صوبے کیلئے اہم اعلانات کریں گے

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

انٹری جبکہ محمد خان لہڑی کو ایکسائز کا پارلیمانی سیکرٹری مقرر کیا ہے 11 پارلیمانی سیکرٹریز میں مسلم لیگ (ن) کے تین، پیپلز پارٹی کے سات جبکہ جماعت اسلامی کے ایک رکن اسمبلی کو پارلیمانی سیکرٹری مقرر کیا گیا ہے

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رکر لیا وزارت توانائی کے مطابق قومی اسمبلی نے ڈسکوز میں اوور بلنگ پر قانون سازی کی منظوری دی وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ نیپرا ایکٹ میں ترمیم سے ایک اور وعدہ پورا کر دکھایا اس شق سے اوور بلنگ اور غلط بلنگ کرنے والے افسران کی پکڑ ہو سکے گی اویس لغاری نے کہا ہے کہ آئندہ ایف آئی اے نہیں نیپرا اوور بلنگ پر کارروائی کرے گا ذرائع نیپرا کے مطابق ایف آئی اے کی بلاوجہ ہراسمنٹ سے بچنے کے لیے رولز تبدیل کیے گئے نیپرا کے ذرائع کا یہ بھی کہنا ہے کہ ایف آئی اے صرف نشاندہی کرے گا، افسران کی گرفتاری کا مجاز نہیں ہوگا

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

، بانی پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کی جانب سے سلمان صفدر و دیگر جبکہ ایف آئی اے پراسیکوشن ٹیم میں حامد علی شاہ، ذوالفقار نقوی و دیگر عدالت میں پیش۔ سماعت کے آغاز پر وکیل سلمان صفدر نے کہا کہ یہ کیس بہت لمبا ہو گیا، استدعا ہے کہ جلد سے جلد ختم کیا جائے، ایف آئی اے پراسیکیوٹر حامد علی شاہ نے بتایا کہ میرا تاخیر کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے کہا کہ ہم آپ کے دلائل کی تعریف کریں گے کیونکہ آپ نے کہا کہ کوئی سیاسی جماعت انتخابات میں حصہ نہ لے اور آزاد جیتے ہوئے اراکین اس جماعت میں شمولیت اختیار کر لیں'، جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے کہ 'سیاسی جماعتوں کے درمیان مخصوص نشستوں کی تقسیم کس فارمولے کے تحت ہوتی ہے، سیاسی جماعت کیا اپنی جیتی ہوئی سیٹوں کے مطابق مخصوص نشستیں لے گی یا زیادہ بھی لے سکتی ہے؟'، اس پر فیصل صدیقی نے بتایا کہ 'کوئی سیاسی جماعت اپنے تناسب سے زیادہ کسی صورت مخصوص نشستیں نہیں لے سکتی'، جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیے کہ 'سیاسی جماعت کو اتنی ہی مخصوص نشستیں مل سکتی جتنی جیتی ہوئی نشستوں کے تناسب سے ان کی بنتی ہیں'، جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ 'قانون میں کہاں لکھا ہے کہ بچی ہوئی نشستیں دوبارہ انہی سیاسی جماعتوں میں تقسیم کی جائے گی'، ہمیں پبلک مینڈیٹ کی حفاظت کرنی ہے، اصل مسئلہ پبلک مینڈیٹ کا ہے'، جسٹس اطہر من اللہ نے دریافت کیا کہ 'قانون میں یہ کہاں لکھا ہے کہ انتخابی نشان نہ ملنے پر وہ سیاسی جماعت الیکشن نہیں لڑ سکتی؟'، اس پر وکیل پی ٹی آئی سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ 'جی یہی سوال لے کر الیکشن سے قبل میں عدالت گیا تھا'۔ اس موقع پر مخصوص نشستوں کے کیس میں سپریم کورٹ نے الیکشن کمیشن حکام کو طلب کیا، جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے کہ 'الیکشن کمیشن حکام ریکارڈ لے کر فوری آئیں، الیکشن کمیشن سے کچھ سوالات کرنے ہیں، دوسری جماعتوں کو کس قانون کے تحت نشستیں دی گئیں؟ ہم الیکشن کمیشن اور ہائیکورٹ کا فیصلہ معطل کرتے ہیں، فیصلوں کی معطلی صرف اضافی نشستیں دینے کی حد تک ہوگی، کیس کی تاریخ مقرر کر کے روزانہ کی بنیاد پر سماعت کریں گے'۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فیصلے کے سے اتحادی حکومت کو آئینی ترامیم میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا کیونکہ اعلیٰ عالت کے فیصلے سے مسلم لیگ نون اور دیگر اتحادی جماعتوں کی حکومت کے پاس قومی اسمبلی میں دو تہائی اکثریت معطل ہو گئی ہے۔ پارلیمنٹ میں ججوں اور چیف جسٹس کی تقرری کے حوالے سے آئینی ترمیم کے لیے بل قومی اسمبلی میں زیر التوا ہے تاہم سپریم کورٹ کی جانب سے الیکشن کمیشن اور پشاور ہائی کورٹ کا فیصلہ معطل کیے جانے اور اعلیٰ عدالت کے حکم کے بعد مسلم لیگ نون، پیپلز پارٹی اور دیگر اتحادی جماعتوں کو دی گئی اضافی مخصوص نشستوں کے اراکین کسی بھی قانون سازی میں حصہ نہیں لے سکیں گے آئینی ماہرین کے مطابق حکومت اب صرف سادہ اکثریت سے معمول کی قانون سازی ہی کر سکے گی حکومت کے لیے اب کوئی آئینی ترمیم کرنا ممکن نہیں رہا کیونکہ آئینی ترمیم ایوان میں دو تہائی اکثریت کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ نے تحریک انصاف کی مخصوص نشستوں سے متعلق الیکشن کمیشن اور پشاور ہائیکورٹ کے فیصلے معطل کرتے ہوئے سنی اتحاد کونسل کی درخواست سماعت کیلئے منظور کر لی ہے پشاور ہائیکورٹ کے پانچ رکنی لارجر بینچ نے 14 مارچ کو دیے گئے فیصلے میں کہا تھا کہ الیکشن کمیشن کا مخصوص نشستوں کی تقسیم کا فیصلہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 51 کے مطابق ہے۔ فیصلے میں کہا گیا تھا کہ انتخابات میں شرکت کرنے والی سیاسی جماعت مخصوص نشستوں پر حق رکھتی ہے لیکن ان عام انتخابات میں اگر وہ جماعت ایک بھی نشست حاصل نہ کر پائے تو وہ مخصوص نشستوں کی اہل نہیں عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا تھا کہ یہ دلیل کہ مخصوص نشستیں ایوان میں موجود دیگر سیاسی جماعتوں کو نہیں دی جا سکتی غیر آئینی ہے اور الیکشن کمیشن نے مخصوص نشستوں کو آئینی طریقے سے تقسیم کیا پشاور ہائیکورٹ نے درخواست کو خارج کرتے ہوئے کی جانب سے الیکشن کمشن کے سنی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستوں سے متعلق فیصلے کو برقرار رکھا تھا۔ قبل ازیں سنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستوں کے لیے دائر اپیل پر سماعت جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس اطہر من اللہ پر مشتمل تین رکنی بینچ نے کی آج دوران سماعت مخصوص نشستوں پر نامزد خواتین ارکان اسمبلی کی جانب سے بینچ پر اعتراض اٹھایا گیا اور وکیل خواتین اراکین کا کہنا تھا یہ آئین کے آرٹیکل 51 کی تشریح کا مقدمہ ہے، پریکٹس اینڈ پروسیجر قانون کے تحت کیس 5 رکنی بینچ سن سکتا ہے وفاقی حکومت کی جانب سے بھی 3 رکنی بینچ پر اعتراض کیا گیا اور ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمان نے کہا کہ اپیلیں لارجر بینچ ہی سن سکتا ہے۔ بینچ پر اعتراض مسترد کرتے ہوئے جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ ابھی تو ابتدائی سماعت ہے، اگر اپیلیں قابل سماعت قرار پائیں

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اور معاشی صورتحال پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری کے بحیثیت صدر مملکت پاکستان بلوچستان کے پہلے سرکاری دورے

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار
Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ صحافت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ
صفحات 8

بلوچستان بھر میں تاجر دوست سکیم ناکام ایف بی آر کا خود رجسٹریشن کا فیصلہ

اسکیم میں رجسٹریشن کیلئے ملک بھر میں سروے کیے جائیں گے، خصوصی ٹیمیں متعلقہ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں فیلڈ وزٹ کریں گے، رجسٹریشن کیلئے ملک بھر میں سروے کیے جائیں گے

خصوصی متعلقہ ٹیمیں کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں فیلڈ وزٹ کریں گی، ایف بی آر کی جانب سے رجسٹریشن کی چیکنگ اور موقع پر رجسٹریشن کرنے والی ٹیمیں کی تشکیل دی گئی

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے تاجر دوست سکیم کی ناکامی پر ازخود دکانداروں کی رجسٹریشن کا فیصلہ کرلیا یو این اے کے مطابق ایف بی آر نے تاجر دوست سکیم کے تحت دکانداروں کی جانب سے تعاون نہ کرنے پر ان کی ازخود رجسٹریشن کرنے کا فیصلہ کیا ہے کیوں کہ ملک بھر میں کروڑوں تاجر ایک روپیہ بھی براہ راست ٹیکس ادا نہیں کرتے، تاجروں کی دوست سکیم میں رجسٹریشن کیلئے صوبائی دارالحکومت سمیت بلوچستان بھر میں سروے کیے جائیں گے ایف بی آر کی جانب سے رجسٹریشن کی چیکنگ اور موقع پر رجسٹریشن کرنے والی ٹیمیں کی تشکیل دی گئی ہیں، خصوصی ٹیمیں متعلقہ شہروں میں فیلڈ وزٹ کریں گی۔ بتایا گیا ہے کہ تاجروں کو رجسٹریشن کے ذریعے انتہائی کم ٹیکس جمع کروا کر ملکی معیشت میں حصہ ڈالنے کی پیشکش کی گئی لیکن رجسٹریشن اور ٹیکس نیٹ ورک میں آنے کے خوف کی وجہ سے تاجروں نے تاجر دوست سکیم میں رجسٹریشن سے مکمل (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 1)

کوئٹہ، صوبائی وزراء سردار عبدالرحمان کھیتران اور وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی دوران ملاقات بات چیت کر رہے ہیں

معمولی رنجشوں کی بناء پر نوجوان اپنی زندگیوں سے ہاتھ دھو رہے ہیں

ہر تحصیل سطح پر کمیٹیاں بنا کر معمولی رنجشیں ختم کروانے کیلئے کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے

لورالائی (یو این اے) بلوچستان میں تعلیم کا ریشو کچھ حد تک زیادہ ہونے کے باوجود ابھی بھی قبائلیت کا پرچار جاری ہے آج کے اس جدید دور میں بھی قبائل اور سکھے رشتہ دار اب بھی زن زر زمین کی بنیاد پر معمولی رنجشوں کی بنیاد پر لڑائی جھگڑوں اور قتل غارت کرنے میں مصروف عمل ہیں جو اس صدی میں ایک گھناؤنا مذاق نظر آتا ہے ان مسائل کے حل کے لیے قبائلی مشر (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 4)

جامعہ بلوچستان کے سامنے آج احتجاجی دھرنا دیا جائے گا، جوائنٹ ایکشن کمیٹی

کوئٹہ (یو این اے) جوائنٹ ایکشن کمیٹی جامعہ بلوچستان کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت نذیر احمد بلوری چیئرمین بلوچستان ایڈمنسٹریٹو آفیسرز ایسوسی ایشن ہوا جس میں پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بزنجو، شاہ علی بگٹی، فرید خان (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 3)

مولانا محمد صدیق مینگل کی شہادت قومی سانحہ ہے عبدالصمد ساعد

صوبائی حکومت عوام کو امن وامان دینے میں دینے میں مکمل طور پر فیل ہوچکی ہے

مولانا محمد صدیق مینگل کی کے قاتلوں کو فوری طور پر گرفتار کرکے انہیں قرار واقعی سزا دی جائے

ہرنائی (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام ڈپٹی پریس سیکرٹری وضلعی صدر سیرت النبی فورم انٹرنیشنل مفتی عبدالصمد ساعد نے مولانا محمد صدیق مینگل کی شہادت پر شدید غم وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے ذمہ داروں کو مسلسل ٹارگٹ کیا جا رہا ہے، عوام کی جان و مال محفوظ نہیں ہیں، سیکورٹی کے نام پر سیکورٹی فورسز پر بلوچستان کے عوام کی اربوں روپے ضائع کئے جا رہے ہیں، عوام کی جان و مال کی حفاظت ریاست اور اس کے اداروں کی ذمہ داری ہے جس میں ریاست کے تمام ادارے ناکام ہوگئی ہیں، مفتی عبدالصمد کا مزید کہنا تھا کہ ریاست اپنی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے قاتلوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دیں، جیو آئی کے صوبائی رہنماء نے شہید کے خاندان سے (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 2)

کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے چیف آرگنائزر حاجی اسحاق مینگل سے میر نعمت کرد سابق کونسلر سید نثار شاہ چوہدری عاطف۔ عزیز کاکڑ محمد نسیم تاجک محمد حنیفہ کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

عدالتی کیس کے فرضی بلوں کا فوری نوٹس لے جمعیت کوئٹہ

گیس میٹرز تبدیل کے درخواست دہندگان کو فرضی بلوں کا سلسلہ روکا جائے عدالتی احکامات کی روشنی میں دس فیصد بلز جمع شدہ بلز کے بقایاجات دوبارہ ایڈ کرنا توہین عدالت ہے

کوئٹہ کے مختلف علاقوں کے مکینوں نے میٹر تبدیلی کی درخواستیں دی ہیں مگر میٹرز تبدیل کرنے کی بجائے انہیں فرضی بلز جاری کئے جاری جارہے ہیں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے رہنماؤں نے کہا ہے گیس میٹرز تبدیل کے درخواست دہندگان کو فرضی بلوں کا سلسلہ روکا جائے، عدالتی احکامات کی روشنی میں دس فیصد بلز جمع شدہ بلز کے بقایاجات دوبارہ ایڈ کرنا توہین عدالت ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکریٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم خیشگی شیخ مولانا عبداللہ محمد حسنی مولانا محمد ایوب مولانا محمد اشرف جان حافظ مسعود احمد سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد سیکرٹری مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ سالار حافظ سید سعد اللہ آغا حافظ سراج الدین حافظ شبیر احمد مدنی حاجی ولی محمد بزنجو حاجی ظفر اللہ خان کاکڑ مولانا حافظ سردار محمد نورزئی مولانا جمال الدین حقانی مفتی نیک محمد فاروقی مولانا محمد طاہر توحیدی حاجی صالح محمد مولانا محمد عارف شمشیر مفتی محمد ابوبکر حافظ دوست محمد ملک نصیر احمد ایڈووکیٹ اور دیگر نے مشترکہ بیان میں کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالت عالیہ سے اپیل کرتے ہوئے کہا گیس کے فرضی بلوں کا سلسلہ فوری طور نوٹس لے، میٹر تبدیلی کے درخواست دینے کے باوجود میٹرز تبدیل کرنے کی بجائے فرضی بلوں کا سلسلہ جاری ہے غریب عوام پر رحم کیا جائے۔ نان شبینہ کے محتاج غریب عوام کے ساتھ ظلم پر مبنی سلسلے کو روکا جائے ورنہ غریب عوام خودکشی یا خدانخواستہ انتہائی اقدام پر مجبور ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں کے مکینوں نے میٹر تبدیلی کی درخواستیں دی ہیں مگر میٹرز تبدیل کرنے کی بجائے انہیں فرضی بلز جاری کئے جاری جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 5)

9 مئی کے بوگس ایف آئی آرز کو ختم کیا جائے، رحیم کاکڑ

ہزاروں افراد کو ناجائز ایف آئی آرز میں قید اور کیسوں میں ڈالا گیا ہے

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنماء رحیم کاکڑ، سید اقبال شاہ ایڈووکیٹ، میر وائس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ نے اپنے جاری کردہ بیان میں چیف جسٹس سپریم کورٹ اور دیگر تمام حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ 9 مئی اور نومئی کے بعد تمام بوگس ایف آئی آرز کو ختم کیا جائے بیان میں افسوس کا اظہار کیا ہے کہ ہزاروں افراد جن کو ناجائز ایف آئی آرز میں قید اور کیسوں میں ڈالا گیا ہے جو کہ افسوسناک عمل کے سوا کچھ نہیں ہے بیان میں امید ظاہر کیا گیا ہے کہ ایک سال سے بے گناہ افراد کو ناکردہ گناہوں کی سزا دی جارہی ہے (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 20)

ایکس (ٹوئٹر) کو پورن سائٹ کہنے پر جان اچکزئی پر سوشل میڈیا صارفین کی کڑی تنقید

کوئٹہ (یو این اے) سابق صوبائی وزیر اطلاعات جان اچکزئی نے ایکس (سابقہ ٹوئٹر) کو پورن سائٹ قرار دیتے ہوئے وی پی این کو بھی پاکستان میں بلاک کرنے کا مطالبہ کردیا۔ جان اچکزئی کا کہنا تھا کہ ایکس (ٹوئٹر) پورن سائٹ ہے اس کا بند ہو جانا ہی بہتر ہے۔ اس کو بند کردیں تو پاکستان میں سکون آجائے گا۔ شکر ہے (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 19)

ایرانی پیٹرول کی سندھ، پنجاب اسمگلنگ، بلوچستان میں فی لیٹر نرخ بڑھنے لگے

دیگر صوبوں کو سمگلنگ روکنے سے ایرانی پیٹرول کی گزشتہ ہفتے قیمتیں کم ہورہی تھیں لیکن اب بڑھ رہی ہیں

کوئٹہ (یو این اے) ایرانی پیٹرول کی عارضی پابندی کے بعد پھر سے اسمگلنگ کا سلسلہ شروع ہوگیا، تفصیلات کے مطابق ہفتہ قبل ایرانی تیل پر باہر صوبہ پابندی لگنے سے مقامی سطح پر ایرانی تیل کی قیمتیں ہر روز کم ہورہی تھیں جسکا فائدہ بلوچستان کی عوام کو مل رہا تھا صرف ایک ہفتہ پابندی سے ایرانی پیٹرول کی قیمت 250 سے 160 تک پہنچ گئی تھی۔ لیکن اب برستہ دگھو سندھ کیلئے روزانہ سینکڑوں گاڑیاں قافلے کی صورت میں سندھ اور پنجاب کیلئے ایرانی تیل کی اسمگلنگ شروع ہوا کردی گئی جس کے باعث ایرانی پیٹرول کے نرخ پھر سے اوپر جانے لگ گئے دو دن پہلے ایرانی پیٹرول فی (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 6)

چھتر، نوید احمد ودیگر کا جمعیت علماء اسلام میں شمولیت کا اعلان

چھتر (یو این اے) جمعیت علمائے پاکستان کے مرکزی رہنما علامہ عبدالہادی بخش کھوسہ، حافظ جان محمد، سابق صوبائی جنرل سیکرٹری علامہ عبدالحکیم انقلابی سابق ضلعی صدر غلام مصطفیٰ کورار کی سربراہی میں مولوی عاشق علی قادری کی قیادت میں نوید احمد قادری ابڑو، نادر علی قادری احمد علی قادری گجر خادم حسین قادری حسین (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 7)

سیاسی کاروباری افراد کا عام شہریوں کو ہراساں کرنا قابل مذمت ہے، حاجی گل بیگ مری

مکران کراچی ٹرک ایسوسی ایشن کے چیئرمین عبداللہ آسکانی سے پولیس کی ناروا رویے کی مذمت کرتے ہیں

بیلہ (یو این اے) نیشنل پارٹی تحصیل حب کے نائب صدر مجاہد رند نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما حاجی گل بیگ مری نیشنل پارٹی لالا زارنان کے یونٹ سیکریٹری احمد دین ڈومکی گجر گوٹھ کے یونٹ سیکریٹری علی جان رند اور سینئر رہنما حاجی درمحمد رند نے اپنے مشترکہ جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ ہم نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما مکران کراچی ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین سردار عبداللہ آسکانی سے پولیس کی ناروا رویے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں پولیس شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کے بجائے انہیں بلاجواز تنگ کررہی ہے آئے روز سیاسی کاروباری افراد عام شہریوں کو ہراساں (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 8)

9 مئی کے بوگس ایف آئی آرز کو ختم کیا جائے، رحیم کاکڑ

ہزاروں افراد کو ناجائز ایف آئی آرز میں قید اور کیسوں میں ڈالا گیا ہے

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنماء رحیم کاکڑ، سید اقبال شاہ ایڈووکیٹ، میر وائس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ نے اپنے جاری کردہ بیان میں چیف جسٹس سپریم کورٹ اور دیگر تمام حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ 9 مئی اور نومئی کے بعد تمام بوگس ایف آئی آرز کو ختم کیا جائے بیان میں افسوس کا اظہار کیا ہے کہ ہزاروں افراد جن کو ناجائز ایف آئی آرز میں قید اور کیسوں میں ڈالا گیا ہے جو کہ افسوسناک عمل کے سوا کچھ نہیں ہے بیان میں امید ظاہر کیا گیا ہے کہ ایک سال سے بے گناہ افراد کو ناکردہ گناہوں کی سزا دی جارہی ہے (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 20)

لورالائی میونسپل کمیٹی کی غفلت نکاسی آب کی نالیاں بند شہریوں کو مشکلات کا سامنا

میونسپل کمیٹی کے ساتھ قریب نادرا دفتر کے سامنے سیوریج نالی کچرے سے بھر گئے، ہفتوں ہفتوں تک شہر کی صفائی نہیں کی جاتی

خاکروب اپنے ڈیوٹیوں سے غیر حاضر، گٹروں کا پانی دکانوں میں داخل ہونے لگی شہر میں تعفن اور بیماریاں پھیلنے کا خدشہ

لورالائی (یو این اے) لورالائی میونسپل کمیٹی کی غفلت لاپرواہی اور صفائی نہ کرنے کی وجہ سے نکاسی آب کی نالیاں بند ہوگئی ہیں۔ صفائی کا عملہ صرف تنخواہیں وصول کررہا ہے۔ ہفتوں ہفتوں تک شہر کی صفائی نہیں کی جاتی، خاکروب اپنے ڈیوٹیوں سے غیر حاضر رہتے ہیں۔ جبکہ دوسری جانب میونسپل کمیٹی کے چیف آفیسر بھی کئی کئی دن غیر حاضر رہتا ہے۔ میونسپل کمیٹی کے ساتھ قریب نادرا دفتر کے سامنے سیوریج نالی کچرے سے بھر گئے۔ نکاسی اب کے نالوں کی بندش کی وجہ سے گٹروں اور نکاسی کا پانی روڈوں میں جمع ہوگیا ہے۔ میونسپل کمیٹی کے حکام کی غفلت لاپرواہی اور صفائی نہ کرنے کی وجہ سے شہریوں کا مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے کا خدشہ ہے میونسپلٹی کے حکام صرف فنڈز ہڑپنے لگے ہیں۔ صفائی کے لئے (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 18)

لسبیلہ، لیویز فورس کو ختم کرنا علاقائی عوام سے زیادتی کے مترادف ہے عوامی حلقے

لیویز فورس کلوز ہونے سے بی ایریاز میں امن وامان کی صورتحال خراب ہوگئی ہے

اوتھل (یو این اے) ضلع لسبیلہ میں لیویز فورس کو ختم کرنا علاقائی عوام سے زیادتی کے مترادف ہے لیویز فورس کلوز ہونے سے بی ایریاز میں امن وامان کی صورتحال خراب ہوگئی ہے اور علاقائی مکین لیویز کی بحالی کیلئے احتجاج پر مجبور ہوگئے ہیں لسبیلہ کے بی ایریا میں لیویز فورس کو بحال کیا جائے، امن وامان کی مخدوش صورتحال کے باعث دیہاتی علاقے کے مکین غیر محفوظ ہوچکے ہیں، لسبیلہ کے عوامی حلقوں نے حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ لسبیلہ کی توجہ ضلع لسبیلہ کے دیہاتی علاقوں میں امن وامان کی صورتحال کی بگڑتی ہوئی صورتحال کی جانب مبذول کراتے ہوئے کہا کہ ایک طویل عرصہ سے لسبیلہ میں لیویز فورس کا نظام غیر فعال ہے سابق حکومت کی جانب سے جس فائدہ (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 21)

حالیہ انتخابات میں منتخب نمائندوں سے عوام کی امیدیں وابستہ ہیں، آغا شاہ حسین بلوچ

پنجگور (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی مکران ڈویژن کے جنرل سکرٹری اور آل پارٹیز ایکشن کمیٹی پنجگور کے وائس چیئرمین آغا شاہ حسین بلوچ نے کہا ہے کہ پنجگور کی خوش قسمتی ہے کہ حالیہ عام انتخابات میں پنجگور سے ایک ایم این اے اور دو ایم پی ایز منتخب ہوئے ہیں (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 17)

کوئٹہ، پاکستان ورکرز فیڈریشن بلوچستان کے صدر محمد حنیف، شاہ الحق، حاجی عبدالکریم ترین، محمد افضل مینگل اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

آمین آباد اسکول کے طلبا کا ٹیچرز کے تبادلہ پر احتجاج

آمین آباد اسکول میں 5 سو سے زائد طلبا زیر تعلیم ہے اسکول میں ٹوٹل 8 ٹیچرز تعینات ہے

چاغی (یو این اے) آمین آباد اسکول کے طلبا کا ٹیچرز کے تبادلہ پر احتجاج تفصیلات کے مطابق یوسی امین آباد گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول کے طلبا نے بروز پیر اسکول کے دو ٹیچرز خلیل احمد، اور گل حسن کے تبادلے پر احتجاج کیا طلبا کا کہنا ہے اس وقت امین آباد اسکول میں 5 سو سے زائد طلبا زیر تعلیم ہے مگر الیہ دیکھئے اسکول میں ٹوٹل 8 ٹیچرز تعینات ہے اس میں مزید دو ٹیچرز کا تبادلہ کردیا ہے جس کی وجہ سے ہمیں پڑھائی میں سخت پریشانی کا سامنا ہورہا ہے امین آباد ایک زرعی علاقہ ہے شہر سے کافی دور ہے یہاں کے بچوں کا واحد تعلیمی ادارہ یہی ہے ہم کسی صورت اپنی تعلیم (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 22)

خضدار ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کا عدالتوں کا بائیکاٹ

خضدار (یو این اے) ڈسٹرکٹ خضدار بار ایسوسی نے 3 مئی خضدار واقعہ کے خلاف عدالتوں کا بائیکاٹ کیا سانحہ 3 مئی میں صحافی مولانا محمد صدیق مینگل سمیت محمد کریم اور محمد وارث ساسولی بم دھماکے میں ہلاکت پر افسوس کا اظہار کرتے واقعہ میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کا مطالبہ بھی کیا۔ تفصیلات (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 15)

چمن بارڈر پر کشیدگی، چمن کوئٹہ شاہراہ بند لغڑیوں کا احتجاج جاری

احتجاج مطالبات تسلیم ہونے تک جاری رہیگا، کوئٹہ میں بھی آل پارٹیز اور انجمن تاجران کے زیر اہتمام پرلت کی حمایت میں احتجاجی ریلی نکالی گئی

چمن پرلت کے مطالبات برحق ہے اور پرلت پر بلاجواز فائرنگ کی سخت مذمت کی مقررین نے احکام سے مطالبہ کیا کہ پشتون وطن کی روزی سے کھیلنا بند کیا جائے

چمن (یو این اے) چمن بارڈر کشیدہ صورتحال پاسپورٹ آفس بینکنگ، کسٹم ہاؤس اور چمن کوئٹہ شاہراہ بند ایف سی قلعہ کے سامنے لغڑیوں کا احتجاج جاری تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز لغڑیوں کا دوران احتجاج ایف سی کے ساتھ تصادم میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 6 افراد زخمی ہوئے تھے آل پارٹیز لغڑی اتحاد کی کال پر چمن پاسپورٹ دفتر شہر کے تمام بنک کسٹم ہاؤس سمیت چمن کوئٹہ بین الاقوامی شاہراہ کو بھی کوژک اور جنگل پیر اعلیزئی کے مقام پر ٹرانسپورٹ کیلئے بند کیا تھا جس کے باعث ٹریڈ سخت متاثر اور مسافروں کو بھی مشکلات کا سامنا رہا پرلت ترجمان صادق اچکزئی اور غوث اللہ نے اپنے بیان میں کہا کہ احتجاج مطالبات تسلیم ہونے تک جاری رہیگی اسی طرح کوئٹہ میں بھی آل پارٹیز اور انجمن تاجران کے زیر اہتمام (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 9)

پنجگور سیلاب متاثرین کھلے آسمان تلے زندگی بسر کرنے پر مجبور

پنجگور (یو این اے) پنجگور تین سال گزرنے کے باوجود پنجگور کے سینکڑوں سیلاب متاثرین اور زمیندار تاحال حکومتی امداد سے محنتکش پنجگور میں بڑی تباہی کے باوجود تاحال متاثرین امداد اور بحالی کے کاموں سے محروم گرمیوں کی آمد پر سیلاب متاثرین اور کھلے آسمان تلے (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 24)

واشک / نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی کمشنر واشک محمد نعیم نے بطور ڈپٹی کمشنر واشک اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کردیا

نیشنل پارٹی آلودہ سیاسی کلچر اور موقع پرستانہ سیاست کو مسترد کرتی ہے، میران بلوچ

بھاگ (یو این اے) تمیر آباد ریجنل رابطہ کمیٹی اجلاس بنام فدا شہید ریجنل سیکرٹری میران بلوچ کی صدارت میں چھلگری ہاؤس بھاگ ناڑی میں منعقد ہوا۔ مہمان خاص مرکزی کمیٹی ممبر کامریڈ رفیق کھوسہ جبکہ اعزازی مہمان ایڈووکیٹ چنگیز خیتھیا بجنڈے میں ضلعی تنظیمی رپورٹس وحدت سرکولر الیکشن 2024، سیاسی (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 25)

قانون کمزور ہوگیا اب لوگ ڈاکوؤں سے خود مقابلہ کرنے پر مجبور ہوگئے رپورٹ

یہی صورت حال رہی تو آئندہ پولیس سے کوئی امید نہ رکھے اور نہ ہی پولیس کوئی امید رکھے

اوستا محمد (یو این اے) قانون کمزور ہوگیا اب لوگ ڈاکوؤں سے خود مقابلہ کرنے پر مجبور ہوگئے یہی صورت حال ہوا تو آئندہ پولیس سے کوئی امید نہ رکھے اور نہ ہی پولیس کوئی امید رکھے۔ ملک کا لونی کی شکل اختیار کر جائے گی۔ رپورٹ کے مطابق ملک میں اندھیر نگری کا دور ہے کشمور کندھ کوٹ میں ڈاکو راج نے آخر کا مجبور کردیا کہ قبائل اپنی مردانگی دیکھائے پولیس سے (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 10)

اسسٹنٹ کمشنر حب کا نرخنامے کی خلاف ورزی پر آکاش کریانہ اسٹور سیل

حب (یو این اے) اسسٹنٹ کمشنر حب علی درانی کا سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی پر آکاش کریانہ اسٹور سیل، دوکاندار سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کو یقینی بنائے بصورت دیگر کاروائی کا سلسلہ جاری رہے گا اسسٹنٹ کمشنر حب علی درانی عوام کو ریلیف فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں

اوستہ محمد، ضلع بھر میں، امن امان قدر بہتر ہورہی ہے، عوامی حلقے

جس کی اصل وجہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اور ڈی ایس پی ہیں آفیسر ملازموں کو کام کرنے دیں

اوستہ محمد (یو این اے) ضلع بھر میں، امن امان قدر بہتر ہورہی ہے جس کی اصل وجہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اور ڈی ایس پی ہیں آفیسر ملازموں کو کام کرنے دیں اور مضبوط ہوں تو نچلے بھی دل جوئی سے کام کریں گے عوامی حلقے۔ کے مطابق عوامی حلقوں نے کہا کہ ضلع اوستا محمد میں امن امان قدر بہتر ہوگیا ہے اس سے قبل سابق ڈی پی او کے ہوتے ہوئے ضلع بھر میں پان (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 11)

کوئٹہ، آل فیڈرل لیویز ملازمین بلوچستان کے زیر اہتمام پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

حکومت امن وامان اور شہریوں کے تحفظ میں بری طرح ناکام ہوچکی، مولوی امین اللہ

مولانا محمد صدیق مینگل کو نشانہ بنانا بلوچستان کی امن کو سبوتاژ کرنا ہے انکی جدائی عظیم سانحہ ہے

خانوزئی (یو این اے) جمعیت علما اسلام مفتی محمود یونٹ کلی دلسورہ کے امیر اور یونین کونسل دلسورہ کے ڈپٹی چیئرمین مولوی آمین اللہ کی جنرل سیکرٹری فضل الرحمٰن پانیزئی راکین کابینہ مولوی کلیم اللہ مولوی نجیب اللہ مولوی ضیا الحق کفایت اللہ اخندزادہ حافظ عبدالرحیم حافظ عبدالستار حافظ حافظ عبدالمالک دلسوری عبدالواجد عاجز محیب کاکڑ اور دیگر اراکین نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا ہے کہ: جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی نائب امیر مولانا محمد صدیق مینگل شہید کی شہادت جماعت کے لیے ایک عظیم سانحہ ہے، غم کی گھڑی میں اس کے خاندان کے ساتھ برابر ہو (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 23)

جنگل کو بے دریغ کٹائی سے روکنے کیلئے سزائیں دی جائیں عبدالکریم

درخت کٹائی کیخلاف قانونی کارروائی کرکے جنگلات کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے تاکہ ماحولیاتی اور موسمیاتی تبدیلی پر پڑنے والے برے اثرات کو روکا جاسکے

EDWO نے ماحولیاتی تحفظ کے لیے گزشتہ 3 سالوں سے زیتون کے 1500 اور خاردار جنگلی درخت (پلوسہ) کے 10 ہزار درخت لگائے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صدر ایجوکیشنل ڈویلپمنٹ اینڈ ویلفیئر آرگنائزیشن (EDWO) بلوچستان پروفیسر عبدالکریم نے کہا ہے کہ جنگل اور زیتون کے درخت کاٹنے والوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے جنگلات کو بے دریغ طریقے سے کاٹا جارہا ہے ان کے خلاف قانونی کارروائی کرکے جنگلات کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے تاکہ ماحولیاتی اور موسمیاتی تبدیلی پر پڑنے والے برے اثرات کو روکا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایجوکیشنل ڈویلپمنٹ اینڈ ویلفیئر آرگنائزیشن (EDWO) بلوچستان کے چند فعال تنظیموں میں سے ہے جو تعلیم، صحت، اور ماحول کے تحفظ کے حوالے سے مختلف شعبوں میں خدمات سرانجام دے رہی (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 12)

سی، کمشنر سی ڈویژن بشیر احمد بنگلوئی ٹی ایچ کیو ہسپتال سی کے مختلف شعبوں کا معائنہ کررہے ہیں

ایگریکلچر لسبیلہ کے ادارے واٹر منجمنٹ میں کرپشن کا بازار عروج پر

ڈپٹی ڈائریکٹر واٹر منجمنٹ کے ٹرانسفر ہونے کے باوجود بھی موجود ڈپٹی ڈائریکٹر سابق ڈپٹی ڈائریکٹر پر مہربان ہوگئے

اوتھل (یو این اے) ایگریکلچر لسبیلہ کے ادارے واٹر منجمنٹ میں کرپشن کا بازار عروج پر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر واٹر منجمنٹ کے ٹرانسفر ہونے کے باوجود بھی موجود ڈپٹی ڈائریکٹر شفیع محمد بلوچ سابق ڈپٹی ڈائریکٹر پر مہربان ہوگئے۔ دوستی نبھانے لگے۔ گزشتہ اسکیمات میں ہونے والے سیکورٹی کے 60 لاکھ روپے رمضان کے آخری عشرے میں نکال کر سابق ڈپٹی ڈائریکٹر واٹر منجمنٹ کے دور میں دو ٹھیکدار کے سیکورٹی کے مدعت جمع تھی آیا انکی اسکیمات پوری ہوی یا نہیں لیکن باخبر ذرائع سے پتا چلا ہے موجودہ واٹر منجمنٹ افسر اپنے دوستی نبھانے کے چکر میں سابق ڈپٹی ڈائریکٹر بلال بلوچ کے ادوار میں روکی گی سیکورٹی اپنے دستخط کرکے انکو 60 لاکھ روپے نکال کر انکے حوالے کردیئے (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 13)

پاکستان کو درپیش گوناگوں مسائل سے قوم پرستانہ قیادت ہی چھٹکارہ دلاسکتی ہے، نواز علی برفت

اوتھل (یو این اے) عوامی نیشنل پارٹی بلوچستان کے صوبائی سیکریٹری امور محنت و افرادی قوت رئیس نواز علی برفت ایڈووکیٹ نے کہا کہ پاکستان کو درپیش گوناگوں مسائل سے قوم پرستانہ قیادت ہی چھٹکارہ دلاسکتی ہے (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 14)

"SAY NO TO CORRUPTION"
GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF COMMUNICATIONS
NATIONAL HIGHWAY AUTHORITY
(FINANCE WING-REVENUE SECTION)
CORRIGENDUM-IV
INVITATION FOR BIDS (IFB)

a. PROCUREMENT FOR OPERATIONS, MANAGEMENT & MAINTENANCE (OM&M) OF 13 MANUAL TOLL PLAZAS OF CENTRAL ZONE ON NATIONAL HIGHWAY AND COLLECTION OF TOLL REVENUE ON FIXED MONTHLY NET GUARANTEED REVENUE BASIS ENDING 30.06.2025.
b. PROCUREMENT OF SERVICES ON % PERCENTAGE SHARING BASIS FOR OPERATIONS, MANAGEMENT & MAINTENANCE (OM&M) CONTRACTS OF 14 ETTM TOLL PLAZAS OF CENTRAL ZONE ON NATIONAL HIGHWAYS (AT MINIMUM NET GUARANTEED MONTHLY REVENUE BASIS) FOR A PERIOD ENDING 30.06.2025.

Reference:
i). IFB Notice for subject procurement published in Daily National Newspapers and uploaded on NHA & PPRA Websites dated 03.03.2024. PPRA No. TS533957E & TS533956E
ii). Corrigendum-I for subject procurement published in Daily Newspapers and uploaded on NHA & PPRA Websites dated 17.03.2024 & 19.03.2024.
iii). Corrigendum-II for subject procurement published in Daily Newspapers and uploaded on NHA & PPRA Websites dated 28.03.2024 & 05.04.2024.
iv) Corrigendum-III for subject procurement published in Daily Newspapers and uploaded on NHA & PPRA Websites dated 17.04.2024 & 21.04.2024.

1. With reference to above Referred Notices, it is informed to all concerned that date for submission of Bids for subject procurements have been extended and Technical & Financial Bids under Single Stage Two Envelopes basis shall now be received in Central Zone, Lahore upto May 17, 2024 till 1100 hours. Technical bids shall be opened on the same day at 1130 hours.
2. All other terms and conditions of IFB shall remain unchanged.
3. This Corrig

Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ
صحافت

پبلشر ملک نعیم خان کاکڑ نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ صحافت کوئٹہ فلیٹ نمبر 8 دبئی پلازہ منان چوک کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر: 081-2828822 فیکس نمبر: 03337887770 اسلام آباد بیورو: آفس نمبر: 712 فرسٹ فلور کشمیر کلاتھ ہاؤس آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد فون نمبر: 051-2603196
E-Mail Address: dailysahafat.quetta@gmail.com

بہترین معاشی پالیسی

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ بہترین معاشی پالیسیوں کی وجہ سے ملک میں استحکام آیا ہے، پاکستان اب عمل درآمد کی پالیسی پر عمل پیرا ہے، ہمیں اس مقصد کیلئے اپنے ٹیکس بیس کو وسیع کرنا پڑے گا، اپنی مشکل توانائی کے مسئلوں کو حل کرنا پڑے گا، حکومت کا کام بزنس کرنا نہیں، ہم نجکاری کا ایجنڈا تیزی سے مکمل کر لیں گے۔ پیر کو یہاں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان اب عمل درآمد کی پالیسی پر عمل پیرا ہے، ہمیں اس مقصد کے لیے اپنے ٹیکس بیس کو وسیع کرنا پڑے گا، ہمیں اپنی مشکل توانائی کے مسئلوں کو حل کرنا پڑے گا، یہ ریفارم ایجنڈا کا دوسرا اہم حصہ ہے اور تیسرا سرکاری اداروں میں اصلاحات ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت کا کام بزنس کرنا نہیں ہے، ہم نجکاری کا ایجنڈا تیزی سے مکمل کر لیں گے اور مجھے امید ہے کہ جون کے آخر یا جولائی تک ہم اس کام کے آخری مرحلے میں ہوں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہم 24 ویں آئی ایم ایف پروگرام میں جا رہے ہیں، اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ یہ ہمارا آخری پروگرام ہو ہمارے پاس روڈ ٹو مارکیٹ کا ایک کلیئر ویو ہونا ضروری ہے، اس میں سب سے پہلے ایکسپورٹ میں ترقی اور دوسرا براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری ضروری ہے اور اس میں آپ ہماری مدد کریں گے اور انٹرنیشنل کیپٹل مارکیٹ تک رسائی بھی اس کے لیے انتہائی اہم ہے، اگر ہم نیاس پر کام کر لیا تو ہمیں دوسرے فنڈ پروگرام میں جانے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ نجی سیکٹر کو اس ملک کو چلانا ہوگا، حکومت اس معاملے میں پر عزم ہے، ہم اس حوالے سے کام کریں گے، نجی سیکٹر کو آگے بیٹھنا چاہیے اور وزرا کو پیچھے بیٹھنا چاہیے۔ انہوں نے بتایا کہ ملک میں زرمبادلہ کے ذخائر میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے، ہم بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے کوشاں ہیں، 10 ماہ سے پاکستان کی کرنسی میں استحکام آیا۔ بعد ازاں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے خصوصی سرمایہ کاری کونسل (ایس آئی ایف سی) کے نیشنل کوآرڈینیٹر لیفٹیننٹ جنرل سرفراز احمد نے کہا کہ پاکستان کے پاس بہت بڑی افرادی قوت ہے، پاکستان کی آبادی کا بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے، پاکستان کی افرادی قوت مختلف ممالک کی ترقی میں کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دنیا کے لیے ایک بڑا تجارتی حب ہے، پاکستان وسط ایشیا کے لیے اہم تجارتی راستہ ہے، ایس آئی ایف سی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔

رنگ خوابیدہ پڑے ہیں

شفقت اللہ مشتاق

جب وسعت پسندی کی بدولت چند ممالک پوری دنیا میں خون کی ہولی کھیل رہے ہوں، جب خوف اور بے بسی کی وجہ سے استبدادی قوتوں کے خلاف بات کرنے تک کو جرم سمجھا جا رہا ہو، جب اسلحہ بیچ کر امیر ہونے کی خواہش کے سبب اقوام عالم کو جنگ میں دھکیلا جا رہا ہو، جب پوری دنیا کے قدرتی وسائل پر قبضہ کر کے انسانیت کو بھیک مانگنے پر مجبور کیا جا رہا ہو، جب اقوام متحدہ پر اپنا تسلط قائم کر کے، اپنی سیاست کا بول بالا کر کے اور امن وسلامتی کی ڈگڈگی بجا کر پوری دنیا کو ناچنے پر مجبور کیا جا رہا ہو، جب کشمیر، بوسنیا اور فلسطین میں بارود کی آگ برسا کر آزادی کی بات کرنے والوں کو ابدی نیند سلانے کی سر توڑ کوشش کی جا رہی ہو، جب غیرت کھا جانے والے ممالک پر پابندیاں لگا کر انہیں توبہ کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہو، جب مذہبی بنیادوں پر آبادکاری کر کے فساد فی الارض کی داغ بیل ڈالی جا رہی ہو جب استحصال کے خلاف آواز اٹھا کر استحصال کے لفظ کا ذاتی مقاصد کی تکمیل کے لئے استحصال کیا جا رہا ہو، جب مذہبی قیادت فقرو استغناء کے فلسفے کی تعبیر کر کے اپنے متعلقین کے وسائل پر شب خون مارنے کی کوشش کر رہی ہو، جب بھائی بھائی کا دشمن اور دوست دوست کی عزت کے پیچھے پڑنے کی جسارت کر رہا ہو، جب ذاتی مقاصد کے لئے ملک وقوم کے سر بازار سودے کئے جا رہے ہوں، جب لسانی اور مذہبی بنیادوں پر دنیا کو تقسیم کرنے کے منصوبے بنائے جا رہے ہوں، جب مہنگائی سے تنگ آ کر اپنے ہی بچوں کے گلے کاٹے اور گردے بیچے جا رہے ہوں، جب حالات سے تنگ آ کر خودکشیاں کرنے کا رجحان بڑھ رہا ہو، جب اجنبیت اور بے حسی کی ہواؤں نے ہم سب کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہو تو سوچ کے سارے بستر لپیٹے جاتے ہیں اور جہان ارض وسماء کے سارے ڈاکٹر شاہد اشرف یہ کہنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ رنگ خوابیدہ پڑے ہیں، ایسے میں آنکھوں کے سامنے اندھیرا ہو جاتا ہے، سوچ مضمحل ہو جاتی ہے، ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں، دل کی دھڑکن کبھی بڑھ جاتی ہے اور کبھی ساکت ہو جاتی ہے، انسانی اجسام کے سارے اعصاب رُک سے جاتے ہیں اور یقین مانیں دنیا کے سارے رنگ ماند پڑ جاتے ہیں، بلکہ دنیا بے رنگ ہو جاتی ہے۔ چپ نہیں رہ سکتے وہ ان حالات میں اپنا بھرپور ردعمل دیتے ہیں اور بہرے لوگوں کے کانوں کے قریب جا کر اپنا احتجاج ریکارڈ کرواتے ہیں، بلاشبہ شاعری اور خصوصاً غزل بڑے سالوں تک عشق ومحبت کے محل میں اسیر رہی پھر علامہ محمد اقبال؟ اور ترقی پسند شاعری کا دور آیا پھر تو روایت کے خلاف بغاوت اور پھر شاعری کا دامن عمل کی دولت سے مالا مال ہو گیا، اس کے علاوہ نظم تو اس سے بھی چار ہاتھ آگے بڑھ گئی، جہاں حق بات کہنے میں دقت ہوتی نظم کی ہیئت کو بدل دیا جاتا، مقصدیت کو فوقیت دی جانے لگی اور شاعری پر مقصد کو قربان کرنے کی ریت آہستہ آہستہ دم توڑنے لگی، یوں آزاد نظم، نظم معریٰ، پابند نظم اور نثری نظم، بلکہ نثر بھی اپنی فصاحت وبلاغت، روانی اور تسلسل کی بدولت نظم کا روپ دھارنے لگی، ہر روپ استغناء کا بہلروپ ہوتا ہے، ادب میں بھی اس کی پوری جھلک دیکھی جا سکتی ہے۔ جھلک دیکھنے کے لئے ہی تو ہم سب بیتاب ہیں اور بیتابیاں سمیٹ کر انسان تخلیق کیا گیا ہے، جہاں بے تابی ہوگی وہاں ادب کے شگوفے پھوٹ پڑیں گے اور جہاں رنگ برنگے شگوفے پھوٹیں گے وہاں ادب کی تخلیق کا مقصد پورا ہو جائے گا، شاید اسی لئے ادب برائے ادب کے رنگ ماند پڑ گئے اور ادب برائے زندگی کے رنگوں میں شوخی آ گئی اور ادب میں پہلے بھی شوخی کا رنگ نمایاں تھا اور مزید نمایاں ہو گیا۔ دنیا خوبصورت ہے اور شاید انسان کو اس کی خوبصورتی برقرار رکھنے کے لئے دنیا میں بھیجا گیا ہے ویسے یہ سارے رنگ اللہ کے رنگ ہیں، جس کی تفسیر صبغت اللہ کے پیرائے میں دیکھی جا سکتی ہے۔ صوفی بھی بڑے رمز شناس تھے انہوں نے بھی رنگ ہی رنگ کی بات کر کے خدا کی ذات اور خدا کی صفات کا ایک نئے انداز سے اظہار کیا ہے، اقبال نے تصویر کائنات میں رنگ وجود زن کی بدولت دیکھا ہے

آئی کیوب قمر مشن اور دل جلے

کامران نسیم بٹالوی

ہر صاحب علم کو اکثر وبیشتر حضرت اقبال کی شاعری کی وسعت نظری پر نہال ہونے کو دل کرتا ہے جنہوں نے برصغیر کی مسلمان نوجوان نسل کو خودی کی پہچان کے ساتھ ساتھ بلند وبانگ خواب دیکھنے اور ان کو تعبیر دینے کی تحریک دینے کے لیے راغب کیا تحریک پاکستان سے تکمیل پاکستان اور پھر تعمیر پاکستان تک یوں ادراک ہوتا ہے کہ سپوت پاکستان تعلیمات اقبال کو پلے باندھ چکے ہیں اور حقیقی معنوں میں ستاروں پر کمند ڈالنے کے لیے عمل پیرا ہیں بالآخر پاکستانی طلبہ اور سائنس دانوں نے قیام پاکستان کے 76 سال بعد حکیم الامت کی خواہش وافکار اور خواب کو سچ کر دکھایا جو کہ کسی طرہ امتیاز سے کم نہیں تین مئی 2024ء ؁ جمعرات کے متبرک روز دو بج کر 50 منٹ پر چین کے اشتراک سے اپنا پہلا خلائی مشن آئی کیوب قمر چاند کے مدار میں روانہ کر دیا گیا۔ گو کہ یہ ایک بہت مثبت قدم ہے لیکن یہ کیسے ممکن ہے کہ یاران وطن نقطہ چینی کیے بغیر رہ سکیں جہاں بیشتر پاکستانی سائنس کے اس معرکہ سے پھولے نہیں سما رہے وہاں بہت سے دل جلے اپنی بساط کے مطابق اس خلائی مہم کو تنقید کا نشانہ بنانے پر تلے ہوئے ہیں۔ اس مثبت یا منفی تنقید کے حق یا مخالف کے فیصلے سے قبل ہمیں پاکستانی خلائی مشن کے پس منظر اور تفصیلات کو دیکھنا ہوگا پاکستانی خلائی تحقیقاتی ادارہ سپارکو پاکستان سپیس اینڈ ایر ایٹ موسفیر ریسرچ کمیشن کی بنیاد جنرل ایوب کے دور 1961ء میں ایک کمیٹی کی صورت میں رکھی گئی جس کو مئی 1981ء میں سابق صدر پاکستان جنرل ضیاء الحق نے عملی جامہ پہناتے ہوئے ادارہ سپارکو SUPARCO بنایا جہاں اس ادارے کا بنیادی مقصد خلا سے متعلق سائنسی تحقیقات میں پاکستان کا کردار ادا کرنا تھا وہاں مواصلات کے نظام کے لیے قومی و بین الاقوامی سیٹلائٹ رابطوں اور نظام کو منظم اور محفوظ ہاتھوں میں رکھنا تھا یہاں دلچسپ بات یہ کہ 1983ء میں سپارکو نے پاکستانی پہلی سیٹلائٹ جس کا نام بدر اول لٹ مون تھا کی تعمیر شروع کی اور 1986ء ؁ میں پاکستان نے امریکہ سے بات چیت کی کہ وہ اس سیٹلائٹ کو لانچ کرنے میں تعاون اور مدد فراہم کرے لیکن حسب روایت امریکہ نے ٹال مٹول سے کام لیتے ہوئے جھنڈی دکھا دی لیکن پھر اج ہی کی طرح ہمارے ہر دل عزیز دوست چین نے ہی پاکستان کا یہ نایاب منصوبہ پایا تکمیل تک پہنچانے میں ہاتھ بڑھایا اور 1990ء ؁ میں پاکستان کی پہلی سیٹلائٹ لانچ کر دی گئی اور یہ پاکستانی خلائی تحقیقاتی ادارے کی پہلی کامیابی اور سنگ میل تھا۔ پاکستان کے اس خلائی مشن پر بے جا تنقید کرنے والوں کو ذہن میں رکھنا چاہیے کہ کئی دہائیوں سے پر اکسی جنگوں میں الجھائے رکھنے کے باوجود ایسی تحقیقاتی اقدامات پاکستان جیسے ملک میں ایک خوشگوار تبدیلی کی علامت سے کم نہیں ہیں۔ بعض عناصر کی یہ خصلت ہے کہ وہ بہت جلد ججمنٹ اور تقابلی جائزے پر اتر آتے ہیں جو کسی حد تک درست ہو سکتی ہے لیکن حقائق اور دلائل کے بغیر بات اپنا وزن کھو دیتی ہے۔ ہم ہمیشہ کسی بھی معاملہ میں اپنا مقابلہ اپنے پڑوسی دشمن ملک بھارت سے کرتے ہیں اور اس بار بھی بہت سے دوست لوگ جذباتی ہوتے جا رہے ہیں۔ انہیں یہ جان لینا چاہیے کہ آج کی دوڑ میں ایڈوانس منٹ کسی ریاست کی بقا کے لیے انتہائی بنیادی ضرورت ہے اور اس خلائی دوڑ میں امریکی تحقیقی ادارہ ناسا کا بجٹ دنیا کے دیگر تمام ممالک سے سب سے زیادہ ہے جو کہ 25 بلین امریکی ڈالر ہے جبکہ اسکے بعد چین ہے جو کہ امریکہ سے نصف یعنی 12 بلین ڈالر خرچ کر رہا ہے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ بھارتی خلائی ادارہ انڈین سپیس ریسرچ آرگنائزیشن جو کہ عمر میں پاکستانی ادارہ سپارکو سے اٹھ سال چھوٹا ہے وہ سال کا ایک اشاریہ 66 بلین ڈالر خرچ کر رہا ہے اور ہم پاکستانی صرف 64.25 ملین ڈالر خرچ کر رہے ہیں جو کہ اونٹ کے منہ میں زیرہ کے مترادف ہے۔ جو لوگ یہ پراپیگنڈہ کر رہے ہیں کہ چاند پر جانے کا ہمیں کیا فائدہ تو سب پاکستانیوں کو علم ہو جانا چاہیے کہ سیٹلائٹ آئی کیوب قمر جو کہ تین سے چھ ماہ تک چاند کے مدار میں چکر لگائے گی لیکن اپنا مشن صرف 53 دنوں میں مکمل کر لے گی جس کا بنیادی مقصد سائنسی تحقیق تکنیکی ترقی اور خلائی ترقی اور تحقیق سے متعلق قومی تعلیمی منصوبوں میں سہولت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ماحول کا مطالعہ کرنا، ریموٹ سینسنگ کرنا، مواصلات کی سہولت فراہم کرنا اور فلکیات اور نئی ٹیکنالوجی کے لیے مظاہرے کے لیے استعمال کرنا ہے۔ وہ لوگ جو یہ مذاق اور تنقید کر رہے ہیں کہ قرضوں میں ڈوبا اور کمزور معیشت والا ملک پاکستان دیگر ملکی وقومی مسائل حل کرنے کی بجائے چاند پر چھلانگے مار رہا ہے تو ان کے لیے مشورہ ہے کہ وہ پھر پتھر کے دور میں واپس چلے جائیں اور آج کے دور میں سائنسی ایجادات کو، جنہوں نے ان کی زندگی کو سہل بنا دیا ہے ترک کر دیں لیکن ایسا ممکن نہیں قومی معاشی چیلنج اپنی جگہ مگر ترقی کا پہیہ چلنا اور اس پر کام ہونا بہت ضروری ہے۔ اور چاند پر سفر کی مہم ہمیں چین نے پلیٹ میں رکھ کر نہیں دی بلکہ اسکے پیچھے سپارکو اور پاکستانی طالب علموں کی کئی سال کی محنت نمایاں کارکردگی شامل ہے۔ جب 2022ء ؁ میں چینی نیشنل سپیس ایجنسی نے ایشیا پیسیفک سپیس کارپوریشن آرگنائزیشن (اسکو) کے ذریعے رکن ممالک کو چاند کے مدار تک مفت پہنچانے کا موقع فراہم کیا گیا تو سب ممالک نے جن میں چین ایران پاکستان بنگلہ دیش پیرو جنوبی کوریا تھائی لینڈ اور ترکیہ شامل تھے، اپنے اپنے منصوبہ جات جمع کروائے اور ان 8 ممالک میں سے صرف پاکستانی منصوبہ کو ہی قبول کیا گیا اور پھر دو سال کی محنت کے بعد سیٹلائٹ آئی کیوب قمر کو مکمل کیا جا سکا اور چاند پر روانگی سے کے لیے اسے چینی مشن چینگ 6 کے ساتھ منسلک کیا گیا جو کہ نہ صرف چاند کی سطح سے نمونے اکٹھے کریگا بلکہ اسے زمین پر بھی واپس لے کر آئیگا۔ مطلب ہم اگر چاند پر قدم جمانے جا رہے ہیں تو محض اپنی قابلیت کی بنا پر نہ کہ ایک سیاح کے طور پر۔ دوسرا یہ کہ سپارکو کے سائنس دان اس بات کو بڑے واضح طریقے سے کہہ چکے ہیں کہ ہمارے اس پروجیکٹ کا موازنہ بھارتی خلائی مشن چندریان کے ساتھ ہرگز نہیں کیا جا سکتا۔

نواز شریف ایک بار پھر صدر مسلم لیگ ن

جاوید اقبال بٹ

میاں محمد نواز شریف بحیثیت صدر مسلم لیگ ن پارٹی کی قیادت 11 مئی 2024 کو سنبھال رہے ھیں۔۔۔ کیونکہ جماعت کا ووٹ میاں جی کا ووٹ ھے میاں نواز شریف ھی پارٹی کی آن بان شان ھیں اور انہی کے دم سے ھر رونق ھر فیصلہ ھوتا ھے اور یہ مسلم لیگیوں کہ لئے 11 مئی 2024 ایک تاریخی دن ھوگا۔ تین بار پاکستان کے وزیر اعظم رہنے والے نواز شریف کا سیاسی کیریئر اتار چڑھاؤ سے عبارت ہے۔ وہ کئی بار سیاست کے میدان سے باہر ہوئے اور اس کے لیے انہیں یا تو کبھی جلاوطن کیا گیا اور کبھی انہوں نے خود ہی ملک سے دوری اختیار کر لی۔ اب ایک بار پھر وہ طویل خودساختہ جلاوطنی کے بعد ملک واپس آئے ھیں جسے ملکی سیاست میں ان کا ایک اور کم بیک قرار دیا جا رہا ہے۔ نواز شریف کے علاوہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں بے نظیر بھٹو کی 1986 اور 2007 میں وطن واپسی نے سیاسی فضا کو تبدیل کر دی تھی۔ 1986 میں بے نظیر بھٹو جب واپس آئیں تو ملک میں ان کے والد کو اقتدار اور زندگی سے محروم کرنے والی فوجی حکومت تھی۔ اس واپسی کے بعد بے نظیر 1988 میں ملک کی پہلی خاتون وزیر اعظم بنیں۔ ان کی حکومت 18 ماہ ہی چل سکی لیکن وطن واپسی سے ان کے ایک نئے سیاسی سفر کا آغاز ہوا اور وہ 1993 میں ایک بار پھر وہ وزارت عظمیٰ کے منصب تک پہنچیں۔ لیکن دوسری بار 2007 میں واپسی پر ان کی زندگی کا خاتمہ ہوا جس کے بعد پاکستانی سیاست میں ایک بڑا خلا پیدا ہوا۔ نواز شریف بھی 2007 میں اپنی طویل جلاوطنی ختم کر کے ملک واپس آئے تھے۔ البتہ اس بار انہیں جن سیاسی حالات کا سامنا ہے وہ ماضی میں ان کی وطن واپسی کے ادوار سے مختلف ہے۔ اس بار ان کی واپسی کتنی الگ ہے؟ یہ جاننے کے لیے ماضی میں انہیں درپیش سیاسی حالات کا ایک جائزہ لیا جائے تو بہت سے پہلو واضح ہوتے ہیں۔ نواز شریف کی پہلی جلاوطنی 2000 میں شروع ہوئی تھی۔ 18 اکتوبر کو اس وقت آرمی چیف جنرل پرویز مشرف نے ان کی حکومت کا تختہ الٹ دیا تھا جس کے بعد وہ زیر حراست رہے۔ نواز شریف اگرچہ زیر حراست ہونے کے باعث مس ظر عام پر نہیں رہے لیکن اس دوران ان کی اہلیہ کلثوم نواز نے سیاسی محاذ سنبھالا اور وہ اپنے شوہر سے متعلق حکومتی اقدامات کے خلاف آواز اٹھاتی رہیں۔ نواز شریف کے خلاف چلنے والے مقدمے پر دنیا کی نگاہیں جمی تھیں اور خدشہ ظاہر کیا جا رہا تھا کہ 1977 میں فوج کے ہاتھوں اقتدار سے محروم ہونے والے ذوالفقار علی بھٹو کی طرح کہیں نواز شریف کو بھی سزائے موت کی سزا نہ سنا دی جائے۔ نواز شریف کے خلاف چلنے والے مقدمے میں ان کے وکیل اقبال رعد کو مارچ 2000 میں نامعلوم افراد نے قتل کر دیا تھا جس کے بعد بے یقینی میں مزید اضافہ ہو گیا۔ اپریل 2000 میں انسداد دہشت گردی کی ایک عدالت نے نواز شریف کو آرمی چیف جنرل پرویز مشرف کا طیارہ اغوا کرنے اور دہشت گردی کے الزامات میں عمر قید کی سزا سنائی۔ اس مقدمے میں نواز شریف کے علاوہ ان کے بھائی شہباز شریف سمیت پانچ اعلیٰ حکومتی عہدے دار بھی نامزد تھے۔ تاہم عدالت نے نواز شریف کے سوا دیگر ملزمان کو الزامات سے بری قرار دیا تھا۔ نواز شریف کے وکلا نے سزا کے خلاف اپیل دائر کرنے کا اعلان کیا اور ان کی اہلیہ کلثوم نواز نے اسے انتقامی کارروائی قرار دیا۔ دہشت گردی کے مقدمے میں اس سزا کو اس وقت نواز شریف کے سیاسی کریئر کا اختتام قرار دیا جا رہا تھا۔ اس کیس کے علاوہ اس وقت ملک میں جنرل پرویز مشرف کی حکومت نے نواز شریف اور ان کے خاندان پر کرپشن اور حکومتی اختیارات سے کاروباری فوائد حاصل کرنے کے الزامات بھی عائد کیے تھے۔ ماضی کی طرح جنرل پرویز مشرف کے اقتدار میں آنے کے بعد بھی احتساب کے مطالبات کی باز گزشت تھی۔ لیکن نواز شریف کی سزا کے آٹھ ماہ بعد ہی 10 دسمبر کو یہ خبر سامنے آئی کہ نواز شریف اپنے خاندان کے 18 افراد کے ساتھ سعودی عرب کے شہر جدہ روانہ ہو گئے ہیں۔ جنرل پرویز مشرف کی حکومت نے انہیں بیرون ملک جانے کی اجازت دی تھی جب کہ مسلم لیگ (ن) سے تعلق رکھنے والے اس وقت کے صدر مملکت رفیق تارڑ کا کہنا تھا کہ نواز شریف کی سزا کی معافی کی درخواست انہوں نے منظور کی تھی۔ شریف نے جب کہ ان سے قبل سابق بے نظیر بھٹو لندن میں خود ساختہ جلاوطنی گزار رہی تھیں۔ نواز شریف 2013 میں تیسری بار ملک کے وزیر اعظم بن گئے لیکن اس بار بھی انہیں اقتدار سے محروم ہونا پڑا۔ اس بار بھی انہیں پاکستانی سیاست میں سول ملٹری تعلقات میں توازن کے دیرینہ مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ ان کو قید و بند کی سزا کے ساتھ تا حیات محل بھی قرار دے دیا گیا۔ نواز شریف کی نااہلی کے بعد ان ہی کی جماعت سے شاہد خاقان عباسی وزیر اعظم منتخب ہو گئے اور پنجاب میں ان کے بھائی شہباز شریف کی حکومت برقرار رہی۔ تاہم سپریم کورٹ سے نااہلی کے بعد نواز شریف کی سیاست میں واپسی کی راہیں محدود ہوتی گئیں۔ ایک جانب نیب کے ریفرینسز میں نواز شریف عدالتی کارروائی کا سامنا کر رہے تھے تو دوسری جانب فروری 2018 میں چیف جسٹس ثاقب نثار کی سربراہی میں جسٹس عمر عطا بندیال اور جسٹس اعجاز الاحسن پر مشتمل بینچ نے انہیں اپنی جماعت مسلم لیگ (ن) کے سربراہی کے لیے بھی نااہل قرار دے دیا۔ بعد ازاں 13 اپریل 2018 کو سمیع اللہ بلوچ بنام عبد الکریم نوشیروانی کیس میں چیف جسٹس آف پاکستان ثاقب نثار کی سربراہی میں جسٹس شیخ عظمت سعید، جسٹس عمر عطا بندیال، جسٹس اعجاز الاحسن اور جسٹس سجاد علی شاہ پر مشتمل بینچ نے اتفاق رائے سے آئین کے آرٹیکل 62 ایک ایف کے تحت ہونے والی نااہلی کو تا حیات قرار دے دیا۔ نواز شریف اور اس وقت پی ٹی آئی کے رہنما جہانگیر ترین کی نااہلی آئین کے اسی آرٹیکل کے تحت ہوئی تھی اس لیے ان کی نااہلی بھی تا حیات قرار پائی۔ نواز شریف کے خلاف نیب کیسز کی کارروائی جاری تھی۔ وہ 18 اپریل 2018 کو لندن میں اپنی علیل اہلیہ بیگم کلثوم نواز کی عیادت کے لیے روانہ ہو گئے۔ لندن روانگی کے لیے انہیں احتساب عدالت میں پیشی سے استثنیٰ دیا گیا۔

مسلم لیگ خیبر پختونخواہ قائدین کے طوفانی دورے

محمد صباح الدین

اس میں کوئی دو رائے نہیں ہیں کہ مسلم لیگ (ن) اس وقت جن سیاسی وتنظیمی مشکلات کا شکار ہے ماضی میں اس کی مثال کہیں دیکھنے سننے میں نہیں اتی، یہ نہیں کہ اس جماعت یا اس کے قائدین یا اس جماعت کی حکومتوں پر کرپشن، ملکی مفادات کو نقصان پہنچانے یا ملکی معیشت کی تباہی کے الزامات عائد ہوئے جیسا کہ پی ٹی ائی کی ماضی قریب کی حکومت پر لگے ہیں بلکہ اس جماعت کا قصور یہ ہے کہ اس نے ملکی مفادات کی خاطر اپنے سیاسی مفادات تک قربان کر دیئے جس کی وجہ سے نہ صرف اس کے ووٹ بنک پر بُرے اثرات مرتب ہوئے بلکہ پارٹی کے اندورنی معاملات بھی بُری طرح متاثر ہوئے۔ کچھ مرکزی سطح کے لیڈران پارٹی فیصلوں سے اختلافات کی بناء ؁ پر پارٹی چھوڑ گئے تو کچھ سائڈ لائن ہو گئے اسی طرح صوبائی سطح وضلع کی سطح کے راہنماوں عہدیداروں نے بھی اسی حوالے سے اپنا ردعمل دکھایا۔ پنجاب کے ساتھ ساتھ صوبہ خیبر پختونخواہ میں یہ ردعمل کافی حد تک دیکھنے میں ایا جس کا فائدہ ظاہری سی بات ہے دوسری سیاسی جماعتوں نے بھرپور طریقے سے اُٹھایا مگر اس سے پہلے کہ یہ صورتحال پارٹی کو صوبے میں مزید نقصان سے دوچار کرتی مسلم لیگ (ن) کے پی کی صوبائی قیادت جاگ اُٹھی۔ صوبائی صدر امیر مقام اور صوبائی جنرل سیکریٹری حاجی مرتضیٰ جاوید عباسی نے سر جوڑ لئے اور صوبے بھر کے دورے کر کہ جہاں پارٹی کاز کو نقصان پہنچانے والے عہدیداروں سے پارٹی کو پاک کرنے کا فیصلہ کر لیا وہاں ناراض عہدیداروں کارکنوں کے تحفظات دور کر کہ انہیں پارٹی میں اُن کا جائز مقام دینے کا ارادہ بھی کر لیا۔ اس سلسلے میں صوبائی جنرل سیکریٹری مرتضیٰ جاوید عباسی نے صوبے کے طوفانی دورے شروع کر دیئے جن کے دوران انہوں نے کافی ساری کامیابیاں سمیٹیں، نہ صرف ناراضوں کو راضی کرنے میں کامیاب ہوئے بلکہ حالیہ انتخابات میں کامیاب ہونے والے اذاد اراکین صوبائی اسمبلی کو مسلم لیگ (ن) میں شامل کرنے میں کامیاب بھی ہوئے۔ اس سلسلے میں پشاور سے اذاد حیثیت میں کامیاب ہونے والے ملک طارق اعوان کی مثال دی جا سکتی ہے جنہوں نے پہلی بار الیکشن لڑا اور بھاری اکثریت سے کامیاب بھی ہو گئے۔ ملک طارق اعوان کی شمولیت مسلم لیگ (ن) کیلئے جہاں تنظیمی طور پر ممد ومعاون ثابت ہو سکتی ہے وہاں صوبائی اسمبلی میں بھی ن لیگ کو ایک مضبوط وتگڑی اواز میسر اچکی ہے جس سے استفادہ کرنا اب پارٹی قائدین کی صلاحیتوں کا امتحان ہے۔ اسی طرح اپنے دورہ ء ؁ مردان کے دوران مرتضیٰ جاوید عباسی کے ہاتھ پر اکلیتی رکن صوبائی اسمبلی سریش کمار بھی بیعت کر چکے ہیں جن سے بھی ن لیگ کو صوبائی اسمبلی میں تقویت ملے گی۔ ہم اپنے اس کاوش میں جناب مرتضیٰ جاوید عباسی کا زکر خیر نمایاں طور پر اس لئے کر رہے ہیں کہ وہ خاندانی طور پر مسلم لیگی ہیں، وہ ہزارہ کے اُس فرزند سینیٹر حاجی جاوید اقبال عباسی کے صاحبزادے ہیں جن کی شبانہ روز محنت کے نتیجے میں مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں نواز شریف دوبارا ایبٹ اباد سے رکن قومی اسمبلی منتخب ہو کر دونوں بار وزیر اعظم بنے تھے۔ سینیٹر حاجی جاوید اقبال عباسی کا شمار ہزارہ کے اُن مسلم لیگی راہنماوں میں ہوتا ہے جنہوں نے نوجوانی میں قیام پاکستان کے دوران اس وقت کے صوبہ سرحد اج کے خیبر پختونخواہ کے پاکستان میں ادغام کے سلسلے میں ہونے والے تاریخی ریفرنڈم میں ہزارہ سے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا، اگر ہزارہ کے عوام اس ریفرنڈم کی حمایت نہ کرتے تو خیبر پختونخواہ پاکستان کا حصہ نہیں بن سکتا تھا۔ تو یہ سب لکھنے یاددھانی کا مقصد یہ کہ مسلم لیگ (ن) جو اس وقت سیاسی وتنظیمی بحرانوں سے گزر رہی ہے صوبہ خیبر پختونخواہ کی حد سے وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ مسلم لیگ (ن) صوبہ خیبر پختونخواہ کے صوبائی صدر امیر مقام کی نگرانی میں مرتضیٰ جاوید عباسی کے پی میں مسلم لیگ (ن) کو نہ صرف پھر سے منظم وفعال کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے بلکہ اسے صوبے کی اسمبلی میں مضبوط اپوزیشن کے طور پر منوانے میں بھی کامیاب ہو جائیں گے جس کی وجہ ان کے صوبے کے طوفانی دورے ہیں جن کا سلسلہ جاری ہے، مردان نوشہرہ صوابی، سوات کے بعد اگلے ہفتے پشاور اور اس کے بعد سابق فاٹا کے اضلاع خیبر، مہمند، باجوڑ، اور کرزئی، کے علاوہ شمالی وجنوبی وزیرستان کے اضلاع کے دورے کریں گے جن کے یقیناً مثبت حوصلہ افزاء نتائج برامد ہوں گے۔ مردان صوابی نوشہرہ بٹگرام مانسہرہ سوات کے دوروں کے دوران کارکنوں کے منعقدہ اجلاسوں اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے حاجی مرتضیٰ جاوید عباسی کا کہنا تھا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ پارٹی مفادات کو ملکی مفادات پر ترجیح دینے سے مسلم لیگ (ن) کے لئے مسائل ہے

کسان کا غیر یقینی مستقبل

حیدر عباس کلیال

گندم دنیا کے اکثر ممالک کی طرح پاکستان کی اہم ترین فصل ہے جو ملکی غذائی ضروریات کا بیشتر حصہ پورا کرتی ہے۔ گزشتہ سال اچھے ریٹ ملنے کی وجہ سے اس سال گندم کی کاشت کے رقبہ میں بیانہتا اضافہ ہوا سرکاری تخمینے کے مطابق رواں سال ریکارڈ دو کروڑ اڑتیس لاکھ ایکڑ سے زائد رقبے پہ گندم کی کاشت ہوئی نتیجتاً اس سال گندم کی بمپر پیداوار ہوئی۔ لیکن ناقص حکومتی پالیسیوں، اداروں کے باہمی روابط ومشاورت کے کمزور نظام اور موقع پرست منافع خور مافیہ کی ملی بھگت سے بیوقت گندم کی درامد نے کسان کی ساری امیدوں پہ پانی پھیر دیا۔ بین الاقوامی منڈی میں گندم کی قیمت کافی کم تھی لاکھوں ٹن خرید کر مقامی مارکیٹ میں مہیا کر دی گئی لیکن اٹا مقامی گندم کے ریٹ کے مطابق یعنی 4700 روپیہ من فروخت ہوتا رہا جس سے عوام کو تو کچھ فائدہ نہ ہوا کسان کا مستقبل بھی غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہے البتہ کرپٹ اشرافیہ کی جیبوں میں اربوں روپیہ پہنچ گیا۔ المیہ یہ ہے ملکی تاریخ کے سب سے بڑے زرعی سکینڈل اور بیضابطگی کی اج تک کوئی تفتیش تحقیق ہوئی نہ کوئی اعلیٰ اختیاراتی کمیشن بن سکا۔ ابھی تک دوسرے اہم مسئلے کی طرف بھی توجہ مبذول نہیں ہو سکی کہ گندم کی کاشت کے رقبے میں ایک ملین ایکڑ کے اضافے کے باعث دیگر فصلوں مثلاً مسور چنا تارامیرا اور کنولا جیسی اہم فصلات کا رقبہ کم ہوا جس کے باعث ان کی طلب ورسد میں فرق کے باعث ریٹ بڑھنا یقینی ہے بلکہ درامد کی صورت میں قیمتی زرمبادلہ کا زیاں کا امکان نوشتہ دیوار ہے۔ یہ تو اس سارے بحران کے چند ظاہری اسباب ہیں۔ لیکن قابل غور بات یہ کہ بحران اچانک ہی پیدا ہو گیا یا اس کے ظاہری اسباب کے پس پردہ کوئی بہت بڑی سازش بھی پنہاں ہے۔ میری دانست میں اس کے پیچھے جو سازش پنہا ہے وہ کارپوریٹ سیکٹر ہے جو ہر شعبہ ہائے زندگی پہ بتدریج پنجے جما رہا ہے۔ صرف زراعت کے حوالے سے ہی دیکھا جائے اس سے قبل کارپوریٹ سیکٹر پولٹری فار

تحریر: جعفر قمبرانی

پی پی ایل پبلک لائبریری قلات: زبوحالی کا شکار

تعلیمی میدان میں لائبریریوں کا کردار ناقابل فراموش ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ علم حاصل کرنے اور کتاب پڑھنے کے کلچر کو فروغ دینے میں لائبریریاں بہت اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ لائبریریاں طلباء کی توجہ مطالعہ کی جانب بڑھاتی ہیں اور علم کے سمندر میں غوطہ لگانے کے نئے اور جدید طریقوں سے واقف کراتی ہیں۔ دنیا میں جہاں بھی تعلیم کا رواج عام ہوا ہے تو وہ صرف لائبریریوں کی ہی بدولت۔ ایک ہم ہے کہ تمام تعلیمی سہولیات کی فقدان کے ساتھ ساتھ اچھے اور معیاری لائبریریوں سے بھی محروم ہیں۔ قلات جہاں ایک بھی معیاری تعلیمی ادارہ نہیں وہی لائبریریاں بھی بند پڑی ہوئی ہے یا سہولیات کا اس قدر فقدان ہے کہ انہیں گھوسٹ لائبریریوں کا نام دینا ہی مناسب ہوگا۔ پی پی ایل کی جانب سے 2012 میں بنائی گئی ایک واحد عوامی لائبریری ہے جو کہ کہی سال سے کھنڈرات کا منظر پیش کررہی ہے۔ پی پی ایل کی جانب سے تعمیر کی گئی یہ لائبریری حکومتی غیر توجہی اور حکام کی جانب سے نظر انداز کئے جانے کی وجہ سے ایک بھوت بنگلے کا منظر پیش کرتی ہے جس میں لڑکیوں کیلیے علیحدہ کمرے تک نہیں۔ لائبریری میں موجود واحد ہال نما کمرہ کرسی اور دیگر ضروری سامان سے محروم ہے۔ کرسیوں، لیپ ٹاپ اور جدید سائنسی کتابوں کی کمی کا ذکر کیسے کی جائے جہاں قلات کے اس واحد لائبریری میں صفائی اور دیگر انتظامی امور کیلیے ملازمین تک موجود نہیں۔ لائبریری میں موجود واحد شخص جہانزیب مینگل بلوچ سے بات چیت کے دوران معلوم ہوا کہ وہ لائبریری میں لائبریری اسسٹنٹ سے لے کر چپراسی اور مالی تک کے تمام امور کو سنبھالتا ہے۔ گیٹ کھولنے سے صفائی، شجرکاری اور بازار سے اخبارات و رسائل لانے تک کا سارا کام وہی ایک شخص کرتا ہے۔ حیرانی کی بات یہ ہے کہ اس بھوت بنگلے میں ایک ہی شخص (JM) 13 سے 14 گھنٹے پابندی سے نوکری کرتا ہے اور دیگر اسٹاف یا تو سرے سے ہے ہی نہیں یا کسی سفارش کے بل بوتے ڈیوٹی انجام دینے سے قاصر ہیں۔ جہانزیب نے بتایا کہ وہ لائبریری کے ماحول سے جزباتی طور پر جڑے ہے اور اس میں خدمات اس لئے انجام دیں رہیں ہے کہ اسے کتابوں سے انسیت ہے۔ تاہم حیرانی کی بات یہ کہ کھنڈرات نما لائبریری نے کبھی حکومت یا لائبریری انچارج کی توجہ اپنی طرف مبذول نہیں کرائی اور نا ہی لائبریری کی دیکھ بھال اور ترقیاتی کاموں کیلیے کوئی فنڈ موصول ہوئی۔ میرے مشاہدے کے مطابق لائبریری کے انچارج کوسوں دور کوئٹہ میں مقیم ہے جس کو لائبریری کی نا فکر ہے اور نا ہی خبر کہ لائبریری میں آئے طلبہ کن مسائل کے شکار ہیں۔ مخمصہ یہ ہے کہ محکمہ تعلیم اور افسران لائبریری کی ابتر حالت کو ہمیشہ نظر انداز کرتے رہے ہیں جن کی وجہ سے لائبریری قرضوں میں ڈوب گیا ہے۔ یوٹیلیٹی (بجلی، پانی اور انٹرنیٹ) کے بل لاکھوں میں پہنچ گئے ہیں۔ جے ایم نے دعویٰ کیا کہ لائبریری کبھی محکمہ تعلیم کے پاس تھی جس نے کبھی اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی زحمت نہیں کی۔ ان کے مطابق پی پی ایل لائبریری قلات صرف اس وقت سے اخبارات کی ستر ہزار (70,000) کی مقروض ہے جب محکمہ تعلیم کی نگرانی میں تھی۔ دوسری جانب شہر کی واحد بھوت لائبریری میں آنے والی بدقسمت لڑکیوں کو واش روم کی کمی، مطالعہ کے لیے الگ کمرے اور انٹرنیٹ کی سہولیات کی عدم دستیابی کی وجہ سے کافی مشکلات کا سامنا ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہزاروں طالبات میں سے 30 سے بھی کم طالبات لائبریری آتی ہیں اور اپنے تعلیمی و تدریسی حقوق کو پہچان سکتی ہیں۔ میں لائبریری کے مستقل رکن کی حیثیت سے اعلیٰ حکام سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ کم از کم لڑکیوں کے لیے الگ کمرے بنائیں، لائبریری کو بنیادی سہولیات جیسے انٹرنیٹ، لیپ ٹاپ، کتابیں اور دیگر اسٹڈی گیجٹس فراہم کریں۔ مزید براں کہ لائبریری کو بدانتظامی سے دور رکھنے کے لیے کم از کم 8-10 آسامیوں کا اعلان کیا جائے تاکہ لائبریری کی تمام تر امور روزانہ کے طور پر منظم طریقے سے سرانجام دیے جاسکے۔

روحانی تھراپی

طیبہ ضیاء

حضرت علی کے اقوال میں تمام نفسیاتی مسائل کا حل موجود ہے، جن کو انگریزی میں Quotes Healing بھی کہا جاتا ہے۔ حضرت علی فرماتے ہیں، 'پریشانی خاموش رہنے سے کم، صبر کرنے سے ختم اور شکر کرنے سے خوشی میں بدل جاتی ہے'۔ 'جو تمھیں خوشی کے موقع پر یاد آئے، سمجھ لو کہ تم اس سے محبت کرتے ہو اور جو تمھیں غم کی شدت میں یاد آئے تو سمجھ لو کہ وہ تم سے محبت کرتا ہے'۔ 'کبھی کسی کے سامنے اپنی صفائی پیش نہ کرو کیوں کہ جسے تم پر یقین ہے، اسے ضرورت نہیں اور جسے تم پر یقین نہیں وہ مانے گا نہیں'۔ 'ہمیشہ سچ بولو کہ تمھیں قسم کھانے کی ضرورت نہ پڑے'۔ 'انسانوں کے دل وحشی ہیں جو انھیں موہ لے، اسی پر جھک جاتے ہیں'۔ 'جب عقل پختہ ہو جاتی ہے، باتیں کم ہو جاتی ہیں'۔ 'انسان زبان کے پردے میں چھپا ہے'۔ 'جو بات کوئی کہے تو اس کے لیے برا خیال اس وقت تک نہ کرو جب تک اس کا کوئی اچھا مطلب نکل سکے'۔ 'دنیا کی مثال سانپ کی سی ہے کہ چھونے میں نرم اور پیٹ میں خطرناک زہر'۔ 'کسی کے خلوص اور پیار کو اس کی بے وقوفی مت سمجھو ورنہ کسی دن تم خلوص اور پیار تلاش کرو گے اور لوگ تمھیں بے وقوف سمجھیں گے'۔ 'جو بھی برسر اقتدار اتا ہے، وہ اپنے اپ کو دوسروں پر ترجیح دیتا ہے'۔ 'بھوکے شریف اور پیٹ بھرے کمینے سے بچو'۔ 'لوگوں کو دعا کے لیے کہنے سے زیادہ بہتر ہے ایسے عمل کرو کہ لوگوں کے دل سے اپ کے لیے دعا نکلے'۔ 'مومن کا سب سے اچھا عمل یہ ہے کہ وہ دوسروں کی غلطیوں کو نظر انداز کر دے'۔ 'سب سے بڑا عیب یہ ہے کہ تم کسی پردہ عیب لگاو جو تم میں خود ہے'۔ 'جو ذرا سی بات پر دوست نہ رہے۔ وہ دوست تھا ہی نہیں'۔ 'جس کو ایسے دوست کی تلاش ہو جس میں کوئی خامی نہ ہو، اسے کبھی بھی دوست نہیں ملتا'۔ 'انصاف یہ نہیں کہ بدگمانی پر فیصلہ کردیا جائے'۔ 'حکمت مومن کی کھوئی ہوئی چیز ہے، حکمت خواہ منافق سے ملے لے لو'۔ 'کسی کی مدد کرتے وقت اس کے چہرے کی جانب مت دیکھو، ہو سکتا ہے اس کی شرمندہ انکھیں تمہارے دل میں غرور کا بیج بو دیں'۔ 'ایک شخص نے علی کرم اللہ وجہہ سے پوچھا کہ جب ہماری قسمت پہلے سے لکھی ہوئی ہے تو ہمیں دعا مانگنے کی کیا ضرورت ہے؟ حضرت علی نے فرمایا، 'ہوسکتا ہے کہ اپ کی قسمت میں یہی لکھا ہو کہ جب اپ مانگے کہ تبھی اپ کو ملے گا'۔ 'صبر کی توفیق مصیبت کے برابر ملتی ہے اور جس نے اپنی مصیبت کے وقت ران پر ہاتھ مارا، اس کا کیا دھرا اکارت گیا'۔ 'موت کو ہمیشہ یاد رکھو مگر موت کی ارزو کبھی نہ کرو'۔ 'قناعت وہ دولت ہے جو ختم نہیں ہوسکتی'۔ حضرت علی مرتضیٰ کے ارشادات، اقوال، نصیحت، وعظ، عمل، کمالات، علم، معرفت، ایمان، تقویٰ، توکل، قناعت، صبر، شکر، بندگی، اطاعت، سخاوت، عبادت، عجز و انکساری، حکمت، دانائی، ایثار، قربانی، ایک عام انسان کی سوچ سے بالا ہے۔ جس بے نصیب کو اپ کی معرفت نصیب نہیں وہ شخص لاعلاج ہے کیوں کہ نبی کریم کا ارشاد مبارک ہے کہ 'میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے، لہٰذا جو کوئی علم حاصل کرنے کا ارادہ رکھتا ہے اسے چاہیے کہ اس دروازے سے اۓ'۔ 'غزوہ خیبر کے موقع پر نبی کریم نے ارشاد فرمایا کہ کل میں ایسے شخص کو جھنڈا عطا کروں گا جس کے ہاتھ پر خیبر فتح ہوگا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرنے والا ہوگا اور اللہ اور اس کا رسول اس سے محبت کرے گا۔ صحابہ کرام انتظار میں تھے کہ سعادت ہم میں سے کس کو ملے گی۔ حضور اقدس نے حضرت علی کو یاد فرمایا، اس وقت اپ کو اشوب چشم لاحق تھا۔ حضور پاک نے اپ کی چشمانِ مبارک میں اپنا لعاب دہن ڈالا اور پرچم اسلام عطا فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھ سے خیبر فتح کر دیا۔ نبی کریم نے حضرت علی کو مخاطب کرکے فرمایا، 'تم میرے نزدیک وہی مقام رکھتے ہو جو مقام موسیٰ کے نزدیک ہارون کا تھا البتہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے'۔ حضور نے فرمایا، 'اے علی! تم سے محبت کرنے والا، مجھ سے محبت کرنے والا ہے اور تم سے بغض رکھنے والا مجھ سے بغض رکھنے والا ہے'۔ علی مرتضیٰ کے ساتھ اقا کی محبت کا یہ عالم تھا کہ علیکی زبان مبارک سے نکلا ہر جملہ شفا بن جاتا ہے۔ اور علی مرتضیٰ کی انکساری کا یہ مقام تھا کہ خود فرماتے ہیں، 'اے اللہ! میری عزت کے لیے یہی کافی ہے کہ میں تیرا بندہ ہوں اور میرے فخر کے لیے یہی کافی ہے کہ تو میرا پروردگار ہے

تاریخ کے زخم

گزشتہ سے پیوستہ: بحوالہ میرا کالم مورخہ 29 اپریل 2024ء

ہم نے اپنے سابقہ کالم میں لیفٹیننٹ جنرل سر فرانسس ٹکر کی 1946ء سے 1947ء تک کی انکھوں دیکھی یاداشتیں جو اُس نے اپنی کتاب While Serves Memory میں لکھیں اپنے قارئین کے سامنے پیش کی تھیں۔ یہ اس لئے ضروری ہیں کہ یہ ہماری تاریخ ہے اور جو قوم اپنی تاریخ سے لاپروائی برتتی ہے وہ اپنے جغرافیہ سے بھی محروم ہوجاتی ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل سر فرانسس ٹکر تاریخ کے اِس خون اشام دور میں کمانڈر رانچی (بھارت) ہیڈکوارٹر تھا تو یوں اس علاقے کی خونی تاریخ میں وہ بذات خود ایک اہم کردار تھا۔ اُس کی کمانڈ کے علاقے میں صوبہ اسام۔ بنگال۔ اڑیسہ۔ بہار۔ اتر پردیش۔ دہلی اور مشرقی پنجاب شامل تھے۔ اِن علاقوں میں جو کچھ مسلمانوں کے ساتھ ہوا نا قابلِ برداشت تھا جسکا لازمی نتیجہ مسلمانوں کی شدید خواہش تحفظ تھا جو ایک علیحدہ مسلمان ملک میں ہی ممکن تھا۔ اس لئے کہا جاتا ہے کہ پاکستان مسلمانوں نے نہیں ہندوؤں نے بنایا تھا۔ تاریخی واقعات اپنے قارئین کے پیشِ خدمت ہیں۔ 6 سے 15 نومبر 1946ء کے دوران مسلمانوں پر قیامت ڈھادی گئی۔ پوری وادی گنگا میں کلکتہ سے نواکھالی۔ پورا صوبہ بہار اور یوپی میں بہت سے مسلمانوں کا صفایا کردیا گیا۔ صفحہ 196 پر جنرل کے اپنے الفاظ میں Hindu the Bihar "In on descended legions and Muslims few the leaving out, them wiped thousand seven about dead" "بہار میں کچھ ہندو جتھے مسلمانوں پر ٹوٹ پڑے اور انہیں بالکل ختم کر دیا۔ 7 ہزار مسلمان مارے گئے" حیران کن بات یہ ہے کہ ان فسادات کی کوئی وجہ بھی تو نہ تھی۔ صرف کسی نے افواہ پھیلائی کہ فلاں فلاں علاقے میں مسلمان نوجوانوں نے ہندو لڑکیوں کی بے حرمتی کی ہے۔ مزید حیران کن بات کہ یہ خبر بالکل بے بنیاد تھی۔ خیال تھا کہ ان لوگوں کی خون بہانے کی پیاس ختم ہوگئی ہوگی لیکن انہی دنوں "گڑھ مختیسور Garh Mukhteswar (یوپی)" میں ایک ہندو میلہ تھا۔ اس میلے میں دہلی۔ مرادابادا اور بریلی تک کے مسلمانوں کی دوکانیں تھیں۔ "گڑھ مختیسور" میں بذات خود بھی بہت سے مسلمان اباد تھے۔ وہاں کسی وجہ سے ایک مسلمان نے ایک جاٹ لڑکی سے کوئی بات کی۔ فوری افواہ پھیل گئی کہ مسلمانوں نے ہندو خواتین کی ہتک کی ہے۔ جونہی یہ افواہ پھیلی روہتک اور حصار کے ہندو جاٹ مسلمانوں پر ٹوٹ پڑے۔ ان کے تمام سٹال جلا دیئے۔ ان سٹالز پر کام کرنے والے مسلمان بیدردی سے قتل کر دیئے۔ پھر یہ جتھے وحشیوں کی طرح میلے میں دوڑے اور جہاں کہیں کوئی مسلمان نظر ایا قتل کر دیا۔ بقول مصنف صفحہ 90-198 عملی طور پر ہر مسلمان مرد عورت اور بچہ جو اس حدود میں موجود تھا۔ بیدردی سے قتل کر دیا گیا حتی کہ ہندوؤں کے اس ظلم سے حاملہ خواتین بھی نہ بچ سکیں۔ ایسی خواتین کے پیٹ پھاڑ دیئے۔ پیٹ میں پرورش پانے والے بچوں کو بیدردی سے نکال کر دیواروں کے ساتھ پٹخ کر مار دیا اور کچھ کو پاؤں کے نیچے روند دیا۔ نوجوان مسلمان عورتوں کی کھلے عام عصمت دری کی گئی۔ خواتین و بچوں کو ہندو غنڈوں نے ٹانگوں سے پکڑ کر زندہ انسانوں کو دو دو حصوں میں چیر دیا۔ بہت سے لوگوں کو کرپان جیسے نیزوں سے مارا اور کچھ کو پکڑ کر ان کی گردنیں کاٹ دیں۔ پھر ان کو بھی اگ لگا دی گئی۔ جلتی لاشوں اور جلتے سٹالز کا نظارہ دیکھنے کے لئے ہندو خواتین کھڑی ہو کر تالیاں بجاتی رہیں اور اپنے مردوں کو مزید قتل و غارت پر اکساتی رہیں۔ بعد کے حالات سے یہ ثابت ہوا کہ یہ سب کچھ ہندو مہا سبھا کی منصوبہ بندی کے تحت کیا گیا جس کے لئے ہندو مکمل طور پر پہلے ہی سے تیار اور مسلح تھے۔ "گڑھ مختیسور کے مقامی ہندوؤں نے جاٹوں کے اس ظلم کے خلاف کچھ بھی نہ بولا۔ شہر میں اچھی بھلی مسلمانوں کی ابادی تھی۔ ہندو دستے مسلمانوں کے قتل عام کے لئے علاقے میں پھیل گئے اور یہ قتل و غارت اس وقت تک جاری رہا جب تک علاقے کے تمام مسلمان یا تو قتل کر دیئے گئے یا پھر جان بچانے کے لئے علاقے سے بھاگ گئے۔ بدقسمتی سے اس پورے علاقے میں کوئی انگریز افیسر نہ تھا جو ان بے گناہ لوگوں کا قتل عام روک سکتا۔

سکندر خان بلوچ

علاقے کا ڈپٹی کمشنر۔ سپرنٹنڈنٹ پولیس اور پولیس اہلکار سب ہندو تھے۔ ان سب نے دل کھول کر اپنے لوگوں کی مدد کی۔ البتہ جہاں بھی انگریز انتظامی افیسرز تھے ایسے فسادات پر فوری قابو پالیا گیا۔ دوسرے دن روہتک کے جاٹ اور ہندو یاتری ملکر گڑھ مختیسور شہر اور اسکے گردونواح میں مسلمان محلوں اور مسلمان گاؤں پر پھر اچانک حملہ اور ہوئے۔ ہر نظر انے والے مسلمان مرد و عورت کو قتل کر دیا۔ عورتوں کی ابروریزی کی اور مسلمانوں کے مکانات جلا دیئے۔ علاقے کے تمام مسلمان ڈر کر بھاگ گئے۔ پھر یہ لوگ وحشی درندوں کی طرح چیختے چنگھاڑتے ہسپتال کی طرف دوڑے۔ ڈسٹرکٹ میڈیکل افیسر۔ اسکی بیوی اور اسکے مسلمان سٹاف کو موقعہ پر قتل کر دیا۔ مسلمان مریضوں کا بھی یہی حشر کیا۔ پھر ایک مسلمان ڈاکٹر کے گھر پر حملہ کیا۔ ڈاکٹر کو بیدردی سے موقعہ پر ختم کر دیا۔ اسکی نوجوان بیوی کی نوجوان ہندو غنڈوں نے ابروریزی کی۔ پھر اس کے کپڑے اتار کر پورے شہر میں فتح کے طور پر اسے گھمایا گیا۔ اسی دوران اس نوجوان عورت نے اپنے ٹوٹے ہوئے بازو کے ساتھ نزدیک سے گزرتے ہوئے دریائے گنگا میں چھلانگ لگا دی جواب ہندوؤں کی نظر میں نا پاک ہو گیا۔ دوسرے کنارے پر اس بے ہوش عورت کا جسم ملا۔ اس وسیع قتل و غارت کے مزید پھیلاؤ کو روکنے کے لئے سرکاری طور پر اموات کا اعلان نہ کیا گیا۔ یہاں حیران کن بات ہے کہ موقعہ پر تقریبا دو درجن مکمل طور پر مسلح پولیس کے لوگ موجود تھے۔ کسی نے بھی اس انسانی المیے کو روکنے کی کوشش نہ کی۔ چار پولیس اہلکار شہر میں داخل ہوئے۔ ہجوم کے سروں کے اوپر گولیاں چلائیں اور پھر واپس اگئے جس کا کوئی اثر نہ ہوا۔ میلہ کے علاقے میں ایک بڑی پولیس پوسٹ بھی تھی۔ مسلمانوں نے دوڑ کر انہیں اطلاع دی لیکن پولیس نے ٹکا سا جواب دیدیا کہ یہ ان کی ذمہ داری نہیں۔ شام کو کچھ دیر کے لئے قتل و غارت رکی لیکن رات کو تازہ دم مسلح ہندو غنڈے مختیسور کے شہر میں مسلمان محلوں پر پھر حملہ اور ہوئے اور مظلوم مسلمان جہاں کہیں جان بچانے کے لئے بھاگ سکتے تھے بھاگ گئے۔ قتل و غارت کی خبریں اردگرد دیہات میں "میرٹھ" تک پھیل گئیں

پولیس

ریلوے اسٹیشن	9201499
کینٹ پولیس اسٹیشن	9201087
بکل روڈ پولیس اسٹیشن	9202042
سٹی پولیس اسٹیشن	9201250
گوالمنڈی پولیس اسٹیشن	1217
پشتون آباد پولیس اسٹیشن	2664040
قائد آباد پولیس اسٹیشن	9202218
انڈسٹریل پولیس اسٹیشن	92111050
پولیس لائن	9201435
کچلاک پولیس اسٹیشن	2890234
سریاب پولیس اسٹیشن	9211080
بروری پولیس اسٹیشن	2853610
نیو سریاب پولیس اسٹیشن	2892033
شالکوٹ پولیس اسٹیشن	2460190
ایمرجنسی سینٹر	15
ایمرجنسی سینٹر (A)	9202555
ایمرجنسی سینٹر (B)	9202777
سول لائن پولیس اسٹیشن	9202739
کرانٹر برانچ	9201418
صدر پولیس اسٹیشن	9201435
ٹریفک ایمرجنسی	9201991
سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس اسٹیشن	9211707
سی آئی اے	9202253
ایئرپورٹ پولیس اسٹیشن	2880387

بجلی

مرکزی شکایات سینٹر	18
کوئٹہ سٹی ڈویژن	9202027
ریونیو آفس سریاب	9211341
سب ڈویژن کراٹی	2442834
کچلاک سب ڈویژن	2890075
گوالمنڈی سب ڈویژن	2869001
لیاقت بازار شکایت آفس	9201459
بروری سب ڈویژن	2828409
زرغون آفس	2823403
سپرنٹنڈنٹ انجینئر کوئٹہ	9202003

پی آئی اے

انکوائری	117
ایکس چینج	9201993/9202632
ریزرویشن	9201066
ایئرپورٹ انکوائری	114
ایکسچینج	9203873
ایئرپورٹ ایکسچینج	2880213/6
ٹریفک	2880028

ٹیلیفون

ہیلپ لائن	1236
شکایات	1218
بلنگ ہیلپ لائن	1200

ہسپتال

ایدھی سینٹر	2830861115
عمر فاؤنڈیشن	2837296
سول ہسپتال ایمبولینس	9202017
سول ہسپتال ایکس چینج	9202017
کرسچن ہسپتال	2842697
وفاقی میڈیکل سینٹر	9211636
ہیلپر آئی ہسپتال	9211087
ریلوے ہسپتال	9211078
لیڈی ڈفرن ہسپتال	2836532
فاطمہ جناح ٹی بی سینوریم	2853618
چلڈرن ہسپتال	2823705/14
مائیلو شہید ٹرسٹ	2824875/2828383
پاکستان جنرل ہسپتال	2842043/284229
جیلانی ہسپتال	2447183
ایل آر بی ٹی	2850362
شعبہ حادثات سول ہسپتال/ایمرجنسی	137
بی ایم سی	2823618/2830553
فوجی فاؤنڈیشن میڈیکل سینٹر	2664461

فائر بریگیڈ

سٹی فائر بریگیڈ	2841118/920264
سرکلر روڈ	9201066/16
کنٹونمنٹ بورڈ	9201629

واسا شکایات

ایکسین	9211612
سب آفس مالی باغ	9202299
کواری بورڈ	9202846
ایوب اسٹیڈیم	9202708

دیگر اہم نمبر

پی ٹی وی سینٹر	9202626
ریڈیو پاکستان	9202393
کوئٹہ پریس کلب	2821731
بلوچستان بورڈ	9202791

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

TENDER NOTICE

The POLICE TRAINING INSTITUTION invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-232405405462 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee Rs.1000/-**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	OPERATION AND MAINTENANCE (Total Item(s) Count: 2)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 1,000,000 Million each in Previous 6 Years. Accumualted Turn over of at least PKR.1,500,000 Million in 3 Subsequent Previous Years. Presence in Active Tax Payer List. BRA Registration Certificate. The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan. **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 23 May, 2024till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:30 AM on EPPS System **Address:** POLICE TRAINING COLLEGE SARYAB ROAD QUETTA

Phone no: 3003811612 Email: ptcquetta@hotmail.com

DEPUTY COMMANDANT POLICE TRANING COLLEGE QUETTA

PRQ No.2152/6-5-2024

www.dlpr.gob.pk @dlpr_gob dlpr.gob @dlpr.balochistan

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گریز کیا اور اس وقت بھی کروڑوں تاجر لیکس ٹیکس ورک سے باہر ہیں جب کہ ایف بی آر کی تاجر دوست سکیم رجسٹریشن کی مہلت ختم ہوچکی ہے، اس سکیم کے تحت تاجروں کو خود رجسٹریشن کروانے کا موقع دیا گیا تھا، تاہم اب ایف بی آر نے تاجر دوست سکیم کے تحت رجسٹریشن نہ کروانے والوں کے خلاف ایکشن کا فیصلہ کیا ہے، رجسٹریشن نہ کروانے والوں کو جرمانے کرنے کا امکان ہے رجسٹریشن میں جتنی تاخیر کی گئی اتنا بھاری جرمانہ بھی ہوسکتا ہے

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹھہرا یتیجتی کرتے ہوئے کہا کہ ہم مولانا محمد صدیق مینگل کے غم میں برابر کے شریک ہیں، ہم دعا گو ہیں اللہ تعالیٰ شہید کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائیں، انہوں نے شہید مولانا محمد صدیق مینگل کی دینی سیاسی اور سماجی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ شہید مولانا محمد صدیق مینگل کی خدمات کو یاد رکھے جائیں گے، مولانا محمد صدیق مینگل صاحب نماز جمعہ پڑھانے خضدار یونیورسٹی جارہے تھے موٹر سائیکل سوار دہشتگردوں نے ڈیوائس بم شہید کی کار پر لگایا جس کے پٹے سے مولانا محمد صدیق مینگل جام شہادت نوش کر گئے، انہوں نے مزید کہا کہ مولانا محمد صدیق مینگل انتہائی نیک اور بے ضرر انسان تھے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، صوبائی اور وفاقی حکومت خضدار دھماکے اور مولانا صدیق مینگل کی شہادت کی براہ راست ذمہ دار ہے، دعا ہے اللہ تعالیٰ شہید کے درجات کو بلند فرمائے اور زخمیوں کو جلد صحت یاب فرمائے۔ آمین

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اچکزئی، نعمت اللہ کاکڑ، گل جان کاکڑ، سید ارسلان شاہ، سید شاہ بابر، سید محبوب شاہ، پروفیسر ساجد نبی، عبدالرشید مینگل محمد اکبر کاکڑ، اسماعیل پرکانی، عبداللہ مینگل، حافظ عبدالقیوم، دارو خان بزنجو، اسحاق پرکانی، حاجی ثنا اللہ رند، محمد راحیل بھنگر اور دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے جاری احتجاجی تحریک کے حوالے اور موجودہ صورتحال پر تفصیلی غور و خوض ہوا۔ اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ کل بروز منگل 7 مئی اور بروز بدھ 8 مئی کو جامعہ بلوچستان کے سامنے مین سریاب روڈ پر دن گیارہ بجے احتجاجی دھرنا دیا جائے گا اور بروز جمعرات 9 مئی کو صوبائی اسمبلی کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا جائے گا، اجلاس میں تمام اساتذہ کرام، آفیسران و ملازمین سے اپیل کیا جاتا ہے کہ بھرپور انداز میں اپنی شرکت یقینی بنائیں اور میڈیا نمائندگان سے گورنج کا التماس ہے

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ان، علماء اکرام اور پڑھے لکھے لوگ اپنا اپنا کردار ادا کریں بعد میں پچھتانے سے بہتر ہے ہر مسئلے کا حل پہلے ہی نکال لینا چاہیے قتل و غارت کے بعد میڑھ مرکوں کے بجائے پہلے ہی مل بیٹھ کر ہر مسئلے کا حل نکالا جاسکتا ہے خدارا چھوٹے چھوٹے مسائل کے خاتموں کے لیے ہم سب کو پہل کرنے کی ضرورت ہے ورنہ اسی طرح معمولی رنجشوں پر نوجوانوں کے جنازے اٹھاتے رہے گے انسان خالی ہاتھ آتا ہے اور خالی ہاتھ ہی واپس جاتا ہے تو پھر ان زمینوں جائیدادوں اور بینک بیلنس کس کام کے انان بن کو انسانیت کا پرچار کرنے کی اشد ضرورت ہے

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ اس حوالے سے عوام کی آواز بن کر ہر ممکن اقدام اٹھانے سے گریز نہیں کرے گی۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

لیٹر 160 روپے آج 190 تک پہنچ گیا اگر پابندی کو مکمل ختم کردیا گیا تو خدشہ ہے 300 روپے لیٹر تک قیمت پہنچ جائے گی

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بخش قادری زوہیب احمد قادری علی فقیر قادری سولنگی نے جمعیت علمائے پاکستان کے دستور سے اتفاق کرتے ہوئے سالار جمعیت شاہ محمد اویس نورانی کی صدارت پر اعتماد کرتے ہوئے شمولیت اختیار کی

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کرکے تنگ کرنے کی عمل قابل مذمت ہے آئے روز شہر میں چوری ڈکیتیاں عام ہورہی ہے منشیات عام ہوچکی ہے چور اور ڈاکو سرعام گھوم رہے ہیں انہیں پکڑنے کے بجائے پولیس شہریوں کی تذلیل کرنے پر تلی ہوئی ہے انہوں نے مزید کہا کہ ہم حکام بالا سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ایسے کرپٹ افسران کے خلاف کارروائی کی جائے

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پرلٹ کی حمایت میں احتجاجی ریلی کا اہتمام کیا گیا جس سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چمن پرلٹ کے مطالبات برحق ہے اور پرلٹ پر بلاجواز فائرنگ کی سخت مذمت کی مقررین نے احکام سے مطالبہ کیا کہ پشتون وطن کی روزی سے کھیلنا بند کیا جائے اور بارڈر پر مقامی دستاویزات کو قابل ترجیح بنایا جائے

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کچھ نہیں ہوگا اگر یہی روش رہی تو ملک میں کوئی قانون نہیں ہوگی یہی حالات نے بلوچ وہابل کو مجبور کر دیا کہ وہ اپنا بدلہ خود لیں اگر حکومت کرتی تو انہیں ہتھیار اٹھانے کی ضرورت نہ پڑتی کچھ میں ڈاکوؤں نے دیدادو دلیری ظلم کرنا شروع کر دیا آئے روز لوگوں کو قتل کرنا اغوا کرنا یہ کہاں کا انصاف قانون ہے اگر پولیس کچھ کرتی بھی ہے تو وہاں کے وڈیرے پولیس کو کام کرنے ہی نہیں دیتی اس صورت حال میں بلوچ قبائل بھی اپنا بدلہ معاف نہیں کرتے مجبور ہوکر بلوچ قبائل نے یہ قدم اٹھایا اب حقیقت کیا آیا کہ شرا قوام نے کیا یا کسی اور اقوام کے ڈاکو تھے لیکن اس علاقے میں سب ڈاکو بنے ہوئے ہیں ان کے سہولت کار بنے ہوئے ہیں اب اس جرم میں سب برابر کے شریک ہیں لیکن ملک میں قانون کا بیڑا غرق ہے ظلم کی انتہا ہے کہ ڈاکو راج کے لیے قانون کے رکھ والوں نے بھی گھٹنے ٹیک دیے ہیں ملک کو قانونیوں میں تبدیل کیا جارہا ہے اب بھی وقت ہے کہ وہ ہوش کے ناخن لیں قانون کو مضبوط کریں

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سے چھ موٹر سائیکل ڈکیتا دیے شہر میں تاجروں سے لاکھوں روپے کی ڈکیتیاں ہوتیں تھیں لیکن شہری سخت پریشان رہتے تھے ایس پی کو چند پرائیوٹ اور کچھ اوفیسر چلاتے تھے تھانے دار بے بس ہوتے تھے یہاں تک کہ سرکل ڈی ایس پی بھی بے بس تھے۔ اب جب ڈی پی او منیر بادینی نے چارج سنبھالا تو وہی عملہ کام کر رہا ہے اور اوفیسر دل لگا کر کام کرتے ہیں اور کافی امن امان بھی بہتر ہوئی ایس ایس پی منیر بادینی اور ڈی ایس پی خادم مگسی اور ان کی ٹیم بہتر کام کر رہے ہیں اور امن امان قدر بہتر ہے اگر اسی طرح کام کرتے رہے تو مزید امن بہتر ہوگا

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہے اس وقت تنظیم کے زیر اہتمام سکول میں 300 کے قریب بچے اور بچیاں زیور تعلیم سے آراستہ ہورہے ہیں اور بلوچستان دارالایتام (یتیم بچوں کا اپنے گھر میں 90 یتیم اور غریب بچوں کو تعلیم رہائش اور کھانے پینے کے انتظامات مفت فراہم کیے جارہے ہی

'ٹائی ٹینک' کے کیپٹن ایڈورڈ اسمتھ 79 برس کی عمر میں چل بسے

ساتھی اداکاروں نے برنارڈ ہل کی موت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے اسے بڑا نقصان قرار دیا



لندن (سی ایم لنکس) شہرہ آفاق فلم ٹائی ٹینک کے کیپٹن ایڈورڈ اسمتھ اور فلم لارڈ آف دی رنگز کے Théoden King اناسی برس کی عمر میں چل بسے۔ فلم ٹائی ٹینک میں جرات، بہادری اور بحری اصول کے مطابق مسافروں کو بچا کر خود کو سمندر کی بے رحم موجوں کے حوالے کرنے پر کیپٹن ایڈورڈ اسمتھ کا کردار نبھانے والے مشہور اداکار برنارڈ ہل کی حال ہی میں برطانوی ٹی وی اسکرین پر واپسی ہوئی تھی۔ بتایا جاتا ہے کہ انکا ایک ڈرامہ آج نشر ہونے والا تھا۔ ساتھی اداکاروں نے برنارڈ ہل کی موت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے اسے بڑا نقصان قرار دیا۔ شہرہ آفاق فلم ٹائی ٹینک کے کیپٹن ایڈورڈ اسمتھ اور فلم لارڈ آف دی رنگز کے King Théoden اناسی برس کی عمر میں چل بسے۔ فلم ٹائی ٹینک میں جرات، بہادری اور بحری اصول کے مطابق مسافروں کو بچا کر خود کو سمندر کی بے رحم موجوں کے حوالے کرنے پر ہے

بھارتی کامیڈین نے نقل اُتارنے پر کرن جوہر سے معافی مانگ لی

میں صرف سامعین کو محظوظ کرنا چاہتا تھا لیکن اگر میں نے کچھ اضافی کیا تو میں آپ سے معذرت خواہ ہوں



ممبئی (سی ایم لنکس) بھارتی کامیڈین کپتن سنگھ نے ریئلیٹی شو کے دوران فلمساز کرن جوہر کی نقل اُتارنے پر معافی مانگ لی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پرکامیڈین کپتن سنگھ کو سراہا رہی تھیں۔ یہ پرومو دیکھنے کے بعد کرن جوہر نے ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کامیڈین کپتن سنگھ پر سخت تنقید کی تھی، تاہم اب کپتن سنگھ نے فلمساز سے معافی مانگ لی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کپتن سنگھ نے اپنے معافی نامے میں کرن جوہر سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ میں آپ سے معافی مانگنا چاہتا ہوں، میں آپ کا بہت بڑا مداح ہوں

حال ہی میں بھارت کے کامیڈی شو 'کامیڈیئنس مچائیں گے-انڈیا کو ہنسائیں گے' کا پرومو وائرل ہوا تھا جس میں کامیڈین کپتن سنگھ نے فلمساز کرن جوہر کی نقل اُتارنے کی میں بھارت کے کامیڈی شو میں بالی ووڈ اداکارہ ہما قریشی بھی موجود تھیں جو کرن جوہر کی نقل اُتارنے

زوہاب خان اور اداکارہ وانیہ ندیم رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے

لاہور (سی ایم لنکس) بلور چائلڈ آرٹسٹ اپنے کریئر کا آغاز کرنے والے پاکستانی اداکار زوہاب خان اور ٹک ٹاکر و ساتھی اداکارہ وانیہ ندیم رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے۔ مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر ان کے نکاح کی مختلف ویڈیوز اور تصاویر وائرل ہو رہی ہیں۔ سوشل میڈیا پر گردشی ویڈیوز میں دیکھا جاسکتا ہے کہ اس نوبیاہتا جوڑے نے نکاح کے اس پُرمسرت موقع پر سفید رنگ کے ملبوسات کا انتخاب کیا ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی مختلف تصاویر اور ویڈیوز سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ان کا نکاح گزشتہ روز کراچی میں ہوا، جس میں ان اہلخانہ، قریبی رشتہ داروں اور دوستوں نے شرکت کی۔ گردشی تصاویر اور ویڈیوز کے کمنٹس میں ساتھی فنکاروں اور مداحوں کی جانب سے نوجوان جوڑی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا جارہا ہے اور ساتھ ہی مبارکباد دینے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ خیال رہے کہ اُبھرتے ہوئے اداکار زوہاب خان نے گزشتہ برس دسمبر میں اپنی شادی کا عندیہ دیا تھا۔ انہوں نے اپنے ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ میں اگلے 3 مہینے یا 3 سال میں شادی کرسکتا ہوں، لیکن ابھی میری توجہ اپنا کیریئر اور ایک بزنس شروع کرنے پر ہے، اگر یہ کام میں اگلے 4 مہینے میں کرنے میں کامیاب ہوجاتا ہوں تو میں 4 مہینے میں ہی شادی کرلوں گا

"آپ نے مجھ سے محبت کرنا چھوڑ دی تو میرا کیریئر ختم ہوجائے گا"

ممبئی (سی ایم لنکس) بالی ووڈ کے دبنگ اسٹار سلمان خان کا ایک پُرانا خط سوشل میڈیا پر وائرل ہورہا ہے جس میں انہوں نے اپنی سپرہٹ فلم 'میں نے پیار کیا' کی کامیابی کے بعد مداحوں سے اظہار تشکر کیا تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سوشل میڈیا پر سلمان خان کے ہاتھ سے لکھا گیا خط خوب وائرل ہورہا ہے جو کہ اُنہوں نے اپنی فلم 'میں نے پیار کیا' کی ریلیز کے چار ماہ بعد اپنے مداحوں کے نام لکھا تھا۔ سلمان خان نے خط میں مداحوں سے مخاطب ہوتے ہوئے لکھا تھا کہ سب سے پہلے تو مجھے قبول کرنے اور میرے پُرستار ہونے کے لیے آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں، میں پوری محنت اور لگن سے کام کررہا ہوں، میں اپنی ساری توجہ اپنے کام پر مرکوز کررہا ہوں۔ اداکار نے لکھا تھا کہ میں اگلی فلموں کے لیے بہترین اسکرپٹ کا انتخاب کروں گا کیونکہ میں جانتا ہوں کہ اب میں جو کچھ بھی کروں گا تو اس کا موازنہ میری فلم 'میں نے پیار کیا' سے کیا جائے گا، لہٰذا آپ جب بھی میری نئی فلم سے متعلق کوئی اعلان سنیں تو یقین رکھیں کہ یہ ایک اچھی فلم ہوگی۔ انہوں نے لکھا تھا کہ میں آپ سے پیار کرتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ آپ مجھ سے محبت کرتے رہیں گے کیونکہ جس دن آپ مجھ سے محبت کرنا چھوڑ دیں گے

انڈسٹری میں امیتابھ بچن جیسی عزت ملتی ہے، کنگنا رناوت کا دعویٰ

اس فلم میں کنگنا رناوت بھارت کی سابقہ وزیراعظم اندرا گاندھی کے کردار میں نظر آئیں گی

ممبئی (سی ایم لنکس) بالی ووڈ کی متنازع اداکارہ کنگنا رناوت نے دعویٰ کیا ہے کہ انہیں فلم انڈسٹری میں بگ بی امیتابھ بچن جیسی عزت ملتی ہے۔ کنگنا رناوت انتخابی ریلی میں اپنی تقریر کے دوران اپنا موازنہ بالی ووڈ کے شہنشاہ امیتابھ بچن سے کیا۔ کنگنا رناوت کی تقریر کا ویڈیو کلپ سوشل میڈیا پر وائرل ہورہا ہے جس میں اداکارہ کہتی ہیں کہ پورا بھارت حیران ہے کہ میں چاہے راجستھان چلی جاؤں، چاہے مغربی بنگال چلی جاؤں، چاہے دہلی چلی جاؤں یا چاہے منی پور چلی جاؤں

رواں سال بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے ٹکٹ پر الیکشن لڑ رہی ہیں اور اس سلسلے میں اداکارہ اپنے حلقے میں سیاسی ریلیاں اور جلسے کررہی ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق حال ہی میں کنگنا رناوت نے

میڈونا کے مفت کنسرٹ میں کتنے مداحوں نے شرکت کی؟

ریوڈی جنیرو (سی ایم لنکس) معروف امریکی گلوکارہ میڈونا نے برازیل میں 'مفت کنسرٹ' کا انعقاد کرکے مداحوں کے دل جیت لیے۔ بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق برازیل کے شہر ریوڈی جنیرو کے ساحل کوپاکابانا پر امریکی گلوکارہ میڈونا کے مفت کنسرٹ کا اہتمام کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق 65 سالہ امریکی گلوکارہ نے ساحل پر 2 گھنٹے پرفارمنس دی۔ انہوں نے اپنے کانسرٹ میں 'تھنگ ریئلی میٹرز'، 'لائیک اے پلیئر' اور 'ووگ' جیسے مشہور گانے پیش کرکے مداحوں کو اپنی سحر انگیز آواز سے محظوظ کیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ہفتے کے روز 16 لاکھ لوگ میڈونا کے کنسرٹ میں شریک ہوئے اور اس موقع پر ساحل کے اردگرد سیکیورٹی کے لیے 3 ہزار سے زیادہ پولیس اہلکار تعینات کیے گئے تھے۔ معروف امریکی گلوکارہ میڈونا نے برازیل میں 'مفت کنسرٹ' کا انعقاد کرکے مداحوں کے دل جیت لیے۔ بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق برازیل کے شہر ریوڈی جنیرو کے ساحل کوپاکابانا پر امریکی گلوکارہ میڈونا کے مفت کنسرٹ کا اہتمام کیا گیا

ورلڈ کپ سے امریکا میں کرکٹ کو دوبارہ مقبولیت ملے گی، امریکی قونصل جنرل

کراچی (سی ایم لنکس) کراچی میں امریکی قونصل جنرل کونراڈ ٹریبل کا کہنا ہے کہ امریکا میں پہلی بار کرکٹ ورلڈ کپ کے انعقاد پر کافی پرجوش ہیں، ورلڈ کپ کے انعقاد سے امریکا میں ایک ایسے کھیل کو دوبارہ مقبولیت ملے گی جو پہلے جنوبی ایشیائی کمیونٹی تک محدود تھا۔ نجی ٹی وی کو انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ کھیل عوام کو قریب لانے کا بہترین ذریعہ ہوتے ہیں، امید ہے کہ ورلڈ کپ میں پاکستان ٹیم اچھا پرفارم کرے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکا میں پہلی بار اس بڑے پیمانے کا ایونٹ ہورہا ہے جس پر وہ پُرجوش ہیں، یہ امریکا کے لیے ایک زبردست موقع ہے کہ وہ اپنے ملک میں کرکٹ دیکھے اور پاکستان سمیت پوری دنیا کو امریکا دکھائے، اس سے امریکا میں کرکٹ کو فروغ حاصل ہوگا۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ اسپورٹس میں عوام کو ایک دوسرے سے جوڑنے کی طاقت ہے، یہ عوامی روابط بنانے کا سب سے بہترین اور سب سے آسان ذریعہ ہیں کیوں کہ ہر کوئی اسپورٹس سے محبت کرتا ہے۔ کونراڈ ٹریبل کا کہنا تھا کہ پاکستان اور بھارت کا 9 جون کو ہونے والا میچ بلاشبہ سب کی توجہ کا مرکز ہوگا لیکن ان کی نظریں اس سے تین روز قبل ہونے والے پاکستان اور امریکا کے میچ پر ہے۔ پاک بھارت میچ پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ میچ کسی بھی کرکٹ فین کے لیے سب سے اہم میچ ہوگا، اس پر ہر کسی کی نظر ہوگی، ایسے مقابلے ہی اسپورٹس کے لیے اہم ہوتے ہیں جس میں لوگوں کو جوش ملے۔ ایک سوال پر ان کا کہنا تھا کہ بہت سے لوگوں کو یہ علم نہیں لیکن ایک وقت ایسا تھا جب کرکٹ امریکا میں کافی مقبول تھا، یہاں تک کہ جارج واشنگٹن نے بھی کرکٹ کھیلی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جارج واشنگٹن نے وکٹس کا کھیل کھیلا جو درحقیقت کرکٹ تھا، کرکٹ ابتدائی 100 برس تک امریکا میں کافی مقبول رہا پھر اس کی جگہ بیس بال نے لے لی

جویریہ عباسی نے منگنی کرلی

اداکارہ جویریہ عباسی اور شمعون عباسی کی شادی کے 12 برس بعد 2009 میں ان دونوں کی طلاق ہوگئی تھی

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ جویریہ عباسی نے اپنی زندگی کے نئے سفر کا آغاز کردیا۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اداکارہ نے نئی پوسٹ شیئر کرکے ڈھکے چھپے الفاظ میں اپنی منگنی کا اعلان کرتے ہوئے دوسری شادی کا عندیہ دے دیا۔ اداکارہ نے اپنی نئی انسٹا پوسٹ میں مختلف تصاویر پر مشتمل ویڈیو شیئر کی ہے۔ مذکورہ ویڈیو میں تفریحی مقام ایفل ٹاور نظر آرہا ہے جس کے سامنے دو ہاتھ نظر آرہے ہیں، غالباً ان میں سے ایک اداکارہ کا ہے جس میں منگنی کی انگوٹھی موجود ہے جبکہ دوسرا کسی مرد کا ہے۔ 52 سالہ اداکارہ نے اپنی ہاتھوں میں ہاتھ تھامے مذکورہ ویڈیو پر مشتمل پوسٹ کے کیپشن میں لکھا کہ 'ہیلنگ' یعنی 'آغاز' اور ساتھ ہی نیلے رنگ کا دل والا ایموجی بھی شیئر کیا ہے۔ جویریہ عباسی کی پوسٹ منظر عام پر آتے ہی ان کی بہن و اداکارہ انوشے عباسی سمیت دیگر ساتھی فنکاروں اور مداحوں کی جانب سے منگنی کی خوشی میں مبارک باد کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔

حساس موضوعات پر کام کرنا کافی مشکل ہے: جاوید شیخ

بچوں کے ساتھ زیادتی اور پھر قتل یہ ایک ایسا گھناؤنا عمل ہے جس پر حکومتی سطح پر کام ہونا چاہئے، سینئر اداکار و ہدایتکار

کراچی (یو این پی) سینئر اداکار و ہدایتکار جاوید شیخ نے کہا کہ حساس موضوعات پر کام کرنا کافی مشکل کام ہوتا ہے، بہت کم لوگ ہیں جو ایسے موضوعات پر مبنی ڈرامے یا فلمیں بناتے ہیں، بچوں کے ساتھ زیادتی اور پھر قتل یہ ایک ایسا گھناؤنا عمل ہے جس پر حکومتی سطح پر کام ہونا چاہئے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک انٹرویو میں کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس موضوع پر فلم "پکار" بنائی گئی ہے خود اس فلم کا حصہ ہوں جس میں والدین کو آگاہی دی گئی ہے کہ آنے والے دور کے حساب سے اولاد کی پرورش مزید بہتر کیسے کی جائے، ایسے واقعات روکنے کے لئے ہر طرح کی کوشش کروں گا کہ وطن عزیز پاکستان کے لے میری جان بھی قربان ہے، آج کل جس طرح کے واقعات ہورہے ہیں

ہم روبوٹ نہیں کہ بٹن دبائیں اور اچھا پرفارم ہوجائے: اعظم خان

ایک کھلاڑی کو بین الاقوامی کرکٹ میں کارکردگی دکھانے کیلئے کچھ وقت درکار ہوتا ہے: وکٹ کیپر بیٹر

لاہور (یو این پی) ہارڈ ہٹنگ وکٹ کیپر بلے باز اعظم خان کے خیال میں ایک کھلاڑی کو بین الاقوامی کرکٹ میں کارکردگی دکھانے کے لیے کچھ وقت درکار ہوتا ہے۔ 25 سالہ نوجوان بیٹر آئرلینڈ کے خلاف T20I سیریز میں واپسی کرے گا جب وہ اپنی پنڈلی کے پٹھے پھٹنے کی وجہ سے نیوزی لینڈ کی T20I سیریز سے باہر ہوگیا تھا۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اعظم نے کہا کہ وہ پاکستان کے لیے اپنی حقیقی صلاحیت کے مطابق پرفارم کرنے کے لیے کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم روبوٹ نہیں ہیں کہ آپ بٹن دباتے ہیں اور ہم پرفارم کرنا شروع کردیتے ہیں، ہم سب پاکستانی ٹیم کے لیے پرفارم کرنا چاہتے ہیں کیونکہ اسی طرح آپ اپنا نام روشن کرتے ہیں، اگر موقع ملا تو میں اپنی بہترین کارکردگی دکھانے کی کوشش کروں گا۔ اعظم خان نے مزید کہا کہ وہ بیٹنگ آرڈر میں کہیں بھی بیٹنگ کرسکتے ہیں اور اگر موقع فراہم کیا جائے

کرسٹیانو رونالڈو کا 'مدرز ڈے' پر والدہ کیلئے محبت بھرا پیغام

کچھ ممالک میں یہ دن مہینے کے پہلے اتوار کو منایا جاتا ہے اور پرتگال اُنہی ممالک میں شامل ہے



دبئی (سی ایم لنکس) عالمی شہرت یافتہ پرتگالی فٹبالر خواتین کو مدرز ڈے مبارک ہو۔ کرسٹیانو رونالڈو اپنی والدہ ماریہ ڈیلوس اور پارٹنر جارجینا روڈریگز کے لیے محبت بھرا پیغام شیئر کیا ہے۔ کرسٹیانو رونالڈو نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اپنی والدہ ماریہ ڈیلوس، پارٹنر جارجینا روڈریگز اور بچوں کے ہمراہ کچھ یادگار تصاویر شیئر کی ہیں۔ انہوں نے یہ تصاویر شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا کہ دنیا کے بہترین والدہ ماریہ ڈیلورس کے بہت قریب ہیں اور حال ہی میں انہوں نے اپنی والدہ کو ان کی سالگرہ کے موقع پر دسمبر میں قیمتی گاڑی پورشے کائین تحفے میں دی تھی۔ واضح رہے کہ دنیا بھر میں ماؤں کا عالمی دن مئی کے دوسرے اتوار کو منایا جاتا ہے لیکن کچھ ممالک میں یہ دن مہینے کے پہلے اتوار کو منایا جاتا ہے اور پرتگال اُنہی ممالک میں شامل ہے۔

انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ، چیلسی، لیورپول اور برائٹن اینڈ ہوو البیون نے اپنے میچز جیت لئے

لندن (سی ایم لنکس) انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں چیلسی، لیورپول اور برائٹن اینڈ ہوو البیون کی ٹیموں نے اپنے اپنے میچز جیت لئے۔ چیلسی کی ٹیم نے یکطرفہ مقابلے کے بعد ویسٹ ہیم یونائیٹڈ کو 0-5 گول سے پچھاڑ دیا، برائٹن اینڈ ہوو البیون نے انتہائی سخت مقابلے کے بعد آسٹن ولا کو 0-1 گول سے مات دی۔ ایک اور میچ میں لیورپول کی ٹیم نے نوٹنہم ہاٹ پور کو دو کے مقابلے میں 4 گول سے شکست دی۔ انگلش پریمیئر لیگ کے 32 ویں سیزن کے انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ انگلینڈ میں جاری ہے۔ چیلسی اور ویسٹ ہیم یونائیٹڈ کی ٹیموں کے درمیان سٹامفورڈ برج، لندن میں کھیلے گئے میچ میں چیلسی کی ٹیم میچ کے آغاز سے ہی ویسٹ ہیم یونائیٹڈ کی ٹیم پر حاوی ہوگئی۔ چیلسی کے کول پامر نے 15 ویں منٹ پر ایک گول کر کے اپنی ٹیم کو ویسٹ ہیم یونائیٹڈ کے خلاف 0-1 گول کی برتری دلا دی۔ چیلسی کی طرف سے کونور گالاگھر نے 30 ویں منٹ پر ایک گول کر دیا، جس کے ٹھیک 6 منٹ بعد نونی مادوکے نے ایک گول کر کے مقابلہ 0-3 کر دیا، میچ کے ہاف پر چیلسی کو ویسٹ ہیم یونائیٹڈ کے خلاف 0-3 کی برتری حاصل تھی۔ دوسرے ہاف کے 48 ویں منٹ پر نکولس جیکسن نے ایک گول کر کے مقابلہ 0-4 کر دیا

روسی ٹینس سٹار آندرے روبلوف نے پہلی مرتبہ میڈرڈ اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا

میڈرڈ (سی ایم لنکس) روس کے نامور ٹینس سٹار آندرے روبلوف نے میڈرڈ اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا۔ 26 سالہ روسی ٹینس سٹار نے بیماری کے باوجود مردوں کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں کینیڈا کے حریف ٹینس کھلاڑی فیلکس اوجرالیا سائم کو شکست دے کر میٹز سنگلز ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ اس فتح کے بعد آندرے روبلوف کے اے ٹی پی ٹائٹلز کی تعداد 16 ہوگئی ہے۔ اے ٹی پی کے زیر اہتمام میڈرڈ اوپن کے دلچسپ مقابلے سپین کے دارالحکومت میڈرڈ کے وینیو پارک منزانارس میں جاری ہیں جس میں شائقین ٹینس کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ مردوں کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ کے لئے روس کے نامور ٹینس سٹار آندرے روبلوف جب ٹینس کورٹ میں آئے تو وہ بیمار تھے اس کے باوجود انہوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حریف کینیڈا کے ٹینس کھلاڑی فیلکس اوجرالیا سائم کو 6-4، 5-7 اور 5-7 سے نہ صرف شکست دی بلکہ میٹز سنگلز ٹائٹل بھی اپنے نام کرلیا۔ میڈرڈ ماسٹرز میٹز سنگلز ٹائٹل جیتنے کے بعد آندرے روبلوف نے کہا کہ میرے پاس الفاظ نہیں ہیں کہ میں بیان کر سکوں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ نو دنوں سے میں مسلسل بیماری کے ساتھ کھیل رہا ہوں، سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ میں ٹائٹل جیتنے میں کامیاب ہوجاؤں

یقین ہے اس بار ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ ساتھ لائیں گے: بابر اعظم

ٹورنامنٹ کے میچز امریکا کے 3 اور ویسٹ انڈیز کے 6 مقامات پر منعقد ہوں گے



لاہور (سی ایم لنکس) قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے کہا ہے کہ پوری ٹیم کی ساری توجہ صرف اور صرف ورلڈ کپ جیتنے پر مرکوز ہے۔ ماضی میں جو ہونا ہے کہ ٹرافی لے کر آئیں گے۔ پوری ٹیم کا فوکس اسی بات پر ہے کہ کس طرح یہ ورلڈ کپ جیت کر لائیں۔ بابر اعظم نے کہا کہ ٹیم سلیکشن میرٹ پر ہوئی تھا وہ ہوگیا، قوم کو اس بار ورلڈ کپ کا تحفہ دیں گے۔ قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے اس یقین اور اعتماد کا اظہار ورلڈ کپ 2024 کے لیے منتخب کردہ ٹیم کے حوالے سے کی گئی پریس کانفرنس میں کیا۔ کپتان نے کہا کہ پچھلا ورلڈ کپ نہیں جیت سکے تھے لیکن وہ ماضی تھا جو گزر گیا مگر اس بار یقین ہے۔ تمام سلیکٹرز نے طویل بحث و مباحثے، باہمی مشاورت اور ایک ایک کھلاڑی کی پُرفارمنس کو دیکھتے ہوئے ٹیم کی سلیکشن کی ہے۔ قومی ٹیم کے کپتان نے کہا کہ پی سی بی کے چیئرمین محسن نقوی بھی ورلڈ کپ کی تیاریوں کے حوالے سے بات کرتے ہیں اور ٹیم کو اعتماد دے رہے ہیں۔

سلطان اذلان شاہ کپ، پاکستان اور جاپان کی ہاکی ٹیموں کے درمیان میچ آج کھیلا جائے گا

اپوہ (سی ایم لنکس) سلطان اذلان شاہ ہاکی کپ 2024 میں (آج) منگل کو مزید تین میچز کھیلے جائیں گے، پاکستان ٹیم جاپان، ملائیشیا کی ٹیم نیوزی لینڈ اور کینیڈا کی ٹیم جنوبی کوریا سے مدمقابل ہوگی، سلطان اذلان شاہ ہاکی کپ کے 30 ویں ایڈیشن کے دلچسپ مقابلے ملائیشیا کے شہر اپوہ میں جاری ہیں۔ ٹورنامنٹ میں قومی ٹیم اپنا تیسرا میچ (آج) منگل کو جاپان کے خلاف کھیلے گی، پاکستان نے اپنے پہلے میچ میں میزبان ملائیشیا کو 4 کے مقابلے میں 5 گول سے شکست دی، گرین شرٹس نے دوسرے میچ میں جنوبی کوریا کو یکطرفہ مقابلے کے بعد 0-4 گول سے مات دی تھی۔

اطالوی ٹینس سٹار جینک سنر کو لیے کی انجری کے باعث اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ سے دستبردار

روم (سی ایم لنکس) اٹلی کے نامور ٹینس سٹار، عالمی نمبر ٹو اور آسٹریلین اوپن چیمپئن جینک سنر فٹنس مسائل کے باعث اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں شرکت نہیں کرسکیں گے۔ 22 سالہ اطالوی ٹینس کھلاڑی نے اعلان کیا کہ وہ کولہے کی انجری کی وجہ سے آئندہ ہوم اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ نہیں کھیلیں سکیں گے۔ جینک سنر نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک ٹویٹ میں کہا ہے کہ وہ بحالی صحت کے عمل سے گزر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں کولہے کی انجری کے باعث گزشتہ ہفتہ کو شروع ہونے والے میڈرڈ اوپن ٹینس ٹورنامنٹ سے بھی باہر ہوگئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے کولہے کے مسائل کے بارے میں ڈاکٹروں اور ماہرین کے ساتھ دوبارہ بات کرنے کے بعد یہ اعلان کیا ہے کہ بدقسمتی سے میں اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں نہیں کھیل سکوں گا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے بہت دکھ ہے کہ میں ہوم ایونٹ سے قبل صحت یاب نہیں ہوسکا

کولکتہ نائٹ رائیڈرز نے انڈین پریمیئر لیگ میں لکھنؤ سپر جائنٹس کو 98 رنز سے ہرا دیا

لکھنؤ (سی ایم لنکس) سنیل نارائن کی آل راؤنڈ کارکردگی کی بدولت کولکتہ نائٹ رائیڈرز نے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کے 54 ویں میچ میں لکھنؤ سپر جائنٹس کو با آسانی 98 رنز سے شکست دے دی، یہ کولکتہ نائٹ رائیڈرز کی لیگ میں آٹھویں فتح ہے۔ سنیل نارائن کو آل راؤنڈ کارکردگی پر میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ گزشتہ روز بھارت رتن شری اٹل بہاری واجپائی ایکنا کرکٹ سٹیڈیم، لکھنؤ میں کھیلے گئے لیگ کے 54 ویں میچ میں کولکتہ نائٹ رائیڈرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 235 رنز بنائے

تعریف کرنے پر حارث کو ہلی کے شکر گزار، عامر سے سیکھنے کے منتظر

ورلڈ کپ میں صرف کوہلی نہیں ہر کھلاڑی کو جلد آؤٹ کرنا ہدف ہوگا، ہماری نگاہیں ٹرافی پر مرکوز ہیں، پیسر



لاہور (یو این پی) تعریف کرنے پر حارث رؤف نے ویراٹ کوہلی کا شکریہ ادا کردیا۔ لاہور میں میڈیا سیشن کے دوران گفتگو کرتے ہوئے پیسر نے کہا کہ ویرات کوہلی بڑا بیٹر ہے، تعریف کرنے پر بھارتی بیٹر کا شکریہ ادا کرتا ہوں، ورلڈ کپ میں صرف کوہلی نہیں ہر کھلاڑی کو جلد آؤٹ کرنا ہدف ہوگا، ہماری نگاہیں ٹرافی پر مرکوز ہیں۔ حارث رؤف نے مزید کہا ہے کہ عامر سینئر ہیں، ان سے سیکھنے کا موقع ملے گا، بولرز میں مقابلے کی فضا ہو تو ٹیم کا فائدہ ہوتا ہے، کوئی حسد نہیں، بولرز ایک، دوسرے سے اچھا پرفارم کرنے کی کوشش کریں تو یہ بات ٹیم کے مفاد میں ہی جاتی ہے، کوشش کریں گے کہ ایک یونٹ کے طور پر گزشتہ ورلڈ کپ کی غلطیاں نہ دہرائیں۔

شاہین آفریدی آئی سی سی پلیئر آف دی منتھ کیلئے نامزد

آئی سی سی نے متحدہ عرب امارات کے محمد وسیم اور نمیبیا کے گیرہارڈ ایراسمس کو بھی پلیئر آف دی منتھ کے لیے نامزد کیا



دبئی (سی ایم لنکس) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے اپریل کے لیے پلیئر آف دی منتھ کے لیے نامزدگیوں کا اعلان کردیا۔ آئی سی سی نے پاکستان کے فاسٹ شاہین آفریدی کو پلیئر آف دی منتھ کے لیے نامزد کیا ہے۔ اس کے علاوہ آئی سی سی نے متحدہ عرب امارات کے محمد وسیم اور نمیبیا کے گیرہارڈ ایراسمس کو بھی پلیئر آف دی منتھ کے لیے نامزد کیا ہے۔ واضح رہے کہ حال ہی میں نیوزی لینڈ کے خلاف ہونے والی ٹی ٹوئنٹی سیریز میں شاہین آفریدی کو 8 وکٹیں لینے پر سیریز کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا تھا۔

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بجٹ اسٹریٹجی پیپر 22 اپریل تک منظور کرانے کا ہدف تھا۔ذرائع کا بتانا ہے کہ سالانہ پلان کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس بھی نہیں بلائے گئے جب کہ قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس مئی کے دوسرے ہفتے میں شیڈول تھا۔ذرائع کا کہنا ہیکہ کابینہ کیلئے بجٹ دستاویزات کی تکمیل رواں ماہ کے آخر میں متوقع ہے جب کہ ٹیمالی سال کا بجٹ جون کے پہلے ہفتے پارلیمنٹ میں پیش کیا جائے گا،ذرائعذرائع کے مطابق قومی اسمبلی اور سینیٹ کی قائمہ کمیٹیوں کو بھی وفاقی بجٹ پر بریفنگ دی جائیگی مگر قومی اسمبلی، سینیٹ کی خزانہ اور منصوبہ بندی کی قائمہ کمیٹیاں بھی ابھی تک تشکیل نہیں ہوئیں

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نہیں بلکہ نوجوانوں کی جدوجہد سیاسی بصیرت اور قلم کی طاقت سے آزاد ہوا۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات کسی بھی ڈیل کی اجازت نہیں دیتے مولانا فضل الرحمٰن حکومت کے خلاف ہماری تحریک میں شامل ہونے کا ارادہ رکھتے ہیں لیکن ہم کسی پر اعتماد نہیں کرسکتے کیوں کہ ان کی نظریں ہمیشہ اقتدار پر مرکوز ہوتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ 9 مئی کے موقع پر نہ سیکورٹی اداروں کا کوئی اہلکار شہید ہوا ہے اور نہ زخمی، بلکہ پی ٹی آئی کے لاتعداد کارکنان بے دردی سے شہید ہوئے جبکہ سینکڑوں ملک کے مختلف جیلوں میں پابند سلاسل ہیں جو ایک محب وطن جماعت کے خلاف ایک بڑی سازش ہے۔انہوں نے کہا کہ آج اڈیالہ جیل گوانتا نامو بے جیل کی شکل اختیار کر چکا ہے، پارٹی کے پرانے کارکنوں کو عمران خان سے ملاقاتوں کی اجازت ملنا دن بدن مشکل بنایا جا رہا ہے جس سے کارکنوں میں تشویش پائی جارہی ہیاگر حکمران طبقہ ذوالفقار علی بھٹو جیسا سانحہ دہرانا چاہتا ہے تو انکی یہ سوچ انتہائی بچکانہ ہوگی۔انہوں نے کہا کہ فارم 47 کے ذریعے قائم جعلی حکومت کو عوام نے مسترد کیا ہے، پاکستانی عوام نے پی ٹی آئی اور عمران خان کو ووٹ دیا ہے مہنگائی اور بے روزگاری موجودہ حکومت کی مرہون منت ہے۔علی محمد خان کا کہنا تھا کہ جعلی حکومت نے پاکستانی قوم کو ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے حوالے کیا ہے،عمران خان عالم اسلام کے واحد لیڈر ہیں جو امت مسلمہ کی جنگ لڑ رہے ہیں اگر قائد عمران خان کو فی الفور رہا نہ کیا گیا تو ملک کو جام کرنے سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ فارم 47 حکومت نے عوام کی مینڈیٹ پر ڈاکہ اور جمہوری عمل کے سراسر منافی کرتے ہوئے عوامی رائے پر ڈاکہ ڈال کر جمہوریت کا جنازہ نکال دیا ہے۔انہوں نے خبردار کیا کہ اگر عمران خان اور ملٹری کسٹڈی میں پی ٹی آئی کے کارکنوں کو رہا نہ کیا گیا تو 9 مئی سے فیصلہ کن تحریک چلا کر پورے اسلام آباد کا گھیراؤ کریں گے

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رہائش شاپنگ بیگ دودھ کی تھیلیاں دودھ کو ٹھنڈا کرنے کے لیے برف دکان کی صفائی ستھرائی کے لیے پانی لاکھوں روپے گیس کے بل ہزاروں روپے بجلی کے بل اور گیس اور بجلی نہ ہونے کے برابر اس کے متبادل ایل پی جی سلنڈر اور یو پی ایس استعمال کرنا اس کے علاوہ بلوچستان فوڈ کنٹرول اتھارٹی کی سالانہ لائسنس فیس اس زانو پیمائش کی سالانہ لائسنس فیس لیبر رجسٹریشن فیس جو ہم باقاعدگی سے ادا کرتے ہیں ان سب اخراجات کو اکٹھا کرے تو فی لیٹر دودھ بیچنے پر 23 روپے خرچ اتا ہے اس کے علاوہ فی من ڈیری فارمرز کو دو سے ڈھائی لاکھ روپے ڈیپازٹ دیا ہوا ہے اور دکان پر 10 سے 12 لاکھ روپیہ لاگت ائی ہوئی ہے ڈی سی صاحب سے ہمارا یہی مطالبات ہے کہ ہمیں ڈیری فارم سے سرکاری ریٹ پر دودھ کی فراہمی یقینی بنائی جائے دی کا عملی مشاہدہ کر کے ریٹ فکس کیا جائے اور ہمارے اخراجات کے علاوہ ہمیں ہماری لاگت کو مدنظر رکھ کر جائز منافع دیا جائے تاکہ اس مہنگائی کی وجہ سے ہم بھی اپنے بچوں کی صحیح طرح سے کفالت کر سکے نومبر سے لے کر اج تک ان چھ ماہ میں دکاندار لاکھوں روپے کے مقروض ہو چکے ہیں 175 سے 192 روپے لیٹر دودھ لے کر اس سلیک سیزن کی وجہ سے مختلف چوکور چوراہوں پر 150 لیٹر بیچتے ہوئے نظر ارہے ہیں جس کی وجہ سے دکاندار تنگدستی اور فاقہ کشی پر مجبور ہو گیا ہے

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کہ مری معاہدے کی وجہ سے گوادر میں باڑ لگائی جارہی ہے گوادر میں وزیراعلیٰ سیکریٹریٹ کو آباد کرنے کے بجائے فوج کے حوالے کی، پہلی بات تو یہ ہے کہ نواب صاحب اپنے دور حکومت میں وزیراعلیٰ سیکریٹریٹ کو وقت دیکر عوام کے مسائل حل کرنے کے بجائے زیادہ وقت اسلام آباد کے پرفضا مقام پر گزارتے رہے

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جب کہ رواں برس چاروں صوبوں کا گندم پیداواری ہدف 3 کروڑ 21 لاکھ ٹن مقرر کیا گیا ہے لیکن رواں برس 2 کروڑ 96 لاکھ ٹن گندم کی پیداوار متوقع ہے۔ذرائع کا بتانا ہے کہ پنجاب کو 12 کروڑ 78 لاکھ لوگوں کیلئے ایک کروڑ 47 لاکھ ٹن گندم کی ضرورت ہے اور پنجاب کو بیج کیلیے 8 لاکھ 72 ہزار ٹن گندم کی ضرورت ہے جب کہ پنجاب کی گندم کی ضرورت ایک کروڑ 55 لاکھ 55 ہزار ٹن ہے۔ ذرائع محکمہ خوراک کے مطابق پنجاب کا پیداواری ہدف 2 کروڑ 41 لاکھ، سندھ کا 44 لاکھ ٹن مقرر کیا گیا جب کہ خیبر پختونخوا کا 14 لاکھ اور بلوچستان کا 13 لاکھ ٹن مقرر کیا گیا تھا۔ذرائع نے بتایا کہ رواں برس پنجاب ضرورت سے 86 لاکھ ٹن زیادہ گندم پیدا کرے گا اور پاکستان میں مجموعی کھپت سے 18 لاکھ ٹن زیادہ گندم پیدا ہوگی

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تفصیلات کے مطابق سکھر کے ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کے زیر انتظام نویں اور دسویں جماعت کے سالانہ امتحانات جاری ہیں جو دس مئی تک جاری رہیں گے سکھر بورڈ کی جانب سے سکھر، خیرپور اور گھوٹکی اضلاع میں دو سو سے زائد امتحانی مراکز قائم کیے گئے ہیں جہاں پر نویں اور دسویں جماعت کے ایک لاکھ پانچ ہزار تہتر طلباء امتحان دے رہے ہیں امتحانی مراکز میں سہولیات کے فقدان اور امیدواروں کو دیگر سہولیات نہ ملنے کی شکایات پر کمشنر سکھر ڈویژن فیاض حسین عباسی نے سکھر اضلاع کے مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا اور امتحانات میں نقل کی روک تھام کیلئے کئے جانے والے انتظامات سمیت امیدوار طلباء کو دی جانیوالی سہولیات کا بھی جائزہ لیا،انہوں نے امتحانی مراکز کے منتظمین کو ہدایات دی کہ وہ امتحانی مراکز میں طلباء کو بنیادی سہولیات فراہمی کو یقینی بنائیں بعدازیں دورہ کمشنر سکھر ڈویژن فیاض حسین عباسی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امتحانات میں نقل کو روکنے کے لیے سخت اقدامات کیے جارہے ہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ نقل کا مکمل طور پر خاتمہ ہو جائے لیکن اس کیلئے کچھ وقت اور پالیسیاں درکار ہیں تاہم نقل کے حوالے سے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل کر رہے ہیں۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نہ ہونے کی وجہ سے شدید مشکلات کا شکار تھے آج صوبائی وزیر صحت سردارزادہ فیصل خان جمالی کی خصوصی ہدایت پر علی بخش خان جمالی کی نگرانی میں گوٹھ درمحمد مینگل مٹھوری شاخ کے پل کی تعمیر کام شروع ہوگیا ہے اہل علاقہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے اس موقع پر نوجوان سیاسی سماجی رہنما غلام مصطفیٰ مینگل نے کہا ہے کہ ہم ہردلعزیز شخصیت صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل خان جمالی کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتے ہیں اور علی بخش خان جمالی کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں کہ جنہوں نے نیا پل بنانے کے کام کا آغاز کردیا ہے انشاءاللہ ہم آگے بھی امید کرتے ہیں کہ وہ اسی طرح حلقے کی عوام کی خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں گے غلام مصطفیٰ مینگل نے کہا ہے کہ سردارزادہ فیصل خان جمالی کو بہت کم عرصہ اسمبلی میں ہوا ہے لیکن ان کا علاقے کے لئے جذبہ اور ہمت دیکھ کر ہم۔انکو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہیں

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ان خیالات کا اظہار ملک عبدالولی کاکڑ گورنر ہاؤس میں تقریب حلف برداری کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بطور گورنر اچھا وقت گزارا ہے کیونکہ جب میں گورنر بنا تو پارٹی سے استعفیٰ دینا پڑتا ہے جس طرح کے ابھی جعفر خان مندوخیل گورنر بنا ہے وہ بھی مسلم لیگ ن کے صوبائی صدر سے استعفیٰ دینا پڑیگا گورنر شپ ایک آئینی عہدہ ہے میں بطور گورنر بلوچستان بااختیار تھا انہوں نے کہا کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد گورنر کے پاس کچھ بچا ہی نہیں اور صرف اور صرف ایک صوبے کی لیے انہوں نے اٹھارویں ترمیم لائی اور انہوں نے پاس بھی کردیا اور اٹھارویں ترمیم کا فائدہ صرف اور صرف صوبہ سندھ کو ملا ہے باقی کسی بھی صوبہ کو نہیں ملا ہے مجھے سابق وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کے دور میں مشکلات تھے اور باقی کسی سے بھی نہیں تھے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل جب تک سیاسی ڈائیلاگ نہیں ہوگا اس وقت تک مسائل جوں کے توں رہیں گے میں بطور گورنر دو کروڑ لوگوں کا نمائندگی کررہا تھا اب میں واپس بی این پی مینگل کا کارکن بن گیا ہوں

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں ترقی کے بے پناہ مواقع موجود ہیں۔نوجوانوں کو ان انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں بھرپور مواقع فراہم کررہے ہیں۔نوجوانوں کو آئی ٹی کے شعبے میں تربیت دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دے رہی ہے کیونکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نوجوانوں کو ملک کا معمار سمجھتے ہیں۔نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر معاشرے کا مفید شہری بنائیں گے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے ملکی معیشت کو درست راہ پر گامزن کردیا ہے۔حکومت کی دانشمندانہ پالیسیوں کے باعث ملکی معیشت تیزی سے ترقی کررہی ہے

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان پر مشتمل ڈویژن بینچ نے فیصل چوہدری کو جاری نیب کال اپ نوٹس کے خلاف درخواست پر سماعت کی۔درخواست گزار اپنے وکیل علی بخاری ایڈوکیٹ کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔نیب کے پراسیکیوٹر رافع مقصود نے عدالتی استفسار پر بتایا کہ فیصل چوہدری نیب کی انکوائری میں شامل تفتیش ہوگئے ہیں، فی الحال گرفتاری کی ضرورت نہیں، جسٹس سردار اعجاز الحق خان نے درخواست نمٹادی۔دوران سماعت عدالت عالیہ نے نیب پراسیکیوٹر کو مخاطب کر کے ریمارکس دیے کہ چلیں یہ تو چھوٹے چھوٹے معاملات ہیں، گندم اسکینڈل پر انکوائری کب کرنی ہے؟ گندم اسکینڈل پر شاید آپ اگلی حکومت میں انکوائری کریں گے۔واضح رہے کہ گزشتہ دنوں وزیراعظم شہباز شریف نے 'ہر قیمت پر کسانوں کے مفادات کا تحفظ' کرنے کا عہد کیا جبکہ وفاقی حکومت میگا اسکینڈل کی جامع تحقیقات کرنے اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کرنے سے گریزاں نظر آرہی تھی۔گزشتہ روز سامنے آنے والی ایک رپورٹ کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے ذرائع نے بتایا کہ سابق وزیراعظم اور (ن) لیگ کے قائد نواز شریف چاہتے ہیں کہ شہباز شریف کی زیر قیادت حکومت اس میگا اسکینڈل میں ملوث افراد کے خلاف کسی بھی سیاسی اثر کی پرواہ کیے بغیر 'بلاامتیاز' کارروائی کریں۔مسلم لیگ (ن) کے ماڈل ٹاؤن دفتر میں ہونے والے اجلاس کے دوران تجویز دی گئی تھی کہ قومی احتساب بیورو (نیب) یا وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کو مبینہ اسکینڈل کی تحقیقات میں شامل کیا جائے، تاہم شہباز حکومت نے بتایا تھا کہ ایسا کوئی فیصلہ زیر غور نہیں۔وزیراطلاعات عطاءاللہ تارڑ نے ڈان کو بتایا تھا کہ حکومت کا ایسا کوئی ارادہ نہیں ہے کہ (نیب یا ایف آئی اے سے گندم اسکینڈل کی تحقیقات کرائی جائیں)، ذرائع نے دعویٰ کیا کہ اس اسکینڈل کا تعلق سابق نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی حکومت سے ہے

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فوڈ سیکیورٹی کو نگران دور میں گندم کی درآمد کی وجوہات معلوم کرنے کا حکم دیتے ہوئے صورتحال پر قابو پانے کے لیے اقدامات کی ہدایت بھی کی ہے۔اس کے علاوہ وزیراعظم نے رواں مالی سال نجی شعبے کے ذریعے گندم کی درآمد کی وجوہات معلوم کرنے کے لیے محمد مشتاق کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دی تھی جبکہ وزیراعظم نے موجودہ دور میں گندم درآمد کے معاملے پر سیکرٹری کابینہ ڈویژن کامران علی افضل کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دے رکھی ہے۔سرکاری اعداد و شمار کے مطابق موجودہ حکومت کے پہلے ماہ مارچ 2024 میں 57 ارب 19 کروڑ 20 لاکھ روپے مالیت کی 6 لاکھ 91 ہزار 136 میٹرک ٹن گندم درآمد کی گئی جبکہ نگران دور میں 225 ارب 78 کروڑ 30 لاکھ روپے مالیت کی 27 لاکھ 58 ہزار 226 میٹرک ٹن گندم درآمد کی گئی تھی جس کی مالیت 282 ارب 97 کروڑ 50 لاکھ روپے یا ایک ارب دس کروڑ ڈالر کے قریب بنتی ہے۔دوسری جانب لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ کچھ لوگوں کی خواہش ہے کہ میرے خلاف کوئی انکوائری ہو انہوں نے کہا کہ اپریل کے مہینے میں لاہور کو بجلی سپلائی کرنے والی کمپنی (لیسکو) میں کوئی اوور بلنگ نہیں ہوگی، باقی ڈیسکوز میں اوور بلنگ بہت حد تک رکی ہے اگرچہ وہ ان کا اپنا اندرونی معاملہ ہے۔انہوں نے کہا کہ اوور بلنگ کے حوالے سے ایف آئی اے، خاص طور پر لاہور ریجن نے بہت اچھا کردار ادا کیا ہے، 31 کروڑ یونٹس کا ریلیف صارفین کو واپس کیا گیا پاور ڈویژن اور وزیراعظم نے مکمل سپورٹ کیا محسن نقوی نے کہا کہ گندم درآمد کا فیصلہ وفاقی حکومت کرتی ہے، پنجاب حکومت گندم کسانوں سے خریدتی ہے، باہر ممالک سے نہیں، کچھ لوگوں کی خواہش ہے کہ میرے خلاف کوئی انکوائری ہو جائے وزیر داخلہ نے کہا کہ پنجاب حکومت کا گندم کے معاملے پر کوئی تعلق تھا نہ بنتا ہے، کی بدنیتی نہیں تھی، میرا ذاتی خیال ہے

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کل سے قوم پرستانہ قیادت ہی چمٹکارہ دلا سکتی ہے۔ان خیالات کا اظہار وہ لوامز یونیورسٹی اوتھل کے پورائی ہاسٹل میں پشتون اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے منعقدہ اسٹڈی سرکل میں عنوان andNation Nationalism قوم اور قوم پرستی پر خطاب کے دوران کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ قوموں کے لیے قوم پرستانہ جذبات اور قوم پرستانہ سیاسی نظریات ہی مسائل کا حل تلاش کرسکتے ہیں۔قومیں اپنی مشترکہ زبان مشترکہ ادب و کلچر مشترکہ خطہ زمین اور مشترکہ مذہب کی بنیاد پر تشکیل پاتی ہیں۔قوموں کا اپنے مشترکہ مفادات کے لیے باہم متحد ہونا ناگزیر ہو چکا ہے۔جن قوموں نیا پنے زبان ادب کلچر و دیگر قومی ورثہ سے روگردانی کی آج وہ مکمل طور پر صفحہ ہستی مٹتی جارہی ہیں

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

شہباز شریف اس کے وزیر تھے ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے گندم درآمد معاملے پر سیکرٹری فوڈ محمد آصف کو او ایس ڈی کردیا تھا دستاویز کے مطابق موجودہ حکومت کے پہلے ماہ 6 لاکھ 91 ہزار 136 میٹرک ٹن گندم درآمد کی گئی جبکہ نگران دور میں 27 لاکھ 58 ہزار 226 میٹرک ٹن گندم درآمد کی گئی تھی دستاویز کے مطابق مارچ 2024 میں 57 ارب 19 کروڑ 20 لاکھ روپے مالیت کی گندم درآمد کی گئی

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہزاروں مسافر روزانہ کی بنیاد پر کراچی جانے اور کراچی سے اپنے شہروں کو واپس آنے کے لئے سکھر ایکسپریس میں سفر کیا کرتے ہیں تاہم گزشتہ کچھ عرصہ سے سکھر ایکسپریس کراچی صبح 10 سے 11 بجے جبکہ بعض اوقات کئی گھنٹے مزید تاخیر کا شکار ہوتی ہے جسکی وجہ سے بلوچستان اور اندرون سندھ کے بیشتر شہریوں سے کراچی کی عدالتوں یا کسی بھی ادارے میں کام سے جانے والے ملازمین یا نوکری کی تلاش میں جانے والے نوجوان اپنے انٹرویو میں تاخیر سے پہنچنے کے باعث مشکلات کا شکار رہتے ہیں جبکہ کراچی کی عدالتوں میں پیشی کے لئے جانے والے مدعی گواہان اور ملزمان اور وکلاء ٗ برادری جو اپنے کیسوں کے سلسلے میں سکھر ایکسپریس کے ذریعے کراچی جاتے ہیں ٹرین کی تاخیر کے باعث تمام افراد کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ سکھر سمیت دیگر شہریوں سے تعلق رکھنے والی تاجر برادری کراچی سے واپس سکھر اور دیگر شہروں کو ٹرین کے تاخیر سے پہنچنے کے باعث سخت اذیت کا شکار رہتے ہیں اس سلسلے میں شہریوں وکلاء ٗ تاجر برادری اور صحافیوں نے ریلوے کے وفاقی وزیر، جی ایم ریلوے پاکستان، چیئرمین ریلوے اور ڈی ایس ریلوے سکھر اور ڈی ایس ریلوے کراچی سے مطالبہ کیا ہے کہ سکھر ایکسپریس کے ٹائم ٹیبل میں نظرثانی کرتے ہوئے اسکے ٹائم اوقات روانگی اور ٹائم اوقات آمد کو مسافروں کے عین مطابق بنا کر سکھر ایکسپریس میں سفر کرنے والے مسافروں کو پریشانی سے بچایا جائے

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ارباب خان مگسی بھی موجود تھے۔اس موقع پر سید قاسم علی شاہ حسینی نے رکن صوبائی اسمبلی نوابزادہ طارق خان مگسی کو گنداواہ فیڈر 33 کیوی کے مین ٹرانسفارمر بھاگ گریڈ اسٹیشن جل گیا ہے اس حوالے سے ان کو آگاہ کیا جس پر صوبائی وزیر نوابزادہ طارق خان مگسی نے فوری طور پر نوٹس لیتے ہوئے چیئرمین بورڈ واپڈا عبدالواحد مگسی سے رابطہ کیا اور اس موقع پر عبدالواحد مگسی نے صوبائی وزیر نوابزادہ طارق خان مگسی کو یقینی دہانی کرائی کہ انشاءاللہ دو دن کے اندر گنداواہ فیڈر 33 کیوی کی مین ٹرانسفارمر کو بحال کر دیا جائے گا، صوبائی وزیر نوابزادہ طارق خان مگسی نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا میری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔گنداواہ شہر کے عوام کو بجلی کے ساتھ و دیگر سہولیات فراہم کرنے کیلئے بھرپور اقدامات کررہے ہیں۔جس پر سید قاسم علی شاہ حسینی اور وڈیرہ کرم الٰہی کھوہیہ نے نواب زادہ میر طارق خان مگسی صاحب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے ضلع صحبت پور میں عوام کی خدمت کی اسی طرح ضلع نصیر آباد میں بھی عوام کی خدمت کریں گے۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ں کو اپنے آفس طلب کر کے روٹی کی قیمت 200 گرام 25 روپے مقرر کردی گئی واضح رہے اس پہلے 200 گرام روٹی 30 روپے قیمت میں مقرر تھا۔اجلاس کے شرکاء ٗ سے اسسٹنٹ کمشنر داجندین عبدالباسط بزدار نے کہا کہ ریٹ مقرر ہونے کے بعد بازار کا ہر وقت دورہ ہوگا جبکا بھی وزن کم ہوا تو دکان سیل کر کے دکاندار کو ایک مہینے کیلیے جیل دیا جائیگا ریٹ لسٹ اپنے اپنے دکانوں کے سامنے آویزاں کریں عوام الناس خود ساختہ مہنگا دینے والوں کے خلاف فوری درج ذیل شکایت سیل کے نمبرز پر سینڈ کریں قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

شہباز شریف کے پاس تھا۔شہباز شریف کے نیشنل فوڈ سیکورٹی کے انچارج وزیر ہوتے ہوئے ملک میں 57 ارب 19 کروڑ 20 لاکھ روپے مالیت کی 6 لاکھ 91 ہزار 136 میٹرک ٹن گندم درآمد کیئے جانے کا انکشاف ہوا ہے رواں سال مارچ میں گندم کی درآمد کے وقت وزیراعظم وزارت تحفظ خوراک کے انچارج وزیر خود تھے۔انہوں نے 3 اپریل کو وفاقی وزیر رانا تنویر کو قومی تحفظ خوراک کا اضافی قلمدان سونپا وزیراعظم نے گندم درآمد کے معاملے پر سیکرٹری خوراک محمد آصف کو او ایس ڈی بنادیا تھا ''ڈان نیوز'' کے مطابق سرکاری اعداد و شمار میں بتایا گیا ہے کہ رواں مالی سال فروری تک 225 ارب 78 کروڑ 30 لاکھ روپے کی گندم درآمد ہوئی، مارچ 2024 میں 57 ارب 19 کروڑ 20 لاکھ روپے مالیت کی گندم درآمد کی گئی یوں رواں مالی سال مارچ تک 282 ارب 97 کروڑ 50 لاکھ روپے مالیت کی کل 34 لاکھ 49 ہزار 436 میٹرک ٹن گندم درآمد کی گئی، جبکہ موجودہ حکومت کے پہلے ماہ 6 لاکھ 91 ہزار 136 میٹرک ٹن گندم درآمد کی گئی سرکاری اعداد و شمار کے مطابق نگران دور میں 27 لاکھ 58 ہزار 226 میٹرک ٹن گندم درآمد کی گئی تھی۔ایک سرکاری دستاویز کے مطابق مجموعی طور پر ملک سے ایک ارب دس کروڑ ڈالر گندم درآمد کرنے کی مد میں باہر گئے ملک میں گندم کے وافر ذخائر موجود ہونے کے باوجود نگران حکومت کے دور میں بڑے پیمانے پر گندم کی درآمد کے معاملے میں روز نئے انکشافات سامنے آرہے ہیں یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ موجودہ حکومت کی اب تک کی مدت میں بھی گندم کی درآمد کا سلسلہ جاری رہا نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے نجی ٹی وی سے انٹرویو میں کہا ہے گندم کی درآمد سے ان کا کوئی تعلق نہیں گندم درآمد کی منظوری سال 2023 میں پی ڈی ایم حکومت کے وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے ای سی سی کے اجلاس میں دی تھی۔ نگران حکومت میں وزیر فوڈ سیکورٹی کوثر عبداللہ نے کہا ہے کہ انہیں وزارت کی جانب سے کوئی سمری نہیں دکھائی گئی ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ نگراں دور میں وزیر کو دکھائے بغیر سمری منظور کرنے کا کلچر فروغ پا چکا تھا کوثر عبداللہ نے کہا کہ سیکرٹری اور اسٹیبلشمنٹ ایسا یہ کہہ کر کرتے تھے کہ نگراں وزیر تو 4 دن کے لیے ہیں ان کا کہنا تھا کہ میں گندم درآمد کرنے کی مخالفت کی تھی جبکہ نجی شعبے کو گندم منگوانے کی اجازت کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے دی تھی۔یاد رہے کہ گندم درآمد میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات کے لیے سیکرٹری کابینہ کامران علی افضل کی سربراہی میں ایک کمیٹی بنائی گئی ہے اور امکان ہے کہ کمیٹی کی رپورٹ آئندہ ہفتے کابینہ کے سامنے پیش کی جائے تاہم سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کا کہنا ہے کہ انکوائری کمیٹیاں یا تحقیقاتی کمیشن معاملے کو دبانے کے لیے بنائے جاتے ہیں

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نہ 6 لاکھ چالیس ہزار روپے بنتے ہیں جو دو کوارٹر میں ریلیز ہوتے ہیں لیکن کرپشن کے باعث مرمت کے رقم بھی سیاست رشوت کے طور پر استعمال ہوکر ایمبولینسز کی مرمت کے کام کو ادھورہ چھوڑ دیتا ہے اور اس رقم سے 16 کے قریب ایمبولینسز جنگی اکثریت آف روڈ ہو چکی ہے

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کہا کہ اپریل کے مہینے میں لاہور کو بجلی سپلائی کرنے والی کمپنی (لیسکو) میں کوئی اوور بلنگ نہیں ہوگی، باقی ڈیسکوز میں اوور بلنگ بہت حد تک رکی ہے، اگرچہ وہ ان کا اپنا اندرونی معاملہ ہے انہوں نے کہا کہ اوور بلنگ کے حوالے سے ایف آئی اے، خاص طور پر لاہور ریجن نے بہت اچھا کردار ادا کیا ہے، پاور ڈویژن اور وزیراعظم نے مکمل سپورٹ کیا وزیر داخلہ نے کہا کہ ان اقدامات کے نتیجے میں 31 کروڑ یونٹس صارفین کو واپس کیے گئے ہیں، اوور بلنگ رک گئی ہے، آگے بھی یہ سلسلہ جاری رہے گا، اس معاملے پر 102 کے قریب ایف آئی آرز ہوئی تھیں، آج اس سلسلے میں شیخوپورہ سے ایک گرفتاری ہوئی ہے، وہ بڑے پیمانے پر اوور بلنگ کے معاملے میں ملوث تھے، اس سے پہلے میں 2 افسران کو گرفتار کیا گیا تھا محسن نقوی نے کہا کہ نچلی سطح لے اسٹاف کو گرفتار کرنے سے منع کیا ہے، ان کا قصور نہیں ہوتا، افسران ان پر دباؤ ڈالتے ہیں تو وہ اس طرح کا کام کرتے ہیں محسن نقوی نے کہا کہ گندم درآمد کا فیصلہ وفاقی حکومت کرتی ہے، پنجاب حکومت گندم کسانوں سے خریدتی ہے، باہر ممالک سے نہیں، اس لیے حکومت پنجاب کا اس معاملے سے کوئی تعلق بنتا ہے، نہ تھا ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پنجاب اپنا ایک کوٹہ مختص کرتا ہے کہ ہم نے اتنی گندم خریدنی ہے، ملک میں گندم کے اسٹاک کے حوالے سے فیصلہ وفاقی حکومت کرتی ہے، تو لوگوں کی خواہش ضرور ہے کہ میرے خلاف کوئی نہ کوئی انکوائری ہو جائے لیکن اللہ کا شکر ہے کہ ایک فیصد بھی کوئی ایسا غلط کام نہیں کیا انہوں نے کہا کہ اگر کوئی غلط چیز آتی بھی تھی تو میری ٹیم اچھی تھی، اگر کوئی ایسی چیز آتی تھی تو میرے سیکریٹری کہتے کہ جو مرضی ہو جائے آپ نے یہ نہیں کرنا، میرے پاس اچھی ٹیم تو انہوں نے ایسی کوئی چیز ہونے بھی نہیں دی، تو میرے خلاف انکوائری کے سلسلے میں لوگوں کو مایوسی ہوگی، میں جتنا عرصے کام کیا، اس میں کوئی ایک فیصد بھی چیز ہو تو میں انکوائری کے لیے تیار ہوں انہوں نے کہا کہ معاملے کے حقائق ضرور سامنے آنے چاہئیں، وفاقی حکومت کی بھی کوئی بدنیتی نہیں ہے، نچلی سطح پر اگر کسی نے کوئی چیز کی ہے تو وہ چیز بھی کلیئر ہو کر سامنے آجائے گی وزیر داخلہ نے کہا کہ ایف آئی اے سائبر ونگ کام کرتا رہے گا، نئی باڈی بن رہی ہے، فیک نیوز کے حوالے سے قوانین اور نئی باڈی چاہیے، اس میں کوئی غلط چیز نہیں ہے، ہر ادارہ اپنا کام کرتا رہے گا محسن نقوی نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں منشیات کے معاملے پر بطور قوم مقابلہ کرنا ہے، انہوں نے کہا کہ پاسپورٹ مافیا کے خلاف اقدامات کیے جارہے ہیں، ابھی آپ چلے جائیں سڑک پر بیٹھا مافیا نظر نہیں آگے، جن نہیں ہوں کہ ابھی حکم دوں اور مافیا ختم ہو جائے، کوشش کر رہے ہیں، اس لیے انسان اور جن میں تھوڑا فرق ضرور رکھیں وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی حکومت کا حصہ ہر معاملے میں اعتماد میں لیا جاتا ہے، سابق نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ صاحب نے کسی صوبائی حکومت کا گندم معاملے میں حوالہ نہیں دیا، یہ میڈیا کی غلطی ہے کہ کہا کچھ جائے اور چلا دیا کچھ اور جائے

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بریفنگ دی اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کمشنر بی بشیر احمد ہنگلوئی نے کہا کہ ڈاکٹر اپنی بہترین صلاحیتوں کے ساتھ مریضوں کا علاج کریں اسپتال میں صفائی کو بھی مزید بہتر بنایا جائے اس موقع پر ایم ایس ٹی ایچ کیو ڈاکٹر بابر شاہد نے بتایا کہ ہسپتال میں نئی تعمیر ہونے والی عمارت ائی سی یو میں ایئر کنڈیشن نصب نہیں ہیں اس موقع پر کمشنر بی ڈویژن نے کہا کہ وہ محکمہ صحت کے سیکرٹری کو لکھیں گے کہ جتنی بھی مسنگ فیسلٹیز ہیں وہ مکمل کر کے اس عمارت کو جلد ہی فعال کر دیا جائے انہوں نے ایم ایس ٹی ایچ کیو ڈاکٹر بابر شاہد کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اسپتال کی بہتری کے لیے اچھے اقدامات لیے ہیں جس پر وہ خراج تحسین کے مستحق ہیں انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز حاضر رہیں فرائض میں غفلت کی صورت میں سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے کہا کہ ایڈہاک ہسپتر پر لیڈی میڈیکل افیسرز کی تعیناتی کے لیے ریکمنڈیشنز بھجوادی ہے اسپتال میں ڈاکٹرز کی کمی کا یہ معاملہ بھی انشاء ٗاللہ حل ہو جائے گا

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج اور گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج اوستا محمد کے سنٹر سپریڈنٹ نے اپنے دیگر عملہ کے ہمراہ نقل مافیا کے خ

بلوچستان کے مسائل کا حل سیاسی ڈائیلاگ سے ہی ممکن ہے، ملک عبدالولی کاکڑ

میں بی این پی مینگل کا حصہ ہوں میں پارٹی قائد صدر اختر جان مینگل سے رابطہ میں ہوں اور ایک دوسرے کیساتھ میسجز ہوتے رہتے ہیں

میں بذات خود میر عبدالقدوس بزنجو کا سخت مخالف ہوں اس وقت بھی میں مخالف تھا اور آج بھی مخالف ہوں قدوس بزنجو سینیٹر کا لائق ہی نہیں

کوئٹہ (یو این اے) سابق گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ نے کہا ہے کہ مجھے پارٹی سے نکالنے کا بیان ایک فرد کا بیان تھا میں بی این پی مینگل کا حصہ ہوں میں پارٹی قائد صدر اختر جان مینگل سے رابطہ میں ہوں اور ایک دوسرے کے ساتھ میسجز ہوتے رہتے ہیں میں بذات خود میر عبدالقدوس بزنجو کا سخت مخالف ہوں اس وقت بھی میں مخالف تھا اور آج بھی مخالف ہوں قدوس بزنجو سینیٹر کا لائق ہی نہیں ہے پتا نہیں وہ سینیٹر کیسے بن گیا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد، وفاقی وزراء عطاء اللہ تارڑ، مصدق ملک، جام کمال خان پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ڈیری فارم سے دودھ 165 روپے جبکہ 192 روپے پر لیٹر لے رہے ہیں، آل کوئٹہ ملک شاپ اینڈ سپلائرز ایسوسی ایشن

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) آل کوئٹہ ملک شاپ اینڈ سپلائرز ایسوسی ایشن کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ شاپ فارم سے ہول سیل دودھ کا ریٹ 165 پہ لیٹر ہے جبکہ ڈیری فارمز ہم سے 175 سے 192 لیٹر لے رہے ہیں ہم کس طرح 180 روپے لیٹر فروخت کر سکتے ہیں دودھ بیچنے پر ہمیں 12 قسم کے اخراجات سے گزرنا پڑتا ہے دکان کرایہ سوزوکی کرایا مزدوروں کی تنخواہ کھانا پینا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 3)

گندا نالہ میں لوگوں کی آمدورفت کے لئے نہروں پر پل بنانے کا کام شروع کر دیا گیا، فیصل جمالی

گندا نالہ (نامہ نگار) صوبائی وزیر صحت سردار زادہ فیصل خان جمالی کی خصوصی ہدایت پر تحصیل گندا نالہ کے مختلف علاقوں میں لوگوں کی آمدورفت کے لئے نہروں پر پل بنانے کا کام شروع کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق گوٹھ درمحمد مینگل مٹھوی شاخ کے مکین گزشتہ دو سالوں سے پل (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 7)

نوجوانوں کو آئی ٹی کے شعبہ میں ہنرمند بنائیں گے، شزہ فاطمہ

موجودہ حکومت کی دانشمندانہ پالیسیوں کے باعث معیشت تیزی سے ترقی کر رہی ہے

اسلام آباد (یو این پی) وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو آئی ٹی کے شعبہ میں ہنرمند بنا کر معاشرے کا مفید شہری بنائیں گے، موجودہ حکومت کی دانشمندانہ پالیسیوں کے باعث معیشت تیزی سے ترقی کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ انفا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 9)

کوئٹہ، وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو کن صوبائی اسمبلی زابد ریکی سے ملاقات کر رہے ہیں

تعلیمی بورڈ سکھر کے زیر انتظام نویں اور دسویں جماعت کے سالانہ امتحانات جاری

سکھر (رپورٹ اسلم سومرو) تعلیمی بورڈ سکھر کے زیر انتظام نویں اور دسویں جماعت کے سالانہ امتحانات جاری، کمشنر سکھر کا مختلف امتحانی مراکز کا دورہ، اساتذہ کرام سمیت والدین نقل کی روک تھام کیلئے اپنا اپنا کردار ادا کریں، کمشنر سکھر فیاض حسین عباسی کی میڈیا سے گفتگو، (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 6)

اپنے گناہوں کو کسی اور کے کھاتے میں ڈالنا سیاسی وطیرہ بن چکا ہے، نیشنل پارٹی

گوادر کو باڑ لگانے کا سہرا قدوس حکومت اور حالیہ حکومت کے سر جاتا ہے

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے سابق وزیر اعلیٰ نواب محمد اسلم خان رئیسانی کے بیان کو مضحکہ خیز اور سیاق وسباق سے ہٹ کر قرار دیا کہ گوادر کو باڑ لگانے کا سہرا قدوس حکومت اور حالیہ حکومت کے سر جاتا ہے لیکن افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے اسلم رئیسانی گوادر میں باڑ لگانے کا ذمہ دار نیشنل پارٹی کے سر ڈالنے کی کوشش کی ہے موصوف کا بیان ہے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 4)

آئی ایم ایف پروگرام سے منسلک ہونے کے باعث بجٹ کی تیاری تاخیر کا شکار

بجٹ اسٹریٹجی پیپر 25-2024 تاحال تیار نہیں ہو سکا ہے حالانکہ بجٹ اسٹریٹجی پیپر 22 اپریل تک منظور کرانے کا ہدف تھا، ذرائع

آئی ایم ایف کیساتھ ٹیکس محصولات اور بجٹ خسارہ طے کرنے کے بعد باقی چیزیں طے ہو سکیں گی جب کہ وفاقی وزارتوں کیلئے ترقیاتی بجٹ کی حد بھی ابھی طے نہیں ہو سکی ہے

اسلام آباد (یو این اے) آئندہ مالی سال کا وفاقی بجٹ آئی ایم ایف پروگرام سے منسلک ہونے کی وجہ سے بجٹ کی تیاری تاخیر کا شکار ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف کیساتھ ٹیکس محصولات اور بجٹ خسارہ طے کرنے کے بعد باقی چیزیں طے ہو سکیں گی جب کہ وفاقی وزارتوں کیلئے ترقیاتی بجٹ کی حد بھی ابھی طے نہیں ہو سکی ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق بجٹ اسٹریٹجی پیپر 25-2024 تاحال تیار نہیں ہو سکا ہے حالانکہ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 1)

گورنر پنجاب کی تقریب حلف برداری آج منگل کو ہوگی

لاہور (یو این پی) گورنر پنجاب کی تقریب حلف برداری آج منگل کے روز شام چھ بجے گورنر ہاؤس لاہور میں منعقد ہوگی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس ملک شہزاد احمد خان پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما نامزد گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے عہدے کا حلف لیں گے

عمران خان کو رہا نہ کیا گیا تو اسلام آباد کا گھیراؤ کریں گے، علی محمد خان

پاکستان بار دو اور ٹیکنوں سے نہیں بلکہ نوجوانوں کی جدوجہد سیاسی بصیرت اور قلم کی طاقت سے آزاد ہوا

پشاور (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنماء اور رکن قومی اسمبلی علی محمد خان نے کہا ہے کہ عمران خان کو فوری رہا نہ کیا گیا تو 9 مئی سے فیصلہ کن تحریک کا آغاز کر کے پورے اسلام آباد کا گھیراؤ کریں گے۔ انصاف سٹوڈنٹس فیڈریشن تحصیل تخت بھائی کے زیر اہتمام سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے علی محمد خان کا کہنا تھا کہ پاکستان بار دو اور ٹیکنوں سے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 2)

پاکستان میں رواں برس مجموعی کھپت سے 18 لاکھ ٹن زیادہ گندم پیدا ہوگی، ذرائع محکمہ خوراک

لاہور (یو این اے) ذرائع محکمہ خوراک کا کہنا ہے کہ پاکستان میں رواں برس مجموعی کھپت سے 18 لاکھ ٹن زیادہ گندم پیدا ہوگی۔ ذرائع کے مطابق پاکستان میں ہر شہری سالانہ 115 کلو آٹا کھاتا ہے اور پاکستان میں سالانہ 2 کروڑ 80 لاکھ ٹن گندم کی کھپت ہے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 5)

کوئٹہ، سیکریٹری لوکل گورنمنٹ عبدالرؤف بلوچ میونسپل کارپوریشن لائبریری کا معائنہ کر رہے ہیں

5 سعودی کمپنیوں سے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کیلئے بات چیت کر رہے ہیں، وفاقی وزراء

پہلے حکومت سے حکومت کی سطح پر معاہدے ہوئے، اب بزنس ٹو بزنس معاہدے ہونگے، پاکستان کا کاروباری وفد بھی سعودی عرب کا دورہ کرے گا

پاکستان کا کاروباری وفد بھی سعودی عرب کا دورہ کریگا، سعودی سرمایہ کاری سے نوجوانوں کو روزگار اور اپنے کاروبار شروع کرنے کے مواقع میسر آئیں گے

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ اور وفاقی وزیر پٹرولیم وفوکل پرسن پاک سعودی شراکت داری ڈاکٹر مصدق ملک کے ہمراہ پریس کانفرنس میں کہا ہے کہ 30 سے 35 سعودی کمپنیوں کے نمائندے پاکستان میں توانائی، ریفائنری، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کے لئے بات چیت کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پہلے حکومت سے حکومت کی سطح پر معاہدے ہوئے، اب بزنس ٹو بزنس معاہدے ہوں گے، پاکستان کا کاروباری وفد بھی سعودی عرب (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 42)

متنازع ٹوئٹس کیس: اعظم سواتی کی عبوری ضمانت میں توسیع

اعظم سواتی نے عدالتی نرمی کا غلط استعمال کیا، ضمانت کے بعد اعظم سواتی اشتہاری ہو گئے تھے، پراسیکیوٹر

اسلام آباد (یو این پی) سپیشل جج سنٹرل اسلام آباد نے متنازع ٹوئٹس کیس میں اعظم سواتی کی عبوری ضمانت میں 15 مئی تک توسیع کر دی۔ سپیشل جج سنٹرل ہمایوں دلاور نے پی ٹی آئی رہنما اعظم سواتی کیخلاف کیس کی سماعت کی۔ جج ہمایوں دلاور نے وکیل علی بخاری سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ عدالت میں جم غفیر نہ لیکر آئیں جس پر وکیل علی بخاری نے کہا کہ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 43)

دانیہ شاہ کا عامر لیاقت کی وراثت لینے کیلئے وکیل کو 2 کروڑ روپے دینے کا اعلان

میں اب دیکھتا ہوں کہ کون دانیہ شاہ کو عامر لیاقت حسین کی وراثت سے حصہ لینے سے روکے گا، وکیل

لاہور (یو این پی) نامور ٹی وی شو میزبان اور اسکالر مرحوم عامر لیاقت حسین کی تیسری اہلیہ دانیہ شاہ نے اپنے مرحوم شوہر کی وراثت سے حصہ لینے کے لیے وکیل سے رابطہ کر لیا۔ عامر لیاقت حسین کی زندگی میں اُن کی نازیبا ویڈیوز لیک والی اُن کی تیسری اہلیہ دانیہ شاہ طویل عرصے بعد منظر عام پر آئی ہیں۔ سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر دانیہ شاہ کی اپنے وکیل کے ہمراہ ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں دانیہ کے وکیل نے ایک حیران کن انکشاف کیا۔ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 41)

کچھ تعلیم دشمن عناصر اپنے مفادات کی خاطر بلیک میل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

اوستا محمد (نمائندہ خصوصی) بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ کی جانب سے بلوچستان بھر کی طرح اوستا محمد کے امتحانی سینٹر گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 44)

چترال میں سیاحت کے بے شمار مواقع موجود ہیں، ڈپٹی سپیکر

جشن قاقلشٹ منعقد میں کثیر تعداد میں ملکی وغیر ملکی سیاح آئے ہیں جو کہ خوش آئند بات ہے

پشاور (یو این اے) ڈپٹی سپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی ثریا بی بی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور اور مشیر سیاحت خیبر پختونخوا زاہد چن زیب کی ذاتی دلچسپی سے قاقلشٹ فیسٹیول کا انعقاد ممکن ہوا۔ قاقلشٹ فیسٹیول علاقہ میں سیاحت کی ترقی، مقامی لوگوں کیلئے تفریح سمیت نوجوانوں کیلئے صحت مند سرگرمیوں میں شرکت اور علاقائی ثقافت کو زندہ رکھنے کیلئے اہم ہے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 38)

پاک بحریہ کے 4 افسران کو ستارہ امتیاز اور 4 افسران کو تمغہ امتیاز سے نوازا گیا

اسلام آباد (بیورو چیف) پاک بحریہ کے آفیسرز، سی پی اوز/سیلرز اور سویلینز کو عسکری ایوارڈز تفویض کرنے کی تقریب کا انعقاد ہوا جس میں پاک بحریہ کے 4 افسران کو ستارہ امتیاز (ملٹری) اور 4 افسران کو تمغہ امتیاز (ملٹری) سے نوازا گیا۔ پاک بحریہ کے آفیسرز، سی پی اوز/سیلرز اور سویلینز کو عسکری ایوارڈز تفویض کرنے کی تقریب کا انعقاد ہوا، چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف تقریب کے مہمان خصوصی تھے، تقریب میں پاک بحریہ کے حاضر سروس اور ریٹا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 34)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران دوران ملاقات بات چیت کر رہے ہیں

سعودی عرب سے تاریخی رشتہ معاشی تعلقات میں تبدیل ہو رہا، مریم نواز شریف

سعودی اور پاکستانی سرمایہ کاروں کے درمیان براہ راست ایگریمنٹ خوش آئند امر ہے، سعودی تجارتی وفد کا خیر مقدم

لاہور (یو این پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پاکستان آنے والے سعودی تجارتی وفد کا خیر مقدم کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے پاک سعودی انویسٹمنٹ کانفرنس کی کامیابی کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب سے تاریخی رشتہ معاشی تعلقات میں تبدیل ہو رہا ہے، پاکستان آنے والے سعودی سرمایہ کاروں کو دل کی گہرائیوں سے خو (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 26)

چیف جسٹس کے عہدے کی مدت فکس کرنے کی ممکنہ آئینی ترمیم کی مخالفت کرینگے، حامد خان

ایسی ترامیم کا مقصد عدلیہ میں تقسیم پیدا کرنے کی کوشش ہوتی ہے، وکلاء برادری بھی مخالفت کریگی

لاہور (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما و سینئر قانون دان حامد خان نے چیف جسٹس کے عہدے کی مدت فکس کرنے کی ممکنہ آئینی ترمیم کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ تحریک انصاف اور پوری وکلاء برادری اس ترمیم کی مخالفت کرے گی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ پہلے بھی چیف جسٹس صاحبان کو توسیع دینے کی کوششیں ہوتی رہی ہیں مگر وکلا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 25)

گندم سکینڈل سے کسان کا بہت بڑا نقصان ہوا، مسئلہ حل کیا جائے، خورشید شاہ

قانون کو معطل کرنے کیلئے اگر پریم کورٹ کوئی آرڈر کرتی ہے تو اس کو قانون بنانے کیلئے ایک دفعہ پھر پارلیمنٹ میں لے جانا پڑے گا

سکھر (رپورٹ اسلم سومرو) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سید خورشید احمد شاہ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی حکومت میں شامل ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ سی ای سی میں کرے گی میں کل اسلام آباد سے آیا ہوں مجھے مزید اس بارے میں علم نہیں ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے غلام محمد مہر میڈیکل کالج کے زیر اہتمام و پرنسپل فیسلٹی اینڈ اسٹوڈنٹس کے تعاون سے 13 ویں شہید محترمہ بے نظیر بھٹو سالانہ اسپورٹس ویک کی افتتاحی تقریب اور بعد ازیں میڈیا سے گفتگو کر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 24)

واشک میں امن وامان کو برقرار رکھنا اولین ترجیح ہے، ڈی سی واشک

ایسا سمجھ لیں کہ آج سے ملک کی سلامتی سمیت اور واشک عوام کے جان ومال کے تحفظ کی ذمہ داری سونپی جا رہی ہے

واشک لیویز فورس امن وامان برقرار رکھنے سمیت اخلاقی اقدار کے بارے میں بھی خصوصی تربیت دی جائے گی

واشک (نامہ نگار) ڈی سی کمپلیکس واشک میں واشک کے نئے تعینات ڈپٹی کمشنر واشک محمد نعیم عمرانی کا واشک لیویز فورس کے رسالدار/نائب رسالدار ودیگر لیویز لائنز کے انچارج کے ساتھ تعارفی ملاقات کی تفصیل تعارفی ملاقات میں ڈپٹی کمشنر واشک محمد نعیم عمرانی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ واشک میں امن وامان کو برقرار رکھنا اولین ترجیح ہے واشک لیویز فورس کو اہم کردار ادا کرنا ہوگا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور آپ کے وہ تمام ضروری چیزیں کو پورا کرنے میں کردار ادا کرونگا ڈپٹی کمشنر واشک محمد نعیم عمرانی نے لیویز فورس کے ذمہ داران کو مزید سخت (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 40)



کوئٹہ، صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران اور وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو دوران ملاقات بات چیت کر رہے ہیں

190 ملین پاؤنڈز ریفرنس: درخواست ضمانت پر سماعت بغیر کارروائی ملتوی

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ میں پی پی آئی کی 190 ملین پاؤنڈز ریفرنس میں درخواست ضمانت پر سماعت بغیر کارروائی ملتوی کر دی گئی، پیر کو سماعت ہونا تھی کہ چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس طارق محمود جہانگیری کے دو رکنی بنچ کی کاز لسٹ منسوخ کر دی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 36)

عابد علی ریکی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر باقاعدہ کام کا آغاز کر دیا

پنجگور (نمائندہ خصوصی) ڈی ایچ او پنجگور ڈاکٹر عابد علی ریکی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر باقاعدہ کام کا آغاز کر دیا، تفصیلات کے مطابق ڈی ایچ او پنجگور ڈاکٹر عابد علی ریکی نے بطور ڈی ایچ او اپنے چارج سنبھال لیا، اس موقع پر نیشنل پروگرام کے کوارڈینیٹر ڈاکٹر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 33)

متنازع ٹوئٹس کیس میں اعظم سواتی کی عبوری ضمانت میں 15 مئی تک توسیع

اسلام آباد (آن لائن) سپیشل جج سنٹرل اسلام آباد نے متنازع ٹوئٹس کیس میں اعظم سواتی کی عبوری ضمانت میں 15 مئی تک توسیع کر دی ہے۔ پی ٹی آئی رہنما اعظم سواتی کے خلاف متنازع ٹوئٹس کیس کی سماعت سپیشل جج (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 32)

سویلین بالادستی اور مزاحمت کا راستہ چھوڑنے پر پارٹی سے علیحدگی اختیار کی، محمد زبیر

کراچی (یو این اے) سابق گورنر سندھ محمد زبیر نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی طرف سے ووٹ کو عزت دو، سویلین بالادستی اور مزاحمت کا راستہ چھوڑنے پر پارٹی سے علیحدگی اختیار کی (ن) لیگ میں ہمیشہ سے دو بیانیہ اور گروپس تھے، خیالات کا اظہار انہوں نے انٹرویو میں محمد زبیر کا کہنا تھا کہ (ن) لیگ میں ہمیشہ سے دو بیانیہ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 31)

انٹرنیشنل کھلاڑی فدا محمد دومڑ ہمارے قومی اثاثہ اور ستارہ ہیں، عبدالغنی شہزاد

سپورٹس کے ذریعے نفرتوں کا خاتمہ ہوتا ہے ہمارے معاشرے میں کو اولیت ملنی چاہیے

کوئٹہ (پ ر) رائٹرز گلڈ آف اسلام پاکستان مرکزی صدر عبدالغنی شہزاد نے کہا کھیل کے ذریعے منشیات سے نجات پا کر نوجوان نسل مستقبل کو محفوظ بن سکتے ہیں فدا محمد دومڑ جیسے ہونہار نوجوان ہمارے قومی اثاثہ اور ستارہ میں مضبوط ارادے اور محنت ہی ہمیں اپنے مقصد تک پہنچا سکتے ہیں بلوچستان کے سرزمین کھیل تعلیم صحت ان کی سرگرمیوں کے حوالے سے ایک زرخیز علاقہ ا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 30)

پنجاب پولیس نے 08 سالہ بچی کو ونی کی بھینٹ چڑھنے سے بچا لیا

ونی ہونے والی بچی کے کزن نے فقیر بخش کشکوری کی بیٹی ثانیہ کو گھر سے بھگا کر شادی کی تھی

لاہور (یو این پی) پنجاب پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آٹھ سالہ بچی کو ونی کی بھینٹ چڑھنے سے بچا لیا۔ تفصیلات کے مطابق راجن پور پولیس کو آٹھ سالہ بچی کو شرپی بی کو موضع ظفی کے رہائشی ندیم ولد فقیر بخش کو بدلہ صلح/ونی کرنے کی اطلاع ملی تھی، پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے بچی کو بازیاب کروایا اور طبی معائنے کے بعد بچی کو والدین کے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 29)

جن سے اپنا صوبہ نہیں چلایا جا رہا وہ پنجاب کی کارکردگی سے حسد کر رہے ہیں، عظمیٰ بخاری

برقعہ پوش خاتون کو 74 کروڑ روپے کے تحائف چوری کرنے کا مرتکب قرار دیا گیا ہے، وزیر اطلاعات

لاہور (یو این پی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ جن سے اپنا صوبہ نہیں چلایا جا رہا وہ پنجاب کی کارکردگی سے حسد کر رہے ہیں، برقعہ پوش خاتون کو 74 کروڑ روپے کے تحائف چوری کرنے کا مرتکب قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے بیرسٹر سیف کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اب فارم 45 اور فارم 47 آپ لوگوں کے خوابوں میں بھی اگلے پانچ سال (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 28)

گندم سکینڈل انکوائری معاملے کو بنانے کیلئے بنائی جاتی ہے، شاہد خاقان عباسی

ایک ارب دس کروڑ ڈالر گندم درآمد کی مد میں ملک سے باہر مجھے سمری کے بارے میں پتہ ہے نہ ہی کوئی سمری دکھائی گئی

وزیر فوڈ سیکورٹی انکوائری کمیٹیاں یا تحقیقاتی کمیشن معاملے کو دبانے کیلئے بنائے جاتے ہیں اس سے کچھ نکلے گا نہ، سابق وزیر اعظم

اسلام آباد (یو این اے) گندم درآمد اسکینڈل میں موجودہ حکمرانوں کا نام بھی سامنے آنے لگا وزیر اعظم شہباز شریف کے وزارت فوڈ کے وزیر ہوتے ہوئے گندم کی درآمد کا انکشاف سامنے آیا بیوستاویز کے مطابق موجودہ دور حکومت میں گندم درآمد کے وقت فوڈ سیکیورٹی کی وزارت بھی وزیر اعظم شہباز شریف ہی کے پاس تھی دستاویز کے مطابق رواں مالی سال مارچ تک 283 ارب روپے کی گندم درآمد کی گئی، اس وقت وزیر اعظم ہی وزارت فوڈ کے انچارج وزیر تھے دستاویز کے مطابق وزیر اعظم نے 3 اپریل کو رانا تنویر کو نیشنل فوڈ سیکیورٹی کا اضافی قلمدان دیا، اس سے قبل ایک ماہ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 13)

اندرون سندھ کی واحد مسافر ٹرین سکھر ایکسپریس ریلوے انتظامیہ کی ناقص حکمت عملی

سکھر (رپورٹ اسلم سومرو) اندرون سندھ کی واحد مسافر ٹرین سکھر ایکسپریس ریلوے انتظامیہ کی ناقص حکمت عملی اور عدم دلچسپی کے باعث مسافروں کے لے بے سود ثابت ہونا شروع ہو گئی سکھر ایکسپریس میں بلوچستان کے بیشتر شہریوں اور اندرون سندھ سے تعلق رکھنے والے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 14)

عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا میری اولین ترجیحات میں شامل ہے، طارق خان مگسی

گنداواہ (رپورٹ شیر احمد نمائندہ صحافت) صوبائی وزیر نوابزادہ طارق خان مگسی سے گنداواہ کی معزز شخصیت سید قاسم علی شاہ حسینی کی ڈیرہ کرم الٰہی کھوہیہ کے ہمراہ مگسی ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ اس موقع پر الیکشن ایریا کمیشن جھل مگسی محمد یار مگسی اور تحصیلدار جھل مگسی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 15)

ایاز احمد خان گولہ نے ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر ضلع نصیر آباد بلوچستان کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا

صحبت پور (بیورو چیف شاہد گولہ) سردار زادہ ایاز احمد خان گولہ صاحب نے ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر ضلع نصیر آباد بلوچستان کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا۔ اور گولہ اقوام کی طرف سے سردار صاحب کو نیک تمناؤں کی کاوشیں پیش کی اور امید ظاہر کی کہ جیسے سردار صاحب (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 16)

میرے خلاف کسی انکوائری کی خواہش رکھنے والوں کو مایوسی ہوگی، محسن نقوی

لاہور (یو این اے) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ لوگوں کی خواہش ہے کہ میرے خلاف کوئی انکوائری ہو جائے، میرے خلاف انکوائری کے سلسلے میں لوگوں کو مایوسی ہوگی ایف آئی اے لاہور آفس میں نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 20)

کوئٹہ، صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان سے بیرسٹر سیف اللہ لگمسی دوران ملاقات بات چیت کر رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر والہدین عبدالباسط بزدار نے اجلاس طلب کر کے دکاندار کو ایک مہینے کیلئے جیل دیا جائیگا

جسکا بھی وزن کم ہوا تو دکان سیل کر کے دکاندار کو ایک مہینے کیلئے جیل دیا جائیگا

صحبت پور (بیورو چیف شاہد گولہ) آٹے کی قیمتوں میں کمی کے بعد عوام کو ریلیف دینے کیلئے اسسٹنٹ کمشنر والہدین عبدالباسط بزدار نے اجلاس طلب کر کے روٹی کی قیمت میں کمی کر دی عوامی حلقوں کی جانب سے خیر مقدم۔ ڈپٹی کمشنر چاغی ڈاکٹر عتیق الرحمٰن شاہوانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر والہدین عبدالباسط بزدار نے آٹے کی قیمتوں میں کمی کے بعد آٹا ڈیلر اور نان بائیو (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 17)

گندم درآمد معاملہ، کسی اہم شخصیت کو انکوائری کے لیے نوٹس جاری نہیں کیئے گئے

مارچ 2024 میں درآمد کی جانے والی گندم میں سے 13 ملین ٹن گندم فنگس لگنے کی وجہ سے انسانی استعمال کے قابل نہیں، انکوائری کمیٹی

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی سیکرٹری کابینہ ڈویژن کی سربراہی میں گندم کی درآمد سے متعلق تحقیقات کرنے والی انکوائری کمیٹی نے انکشاف کیا ہے کہ مارچ 2024 میں درآمد کی جانے والی گندم میں سے 13 ملین ٹن گندم فنگس (کائی) لگنے کی وجہ سے انسانی استعمال کے قابل نہیں گندم کی یہ کھیپ اس دورانیے میں درآمد کی گئی جب وزارت فوڈ سیکورٹی کا قلمدان وزیر اعظم (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 18)

پنجگور، نفرت کی سیاست نے عوام کی سہولت کیلئے ایمبولینسز کو ناکارہ بنا کر آف روڈ کر دیا

ایمبولینسز جنکی اکثریت آف روڈ ہو چکی ہے انکی مرمت اور ٹائر ٹیوب کے کاموں کو مکمل کرنا ناممکن ہوتا جا رہا ہے

پنجگور (یو این اے) پنجگور ریفرنگ اسپتال پنجگور کیلئے سابق 2013 کے دور میں فراہم کرنے والی 20 کے قریب ایمبولینسز عدم توجہی اور 2018 میں بننے والی حکومت کی لاپروائی اور نفرت کی سیاست نے عوام کی سہولت کیلئے ایمبولینسز کو ناکارہ بنا کر آف روڈ کر دیا گیا ہے ایمبولینسز کی مرمت اور انکے ٹائر ٹیوب کے لیے محکمہ صحت حکومت بلوچستان سالانہ جو بجٹ دیتی ہے وہ سالا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 19)

ڈاکٹرز حاضر رہیں، غفلت کی صورت میں سخت کارروائی کرینگے، کمشنر سبی

ڈاکٹر اپنی بہترین صلاحیتوں کے ساتھ مریضوں کا علاج کریں اسپتال میں صفائی کو بھی مزید بہتر بنایا جائے

ایدھی بک بینک پریلیڈی میڈیکل افیسرز کی تعیناتی کے لیے ریکمنڈیشنز بھجوا دی ہے اسپتال میں ڈاکٹرز کی کمی کا یہ معاملہ بھی انشاء اللہ حل ہو جائے گا

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن بشیر احمد بنگلوئی نے اچانک بنچنگ ہسپتال سبی کا دورہ کیا ڈاکٹرز سمیت تمام پیرامیڈکس کی حاضری چیک کی گئی انہوں نے ہسپتال میں قائم ڈائلسس یونٹ، او پی ڈی، او ٹی، ایمرجنسی میں علاج معالجے کی سہولیات کا جائزہ لیا اور ہسپتال میں نئی تعمیر ہونے والی عمارت آئی سی یو کا بھی معائنہ کیا ایم ایس ٹی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر بابر شاہد نے ہسپتال کے تمام شعبہ جات کے حوالے سے کمشنر سبی کو تفصیلی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 21)

کچھ تعلیم دشمن عناصر اپنے مفادات کی خاطر بلیک میل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، بیان

اوستا محمد (نمائندہ خصوصی) بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ کی جانب سے بلوچستان بھر کی طرح اوستا محمد کے امتحانی سینٹر گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج اور گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج اوستا محمد میں ایف ایس سی اور ایف اے کے امتحانات انتہائی بہتر انداز میں ہو رہے ہیں۔ بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن امتحانات کے چیئرمین بورڈ اور کنٹرولر امتحانات کی جانب (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 22)

کوئٹہ، بلوچستان کے سی ایس ایس پاس کرنے والے امیدواروں کا بلوچستان ہائیکورٹ کے چیف جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ دیگر کے ساتھ گروپ فوٹو